# سمندر کا دروازہ

خاص نمبر

PDFBOOKSFREE.PK

اشتیاق احمد

www.pdfbooksfree.pk

# جہاز کہاں ہے

انسپکٹر جمشید، محمود، فاروق اور فرزانہ اپنے شہر کے ایر پورٹ پر موجود تھے، انسپکٹر جمشید کے ایک دوست دور دراز کے ایک ملک سے ان کے ہاں آ رہے تھے۔ تین دن پہلے انھیں اپنے دوست کا تار ملا تھا۔ وہ ان کا ملک دیکھنا چاہتے تھے۔ ان کے بیوی بچے بھی ان کے ساتھ آ رہے تھے۔ جہاز کی آمد میں ابھی نصف گھنٹا باقی تھا۔ چاروں ایسے میں ایر پورٹ کے ریسٹوران میں بیٹھے چائے پی رہے تھے۔ کیوں کہ وقت شام کا تھا اور یہ ان کا چائے کا وقت تھا۔

"آپ کے دوست مسٹر جیری کا ذکر پہلے تو کبھی سننے میں نہیں آیا۔" فاروق کہہ رہا تھا۔

"طالب علمی کے زمانے میں دوست بنا تھا۔ جب میں ٹریننگ کے لیے بیرونِ ملک تھا۔" وہ بولے۔

"لیکن اتنا عرصہ گزر جانے کے بعد اچانک انھیں آپ کی یاد کس طرح آ گئی؟" محمود کے لہجے میں شک تھا۔

www.pdfbooksfree.pk



"اس بات کا ذکر اس نے اپنے خط میں کیا تو ہے۔ وہ ہمارا ملک دیکھنا چاہتا ہے۔ ایسے میں ہی یاد آ سکتا تھا۔" وہ مسکرائے۔

"ہو سکتا ہے۔ ملک کی سیر صرف بہانہ ہو۔ اور کوئی اور چکر ہو۔" فرزانہ نے خیال ظاہر کیا۔

"ہاں کیوں نہیں۔ اس کا بھی امکان ہے، لیکن ایک بات اور ہے جس کی بنا پر یہ کہنا پڑے گا کہ کوئی چکر نہیں ہو سکتا۔ اور وہ یہ کہ میرا دوست بیوی بچوں سمیت آ رہا ہے۔"

"ہوں! خیر۔ ان کے آ جانے کے بعد ہی کچھ کہا جا سکتا ہے، ویسے ایسی پُر اسرار آمد ہمیشہ ہمیں اُلجھنوں سے دو چار کر دیتی ہے۔" فرزانہ نے منہ بنایا۔

"شکر کرو ابھی صرف دو چار ہی کرتی ہے۔ اگر چار آٹھ کرنے لگ گئی تو کیا ہو گا۔ یہ سوچ لو۔" فاروق مسکرایا۔

"سوچ لیا۔ یہ کہ اب تم اوٹ پٹانگ باتیں کرو گے۔" محمود نے منہ بنایا۔

"ان حالات میں جب کہ جہاز کے آنے میں کچھ وقت باقی ہے۔ اور ہم یہاں بیٹھے چائے پی رہے ہیں۔ ایک آدھ بات اگر اِدھر اُدھر کی یا بقول تمہارے اوٹ پٹانگ ہو جائے تو تمہارا کیا حرج ہے۔" فاروق نے جلے کٹے انداز میں کہا۔

"بات معقول ہے۔" فرزانہ مسکرائی۔

"حیرت ہے۔ تم بھی اس کا ساتھ دے رہی ہو۔" محمود نے فرزانہ کو گھورا۔

"ہاں واقعی فرزانہ۔ تمہیں تو صرف اور صرف محمود کا ساتھ دینا چاہیے۔ بے چارہ اکیلا رہ کر تو میرا ذرا سا بھی مقابلہ نہیں کر سکتا۔" فاروق کے لہجے میں شوخی تھی۔

"یہ تو خیر تمہاری خوش فہمی ہے۔ ابھی اور اسی وقت دو دو ہاتھ کر لو۔" محمود مسکرایا۔

"لو۔ پہنچ گئے دو دو ہاتھ پر۔ جب کہ میں بات کر رہا تھا باتوں کے مقابلے کی۔"

"تم باتیں کرو بھئی۔ میں ذرا معلومات والی کھڑکی سے پوچھ کر آتا ہوں۔ اس مرتبہ اس کا آدھ گھنٹے کا اعلان پورا ہو رہا ہے یا نہیں۔ تین گھنٹے تو ہو گئے اسے یہ کہتے ہوئے کہ نصف گھنٹے تک آ رہا ہے۔"

"جی بہتر۔ لیکن ابا جان ابھی تو صرف پندرہ منٹ گزرے ہیں، اصولی طور پر تو آپ کو پندرہ منٹ بعد جا کر معلوم کرنا چاہیے۔" محمود نے کہا۔

"پندرہ منٹ گزرنے کے بعد وہ یقین سے تو کہہ ہی سکتا ہے نا۔" وہ مسکرائے اور ریسٹوران سے باہر نکل گئے۔

"جہاز کو بھی آج ہی لیٹ ہونا تھا۔"

"ایسی بات نہیں، ہم یہاں ہر روز تو نہیں آتے، جہاز تو عام

www.pdfbooksfree.pk

طور پر لیٹ ہوتے ہی رہتے ہیں۔" محمود بولا۔

"کم از کم ہماری باری میں لیٹ نہ ہوتا — لیکن — جہاز بے چارے کو کیا پتا — ہم کتنے مصروف ہیں۔" فاروق بڑبڑایا۔

"اب صرف پندرہ منٹ کی بات رہ گئی ہے۔" فرزانہ نے اُکتا کر کہا، پھر چونک اُٹھی،

"ہائیں — یہ انکل خان رحمان اور پروفیسر انکل کہاں چلے آ رہے ہیں۔"

محمود اور فاروق نے جلدی سے ریسٹوران کے دروازے کی طرف دیکھا۔ ان دونوں نے بھی انہیں دیکھ لیا — وہ تیر کی طرح ان کی طرف آئے۔

"خیر تو ہے بھئی — تم اور یہاں۔" خان رحمان کے لہجے میں حیرت تھی۔

"ہم بھی آپ سے یہی کہنے والے تھے۔" محمود مسکرایا۔

"ہمارے تو کچھ دوست بیرونِ ملک سے آ رہے ہیں۔" پروفیسر داؤد بولے۔

"بھئی واہ — یہی معاملہ ادھر بھی ہے۔" فرزانہ ہنسی۔

"اوہو اچھا — تب تو خوب گزرے گی جو مل بیٹھیں گے دیوانے دو۔" پروفیسر نے خوش ہو کر کہا۔

"جی کیا فرمایا — دیوانے دو — دونوں طرف کے مہمان آ جانے کے بعد تو دیوانے ہی دیوانے نظر آئیں گے۔" فاروق کے لہجے میں شوخی تھی۔



"لیکن بھئی .... تمہارے مہمان کون سی پرواز سے آ رہے ہیں؟"

"آر کے ۲۱۹ سے۔"

"ہائیں ہائیں۔" پروفیسر داؤد نے حیرت سے آنکھیں پھیلائیں۔

"تو آپ کے دوست بھی ...." محمود نے جملہ نامکمل چھوڑ دیا۔

"ہاں بھئی ... ہم تو بہت دیر سے آئے ہوئے ہیں لیکن ہم دوسری طرف گھومتے پھرتے رہے ... اور تم لوگ ادھر تھے ... اس لئے ملاقات نہ ہو سکی .... پتا نہیں اس جہاز کے بچے کو کیا ہو گیا ہے۔" خان رحمان نے تلملاتے ہوئے لہجے میں کہا۔

"کس کے بچے کی بات کی تم نے۔" پروفیسر داؤد بے دھیانی کے عالم میں بولے۔

"جہ .... جہاز کے بچے کی۔" فاروق بول پڑا۔

"اچھا ... ہائیں کیا کہا ... جہاز کا بچہ ... ارے باپ رے۔"

"لیکن انکل ... اس میں گھبرانے، پریشان ہونے اور حیران ہونے کی کیا ضرورت ہے ... جن چھوٹے چھوٹے جہازوں کے ذریعے پائلٹ لوگ تربیت لیتے ہیں۔ ان کو جہاز کے بچے بھی تو کہا جا سکتا ہے۔"

"ہاں ان کو تو کہا جا سکتا ہے لیکن وہ جو آ رہا ہے ...۔"

پروفیسر داؤد کے الفاظ درمیان میں ہی رہ گئے ... اس وقت ایکسکیوز جیٹ اندر داخل ہوتے نظر آئے تھے۔ نزدیک آنے پر انہوں نے کہا۔

"میں تو یہاں تین کو چھوڑ گیا تھا۔ تین سے پانچ کیسے ہو گئے۔"

www.pdfbooksfree.pk



"اسے خوب صورت اتفاق کہتے ہیں؟" پروفیسر بولے۔

"جہاز کا کیا رہا۔"

"اپنی زندگی کی حیرت انگیز ترین خبر سننے کے لیے تیار ہو جاؤ۔"

"جی کیا مطلب؟" فرزانہ چونکی۔

"نہیں ابا جان... ہم تو اپنی زندگی کی نہ جانے کتنی حیرت انگیز ترین باتیں سن اور دیکھ چکے ہیں؟" فاروق کے لہجے میں حیرت تھی۔

"چلو یوں کہہ لو کہ ان میں ایک اور کا اضافہ کر لو۔" انسپکٹر جمشید مسکرائے۔

"بہت بہتر... آپ کہتے ہیں تو کر لیتے ہیں اضافہ۔" فاروق مسکرایا۔

"اور خبر یہ ہے کہ جہاز غائب ہو گیا ہے۔"

"کیا؟..." وہ سب چلا اٹھے۔

ریستوران میں موجود لوگ بھی اچھل پڑے... پھر وہ سب انسپکٹر جمشید کے گرد جمع ہو گئے۔

"آپ نے کیا کہا جناب۔" کئی آوازیں ابھریں۔

"ایئر پورٹ کے افسران دراصل نہیں بتا نہیں رہے تھے لیکن اب وہ بتانے پر مجبور ہو گئے ہیں۔"

"کیا بتانے پر مجبور ہو گئے ہیں کہ جہاز غائب ہے؟"

"ہاں! ساڑھے چار سو مسافروں کا جہاز غائب ہے۔"



"ان... ان کا مطلب ہے... جہاز کہیں گر کر تباہ ہو گیا ہے۔"

"نہیں... ایسی کوئی اطلاع نہیں ملی... جہاز کو کہیں گرتے ہوئے نہیں دیکھا گیا.... اس کو تین گھنٹے پہلے یہاں پہنچ جانا چاہیئے تھا.... لیکن تین گھنٹے پہلے جس ایئر پورٹ سے اڑا اس سے لے کر ہمارے ملک کے فضائی راستے تک چیکنگ کر لی گئی ہے... جہاز کا کہیں پتا نہیں ہے۔ نہ کہیں اس کا ملبہ بکھرا ملا ہے۔"

"یہ... یہ کیسے ہو سکتا ہے؟" چیخیں آوازیں ابھریں۔

"اسی لئے میں نے کہا تھا نا کہ حیرت انگیز خبر سننے کے لئے تیار ہو جائیں۔" وہ بولے۔

"لیکن یہ کیسے ممکن ہے۔"

"اس سوال کا جواب تو ایئر پورٹ حکام کے پاس نہیں ہے۔ میں کیا بتا سکتا ہوں۔" انہوں نے کندھے اچکائے اور پھر سب لوگ معلومات کی کھڑکی کی طرف دوڑ پڑے۔ صرف وہ وہاں بیٹھے رہ گئے۔

"یہ... یہ میں نے کیا سنا ہے جمشید۔ آخر جہاز فضا ہی فضا میں کس طرح غائب ہو سکتا ہے۔" خان رحمان بولے۔

"ہزاروں سوال ذہن میں اٹھ رہے ہیں خان رحمان، لیکن ماہرین کی عقلیں بھی جواب دے چکی ہیں.... آؤ ہم بھی چلیں دیکھیں تو سہی... ماہرین کیا کہتے ہیں۔"

www.pdfbooksfree.pk

وہ ریسٹوران سے نکل آئے... تمام لوگ معلومات کی کھڑکی کے سامنے جمع تھے .... مکھیوں کی بھنبھناہٹ سی گونج رہی تھی۔ ہر کسی کا منہ اڑا ہوا تھا۔

"اس کا تو مطلب ایک اور صرف ایک ہو سکتا ہے" کسی نے ہلکی بلند آواز میں کہا۔

"اور وہ کیا ہے" بیکڑوں آوازیں گونجیں۔

"یہ کہ جہاز کو اغوا کر لیا گیا ہے"

"نہیں نہیں" لوگ چلائے

"حکام نے اس قسم کی کوئی بات نہیں کہی... اگر اس کا امکان تھا تو وہ کہہ دیتے" ایک اور آواز ابھری

"ان صاحب سے پوچھیں نا جو کھڑکی میں بیٹھے ہیں" کئی لوگ چلائے۔

"حضرات .... ابھی ہمارے ڈائریکٹر صاحب آ رہے ہیں... وہ آپ لوگوں کو کچھ بتا سکیں گے، ہمیں آپ سب کی پریشانی کا احساس ہے .... اس ایر پورٹ کا عملہ بھی کچھ کم پریشان نہیں ہے" کھڑکی والے نے بلند آواز میں کہا۔

پھر کھسر پھسر شروع ہو گئی .... مکھیوں کی بھنبھناہٹ گونجنے لگی .... آخر لمبے قد کے ایک صاحب وہاں آتے نظر آئے۔ ان کے پیچھے ایر پورٹ کے عملے کے بہت سے آدمی تھے۔ لمبے صاحب ایک میز پر چڑھ گئے اور یوں گویا ہوئے۔

"حاضرین! اسلام علیکم

اس میں کوئی شک نہیں کہ آر کے دو سو انیس فضا میں غائب ہو چکا ہے تمام ممالک کے فضائی اڈے اس بات کی تصدیق کر چکے ہیں کہ آر کے ۲۱۹ ان کے ایر پورٹ پر نہیں اترا۔ راستوں کا بھی جائزہ لے لیا گیا ہے۔ کہیں بھی جہاز کا ملبہ اور بکھری ہوئی لاشیں نظر نہیں آئیں۔ اس بات کا پوری طرح اطمینان کر لیا گیا ہے کہ جہاز تباہ نہیں ہوا۔ تباہ ہوا ہوتا تو اس کا ملبہ کہیں تو گرتا۔ یہ تو ہو نہیں سکتا کہ جہاز کا ملبہ فضا میں ہی بکھر کر رہ گیا ہو اور نظر نہ آئے تاہم ابھی تلاش جاری ہے... صرف آپ ہی پریشان نہیں ہیں... وہ جہاز انشارجہ سے چلا ہے... انشارجہ کا ہی ہے... اس کا عملہ بھی جہاز میں موجود ہے... لہٰذا پورا انشارجہ پریشان ہے... پھر راستے میں اسے ایک اور ملک میں اترنا تھا... وہاں کچھ مسافر اترنا تھے۔ کچھ مسافر سوار کرنا تھے۔ وہ ملک بھی پریشان ہے آپ سب اور ہم سب بھی پریشان ہیں... لیکن اس

www.pdfbooksfree.pk



پریشانی کا حل یہ نہیں کہ ہم بس سوالات کرتے رہیں چہ میگوئیاں کرتے رہیں .... حل یہ ہے کہ ہم اس کو یاد کریں ... جو ہر چیز پر قادر ہے ... اس کے قبضۂ قدرت میں ہے سب کچھ۔ میں بس یہی کہنے کے لئے حاضر ہوا تھا۔ تمام تر شنیزی اس جہاز کی تلاش میں مصروف ہے، جونہی کوئی اطلاع ملی آپ کو فوراً بتا دی جائے گی۔ ریڈیو اور ٹی وی پر اعلان کیا جائے گا۔ آپ لوگ بلند کریں تو اچھے ....."

ان کے الفاظ درمیان میں رہ گئے۔ ایک آفیسر دوڑتا ہوا ان کی طرف آیا تھا۔

"سر ... ایک اہم اطلاع ملی ہے .... جلدی تشریف لائیے"

"اوہ اچھا" انہوں نے کہا اور پھر لوگوں سے بولے،

"ذرا انتظار فرمائیے"

یہ کہہ کر وہ میز سے اترے اور دوڑتے چلے گئے ... اب لوگوں کی الجھن اور بے چینی میں اور اضافہ ہو گیا .... ایسے میں انسپکٹر جمشید بولے۔

"آیئے بھئی ... بیٹھتے ہیں ... اب یہاں کھڑے رہنے کا کوئی فائدہ نہیں"

وہ ایک صوفے پر آ کر بیٹھ گئے۔

"یہ تو واقعی ہماری زندگی کی حیرت انگیز ترین خبر ہو گی"



فاروق بڑبڑایا۔

"آگے آگے دیکھنا ہوتا ہے کیا" محمود نے منہ بنایا

"آگے آگے پھر دیکھ لیں گے ... اب دیکھے بغیر کہاں رہ سکتے ہیں" فرزانہ مسکرائی۔

"پروفیسر صاحب .... آپ کے ذہن میں کوئی بات آتی ہے آخر یہ کس طرح ہو سکتا ہے"

"ابھی تو ذہن یہی کہہ رہا ہے کہ یہ کس طرح ہو سکتا ہے، لیکن دنیا میں ایسے بہت سے واقعات پہلے بھی ہو چکے ہیں ان کے بارے میں بھی کہا گیا ہے یہ کیسے ہو سکتا ہے لیکن سب ہوا تھا"

"خیر اب دیکھتے ہیں کیا اطلاع ملتی ہے" خان رحمان بولے اور پھر دس منٹ بعد سپیکر پر آواز گونجی۔

"خواتین و حضرات ... توجہ فرمائیں ... آپ سب کے لئے ایک خوشخبری ہے۔ جہاز اچانک فضا میں نظر آ گیا ہے اور اب وہ اپنی منزل کی طرف بڑھ رہا ہے۔ آپ کو تین گھنٹے اور انتظار کرنا پڑے گا ...."

"یہ ... یہ کیا بات ہوئی .... آخر اتنی دیر جہاز کہاں رہا" بہت سے لوگ چلائے۔

ان کی آوازیں ڈائریکٹر صاحب تک پہنچائی گئیں۔ آخر پھر انہیں

www.pdfbooksfree.pk



آئی پڑا... ایک بار وہ پھر میز پر چڑھ گئے۔

"یہ... یہ کیسے ہو سکتا ہے جناب! آوازیں گونجیں۔

"ہو نہیں سکتا... لیکن ہو چکا ہے... جہاز پورے تین گھنٹے فضا میں غائب رہا... اور پھر اچانک نظر آنے لگا۔ اب بالکل درست حالت میں چلا آ رہا ہے بلکہ جہاز سے بھی قائم ہو چکا ہے... پائلٹ اور تمام مسافر بالکل ٹھیک اور اس دنیا کی شاید یہ سب سے حیرت انگیز ترین خبر ہے کہ اس کے عملے اور مسافروں کو قطعاً معلوم نہیں کہ وہ تین گھنٹے تک فضا میں غائب رہے ہیں!

"ہیں... کیا مطلب؟ سب لوگ چلائے۔

"جب پائلٹ سے پوچھا گیا کہ وہ کہاں غائب ہو گیا تھا اس نے حیران ہو کر کہا... کیا مطلب... غائب ہو گیا تھا میں کیوں غائب ہوتا... ابھی چند منٹ پہلے تو میں ہیتھ نوٹ کر رہا تھا اور اپنی خیریت کی اطلاع دی تھی... اس کے اس جواب نے بے شمار الجھنیں پیدا کر دی ہیں۔ اصل بات جہاز کے آنے پر ہی معلوم ہو سکے گی... اتنا ہے جہاز خیریت سے ہے اور تمام مسافر بھی ٹھیک ہیں... لیکن آپ کو تین گھنٹے اور انتظار کرنا ہوگا... پائلٹ نے وہ تین گھنٹے پہلے دی تھی، تھوڑی دیر پہلے نہیں... یہ کہہ کر



میز سے اترے اور چلے گئے۔ لوگ ادھر ادھر ہونے لگے۔ وہ بھی پھر ریسٹوران میں آ پہنچے۔

"آپ کے ذہن میں کوئی بات آئی؟" انسپکٹر جمشید نے پروفیسر داؤد کی طرف دیکھا۔

"نہیں... ذہن الجھا جا رہا ہے... بہرحال جہاز آنے پر ہی پتا چلے گا۔"

"ہوں!" اور وہ سب سوچ میں ڈوب گئے۔

ٹھیک تین گھنٹے بعد اعلان کیا گیا کہ جہاز ایئر پورٹ پر اتر رہا ہے اسے ٹریفک کے گھیرے میں لیا جائے گا۔ پہلے چیکنگ ہو گی پھر مسافروں کو اتارا جائے گا۔ جہاز کا عملہ البتہ اس کے بعد بھی وہیں رہے گا۔"

"میرا خیال ہے... ہمیں اندر چلنا چاہیے۔" انسپکٹر جمشید بولے

"بالکل ٹھیک ہے!" محمود نے خوش ہو کر کہا۔

وہ اٹھے اور رن وے والے دروازے پر پہنچے... جہاں ٹریفک کے جوان موجود تھے... انہیں اپنی طرف بڑھتے دیکھ کر دور سے ہی بولے:

"نہیں جناب... کسی کو اجازت نہیں ہے۔"

"لیکن جناب... ہمیں تو آپ اجازت دے ہی دیں

www.pdfbooksfree.pk

مہربانی ہوگی ؟" فاروق بولا۔

"سوری سر۔" انہوں نے نفی میں سر ہلائے "کسی کو بھی اجازت نہیں ہے۔"

"جیسے آپ کی مرضی۔ اب ذرا اس پر ایک نظر ڈال لیں انسپکٹر جمشید نے اپنا خصوصی اجازت نامہ نکال کر سامنے کر دیا۔

وہ فوراً با ادب ہو گیا اور بولا،

"تشریف لے جایئے جناب۔"

"بہت بہت شکریہ۔"

اور وہ جہاز کے نزدیک ہوتے چلے گئے۔ راستے میں بھی انہیں کئی مرتبہ ٹوکا گیا لیکن جونہی اجازت نامے پر نظر پڑتی راستہ دے دیا جاتا۔

"آج تو یہ بے چارہ بہت کام آ رہا ہے۔" فاروق مسکرایا

"آ تو رہا ہے، لیکن ہم اس کے بغیر بھی یہاں تک آ سکتے تھے۔" انسپکٹر جمشید بولے۔

"شکر ہے۔ یہ جہاز صاحب نظر تو آئے۔ بھلا یہ تین گھنٹے تک کہاں رہے ہوں گے۔ ہیلی کاپٹر تو یہ ہیں نہیں۔"

"ہاں، یہ سوالات تو یہاں موجود تمام لوگوں کے ذہنوں میں گونج رہے ہوں گے۔"

وہ عین جہاز کے سامنے پہنچ گئے۔ ابھی اس کا انجن چل



رہا تھا۔۔۔ انجن کی پُر شور آواز کان پھاڑے جا رہی تھی۔ جہاز کے دروازے ابھی تک بند تھے۔ ملٹری کے جوان جہاز کو پوری طرح گھیرے میں لئے ہوئے تھے اور شاید انہیں کسی کا انتظار تھا آخر ایر پورٹ حکام اور ملٹری کے چند بڑے آفیسر آتے نظر آئے نزدیک آ کر ایر پورٹ آفیسر نے اشارہ دیا۔

"کیپٹن۔۔۔ دروازے کھول دیئے جائیں۔۔۔ مسافروں کو نکل جانے دیا جائے تاہم مسافر ابھی انتظار گاہوں میں ٹھہریں گے۔ شاید ان سے بھی کچھ سوالات پوچھنے کی ضرورت پیش آئے۔"

جہاز کے دروازے کھل گئے۔ مسافر جلدی جلدی باہر نکلنے لگے۔ ان کے چہروں پر کوئی حیرت نہیں تھی۔ تمام مسافر خوش تھے۔ ہنستے مسکراتے باہر نکل رہے تھے۔ البتہ ملٹری کا گھیرا دیکھ کر انہیں حیرت ضرور ہو رہی تھی۔۔۔ آخر تمام مسافر جہاز سے اتر گئے۔ اب عملے کے لوگ اترنے لگے۔ فوراً ہی فوجی دستہ آگے بڑھا اور ان کے گرد ایک اور گھیرا ڈال دیا گیا۔

"اب بتایئے کیپٹن۔۔۔ آپ چھ گھنٹے کہاں رہے۔"

"یہ سوال ہم سے فضا میں بھی پوچھا جا چکا ہے، لیکن ہم چھ گھنٹے کیا۔۔۔ چھ منٹ۔۔۔ بلکہ چھ سیکنڈ بھی کہیں نہیں رہے۔۔۔ یہ دیکھئے ہماری گھڑیاں۔۔۔ بالکل ٹھیک تین بجا رہی ہیں۔ جہاز کے یہاں پہنچنے کا وقت بھی بالکل ٹھیک تین بجے

www.pdfbooksfree.pk



دوپہر کا ہے۔

سب نے ان کی گھڑیوں پر نظریں ڈالیں۔ واقعی تین ک
رہے تھے اور تاریخ بھی وہی تھی ... اب ایر پورٹ حکام ن
اپنی گھڑیاں جہاز کے عملے کے آگے کر دیں اور بولے:

ہم سب کی گھڑیوں پر اس وقت نو بج رہے ہیں۔ سو
بہت دیر ہوئی غروب ہو چکا ہے۔ آپ ذرا اپنے ارد گرد پر
دیکھ لیں۔

عملے نے جونہی آسمان کی طرف دیکھا ان کے منہ کھلے کے
کھلے رہ گئے ... پھر ان کے منہ سے ایک ساتھ نکلا:

"یہ ... یہ کیسے ہو سکتا ہے۔

## حیرت در حیرت

چند لمحے تک خاموشی طاری رہی، آخر ایک آفیسر نے کہا
"یہی تو ہم کہتے ہیں کہ یہ کیسے ہو سکتا ہے۔ آپ کا جہاز
چھ گھنٹے لیٹ پہنچا ہے۔ ایر پورٹ کا ہر آدمی یہ بات آپ
کو بتائے گا۔ سیکڑوں لوگ ان مسافروں کا چھ گھنٹے انتظار کر
چکے ہیں۔ جہاز کو یہاں دوپہر کے ٹھیک تین بجے پہنچ جانا
چاہیئے تھا۔ ہمارے آلات اور نزدیکی ایرپورٹوں نے اچانک ہمیں
بتایا کہ جہاز فضا میں سے اچانک غائب ہو گیا ہے اور کوشش
کے باوجود کہیں نہیں دیکھا جا رہا۔ یہ خبر حیران کن ترین تھی....
سب نے ہی خیال کیا کہ جہاز میں خرابی ہو گئی اور زمین پر گر گیا۔
اس لئے زمین پر اس کی تلاش شروع ہو گئی۔ لیکن اس تمام رات
میں کہیں سے بھی جہاز کے گرنے کی خبر نہ مل سکی ... اور ہم لوگ
حیرت کے سمندر میں ڈوبتے گئے۔ اس سے زیادہ دلچسپ بات
آج تک سنی نہیں گئی تھی ... کہ فضا میں اڑتا ہوا ایک جہاز

www.pdfbooksfree.pk



اچانک غائب ہو جاتے ۔ نہ وہ زمین پر گرا ہو ۔ ۔ ۔ نہ فضا
کہیں نظر آئے ۔ ۔ ۔ تو وہ آخر جا کہاں سکتا ہے ۔ اس سوال
نے سب کو چکرا دیا ۔ ہم لوگوں کو ان لمحات میں ہزاروں چکر
تو ضرور آئے ہوں گے ۔ اور پھر تین گھنٹے پہلے اطلاع ملی کہ
اچانک فضا میں نظر آ گیا ہے ۔ اس وقت پھر آپ لوگوں سے
قائم کیا گیا تو آپ کی طرف سے کسی حیرت کا اظہار نہ ہوا ۔ ۔ ۔ اور
نے بتایا کہ آپ معمول کے مطابق آ رہے ہیں ۔

"ہاں ! بالکل یہی بات ہے" کیپٹن نے کہا ۔

"دیکھئے کیپٹن ہوگر ۔ ۔ ۔ ہم سب جانتے ہیں کہ جہاز چھ گھنٹے
زائد فضا میں رہا ہے ۔ ۔ ۔ لیکن آپ اس بات کو نہیں مانتے ۔ ۔
جب کہ یہاں کا وقت آپ سے کہہ رہا ہے کہ اس بات کو
ماننا ہو گا ۔"

"اس بات پر تو میرا دماغ گھومنے لگا ہے" کیپٹن
ہوگر نے کہا ۔

"اچھا ۔ ۔ ۔ ایک اور بات ہے ۔ ۔ ۔ ہم جہاز کا تیل چیک
کر لیتے ہیں ۔ ۔ ۔ آپ معمول کے مطابق جب اس طرف سے چلتے
ہیں تو تیل کی ٹنکی بھروا کر چلتے ہیں ۔ ۔ ۔ اور یہاں پہنچنے پر
کتنا تیل باقی ہوتا ہے ۔"

"تقریباً چار سو لیٹر کا باقی ہوتا ہے ۔"



"اور اس وقت کتنا باقی ہے ؟"

"جب میں نے فضا میں آپ لوگوں کی بات سنی تھی اس
وقت میں نے سب سے پہلے تیل کی پوزیشن بتانے والی
سوئی پر ہی نظر ڈالی تھی ۔ آپ کو یہ سن کر حیرت ہو گی کہ
اس وقت تیل معمول کے مطابق چار سو لیٹر باقی ہے ۔ ۔ ۔ ۔
بے شک آپ خود چیک کر لیجئے ۔"

"نہیں ۔ ۔ ۔ یہ کیسے ہو سکتا ہے" ایر پورٹ حکام ایک ساتھ
چلائے ۔

"میں نے کہا نا ۔ ۔ ۔ چیک کر لیں سر ۔"

پٹرول چیک کیا گیا ۔ کیپٹن ہوگر کا بیان درست ثابت ہوا ۔

"اف مالک ۔ ۔ ۔ یہ سب کیا ہے ۔ ۔ ۔ جہاز یہاں چھ گھنٹے
دیر سے پہنچا ہے ۔ اس دوران فضا میں کہیں ٹھہر تو سکتا
نہیں تھا لہٰذا انجن چلتا رہا ہے ۔ ۔ ۔ اس لحاظ سے چھ گھنٹے
تک پٹرول خرچ ہوتا رہا ہے اور چار سو لیٹر پٹرول کسی
صورت بھی نہیں بچ سکتا ۔ ۔ ۔ ۔ لیکن پٹرول موجود ہے ، اور
ادھر یہاں وقت چھ گھنٹے زیادہ گزر چکا ہے ۔ آخر اس
بات کا جواب کون دے گا ۔"

کیپٹن ہوگر سر پکڑ کر بیٹھ گیا ۔ ۔ ۔ باقی لوگوں کی حالت بھی
بہتر نہیں تھی ۔ ان کے سر جھکے ہوئے تھے ۔

www.pdfbooksfree.pk



"یہ واقعہ شاید دنیا کا آٹھواں عجوبہ ہے۔" ایک مٹری انجینیر بولے۔

"وہ تو خیر ہوگا... سوال یہ ہے کہ ہم اس کا جواب کیسے تلاش کریں۔ یہ کیسے ہو سکتا ہے؟"

"چند واقعات ایسے تو ہو چکے ہیں کہ جہاز فضا میں سے اچانک غائب ہو گئے اور پھر ان کا آج تک پتا نہیں چلا لہٰذا ان کے بارے میں جان لیا گیا کہ وہ جہاز سمندر میں گر کر ڈوب گئے اور کچھ بھی نہ بچ سکا۔ لیکن یہ واقعہ... اپنی نوعیت کا حیرت انگیز ترین کہا جا سکتا ہے۔"

ایسے میں انسپکٹر جمشید آگے بڑھے اور بولے:

"اجازت ہو تو میں کچھ عرض کروں؟"

سب کے سب ان کی طرف گھوم گئے... ان کی آواز ایسی با رعب تھی۔

"جی فرمایئے... پہلے تعارف ہو جائے، آپ ہیں کون؟" انجینیر نے طنزیہ لہجے میں کہا۔

"میں انسپکٹر جمشید ہوں... اور یہ" انہوں نے باقی لوگوں کا بھی تعارف کروایا۔

"اوہو... آپ لوگ تو بہت مشہور و معروف ہستیاں ہیں خیر... فرمایئے۔ آپ کیا رائے پیش کرنا چاہتے ہیں؟"



"یہ مسئلہ یہاں کھڑے ہو کر طے نہیں ہو سکتا... پہلی بات تو یہ کہ ہمیں کہیں چل کر اطمینان سے بیٹھ جانا چاہیئے اور چند ماہر ڈاکٹروں اور انجینیروں کو بلا لینا چاہیئے۔"

"ڈاکٹروں اور انجینیروں کو؟" وہ مسکرائے۔

"آپ بلا تو لیں پہلے؟"

ان کی ہدایت پر عمل کرنے کے سوا وہ اور کر ہی کیا سکتے تھے... ان لوگوں کو خود تو کچھ سوجھ نہیں رہا تھا۔ جلد ہی وہ سب کانفرنس روم میں موجود تھے اور ماہر ترین ڈاکٹر اور انجینیر بھی آ چکے تھے۔ انسپکٹر جمشید نے ان لوگوں کو بھی تمام واقعہ پوری وضاحت کے ساتھ سنایا۔ ان کے چہروں پر پہلے ہی حیرت کا سمندر موجیں مار رہا تھا۔ وضاحت کے بعد انسپکٹر جمشید بولے:

"میں پائلٹ صاحبان سے ایک بات پوچھتا ہوں۔ آپ لوگوں نے کھانا کب کھایا تھا؟"

"پچھلے ایر پورٹ سے پرواز کرنے کے بعد" کیپٹن بوگر نے کہا۔

"گویا ساڑھے نو گھنٹے پہلے" انسپکٹر جمشید بولے۔

"نہیں جناب ساڑھے تین گھنٹے پہلے" کیپٹن بوگر کے لہجے میں حیرت تھی۔ وہ حیران تھا کہ انسپکٹر جمشید کھانے کی بات یوں پوچھ رہے ہیں۔

www.pdfbooksfree.pk



اب انسپکٹر جمشید ڈاکٹر صاحبان کی طرف مڑے۔

"ڈاکٹر صاحب: ان لوگوں نے کھانا ہمارے حساب سے ساڑھے نو گھنٹے پہلے کھایا تھا... ہمارے وقت کے لحاظ سے لیکن ان کا کہنا ہے کہ انہوں نے کھانا ساڑھے تین گھنٹے پہلے کھایا تھا.... ہمارے حساب سے وہ کھانا ان کے معدے میں اب موجود نہیں ہونا چاہیے کیونکہ چھ گھنٹے میں کھانا ہضم ہو جاتا ہے۔ لیکن اگر ساڑھے تین گھنٹے گزرے ہیں تو کھانا ان کے معدوں میں موجود ہو گا۔ بس آپ صرف یہ چیز چیک کر لیں۔"

"اوہ... اب سمجھ میں بات آئی کہ آپ کیوں یہ پوچھ رہے تھے۔" کیپٹن برگر مسکرایا۔

"پہلے تو کیپٹن صاحبان خود ہی بتا دیں کیا وہ جھوٹ بول رہے ہیں؟" ایک ڈاکٹر نے مسکرا کر پوچھا

"نہیں۔ ابھی تو ہم تین گھنٹے بعد کھانا کھائیں گے۔"

"وہی کرنا ہو گا جو میں نے کہا ہے۔" انسپکٹر جمشید نے کہا

"اچھی بات ہے۔ ہم ابھی ان لوگوں کے معدوں کو چیک کر لیتے ہیں... آیئے صاحبان۔"

ڈاکٹر انہیں لے کر ایک دوسرے کمرے کی طرف چلے گئے۔

اب انسپکٹر جمشید انجنیئروں کی طرف بڑھے۔

"آپ جہاز چیک کریں اور اس میں کسی تبدیلی کا



چلائیں۔"

"اچھی بات ہے۔" انہوں نے کہا اور اٹھ کر جہاز کی طرف چلے گئے۔ ان کے جانے کے بعد انسپکٹر جمشید بولے:

"گھڑیاں پیچھے کی جا سکتی ہیں۔ جہاز میں پٹرول ڈلوایا جا سکتا ہے لیکن ان لوگوں نے کھانے کا حساب ہرگز نہیں رکھا ہوگا۔"

"کیا مطلب... آپ کیا کہنا چاہتے ہیں؟" ایئر پورٹ کے ایک آفیسر نے حیرت زدہ انداز میں کہا۔

"یہ کہ... ان لوگوں نے کوئی سازش کی ہے۔ جہاز کو اچانک کسی نامعلوم جگہ اتارا ہے... کیوں اتارا ہے... یہ بات جمیں معلوم کرنا ہو گی۔"

"بالکل! اب تو یہ کیس ہماری جانوں کے ساتھ چپک کر رہ جائے گا..." فاروق بولا۔

اسی وقت ڈاکٹر صاحبان آ گئے۔ ان کے چہروں پر حیرت تھی۔

"کھانا ان کے معدوں میں ابھی تک موجود ہے اور اسے مکمل طور پر ہضم ہوتے میں تین گھنٹے لگیں گے۔"

"اوہ!" ان کے منہ سے ایک ساتھ نکلا۔ پھر وہ محمود، فاروق اور فرزانہ کی طرف بڑھے۔

"تم ڈاکٹر صاحب کے ساتھ جہاز کے مسافروں کے پاس جاؤ

www.pdfbooksfree.pk



ان میں سے بھی چند ایک کے معدے چیک کرنا ہوں گے
ان کے بیانات بھی لے لینا کہ کتنی دیر پہلے انہوں نے کا
کھایا تھا۔"

"جی بہتر... آیئے جناب!" وہ تینوں ڈاکٹروں کو سا
لے کر چلے گئے۔

"آپ اپنے ملک کے لئے کیا کر سکتے ہیں۔" انسپکٹر جمشید
نے اچانک پائلٹوں سے پوچھا، ساتھ ہی ان کی نظریں ان کے
چہروں پر گڑ گئیں۔

"جو بھی حکم دیا جائے... ہم ملک کے لئے جان کی بازی
لگانے کے لئے بھی تیار ہیں۔" ایک نے کہا۔

"آپ کے ساتھ راستے میں گڑبڑ تو نہیں ہوئی۔ جہاز کا
اغوا تو نہیں کر لیا گیا تھا۔"

"ہرگز نہیں... ایسی کوئی بات نہیں ہوئی بلکہ کسی قسم
کی بھی کوئی بات نہیں ہوئی... ہم نے اپنا سفر بالکل طے
کے مطابق طے کیا ہے۔ اور اپنے حساب سے بالکل ٹھیک وقت
پر یہاں پہنچے ہیں۔ ایک منٹ کا بھی تو فرق نہیں ہے...
اب یہ اور بات ہے کہ جب ہم یہاں پہنچے تو چھ گھنٹے کا
وقت لاندھ گزر چکا تھا.... پر یہ کس طرح ہو سکتا ہے، ہم
کچھ نہیں جانتے۔" دوسرے نے جذباتی انداز میں کہا۔ اب انسپکٹر



جمشید اس آفیسر کی طرف مڑے اور مسکراتے ہوئے بولے:
"آپ کا خیال بالکل درست ہے۔"
"کک... کون سا خیال؟" وہ چونکے۔
"یہ کہ یہ تینوں فٹ ہیں۔ ان پر کسی قسم کا شک نہیں کیا
جا سکتا۔"
"ہاں... لیکن... پھر... اس واقعے کو ہم کس طرح ہینڈل کریں۔"
ایک اور آفیسر بولے۔
"واقعے پر غور کیا جائے گا، اور جو کچھ بھی کرنا پڑے گا وہ
کریں گے۔"
تھوڑی دیر بعد انجینئر بھی آ گئے۔ ان کے انچارج نے کہا
"جہاز بالکل ٹھیک ہے... لیکن...."
"لیکن کیا؟" وہ چونکے۔
"ایک عجیب بات محسوس ہوئی ہے، اور پھر اس بات کو
سمجھ نہیں سکے۔"
"جلدی بتائیں۔"
"جہاز کا رنگ بالکل سفید تھا۔ اب قدرے بھورا ہو گیا ہے۔"
"اوہ!" ان کے منہ سے نکلا۔
"کیپٹن صاحب: آپ تو ہر وقت جہاز کو دیکھتے رہے ہیں
ذرا جا کر اس چیز کا بھی جائزہ لے آئیں۔" انسپکٹر جمشید نے

www.pdfbooksfree.pk



حیرت زدہ انداز میں کہا۔

"جی بہتر" تینوں نے کہا اور باقی عملے کو بھی ساتھ لے چلے گئے۔

اسی وقت ڈاکٹرز صاحبان کے ساتھ محمود، فاروق اور فرزانہ آ گئے۔

"ان کے معدوں کا بھی وہی حال ہے۔ معدوں میں کچھ ابھی موجود ہے اور اسے ہضم ہونے میں تین گھنٹے لگیں گے۔"

"ہوں، خیر... دیکھتے ہیں" یہ کہہ کر وہ خلا میں تکنے لگے۔

"اور کوئی خاص بات معلوم ہوئی؟" محمود نے پوچھا۔

"جہاز کی مشینری بالکل ٹھیک ہے۔ کہیں کوئی فرق نہیں ہے... بس ایک فرق نظر آیا ہے... اور وہ یہ کہ جہاز کا رنگ سفید تھا لیکن اب بھورا ہو گیا ہے۔"

"بھورا ہو گیا ہے... وہ... وہ کیسے؟" فرزانہ حیران ہو کر بولی۔

"یہ ابھی نہیں کیا معلوم" انسپکٹر جمشید مسکرائے۔

اسی وقت پائلٹ آ گئے۔ ان کے چہروں پر حد درجہ حیرت نظر آ رہی تھی۔

"واقعی جناب.... جہاز کا رنگ بھورا ہو چکا ہے... کسی ایک جگہ سے نہیں پورا جہاز بھورا ہو چکا ہے... اور یہ کوئی کم حیرت کی بات نہیں ہے۔"



"اللہ اپنا رحم کرے" معاملہ سلجھنے کی بجائے ہر جگہ الجھتا ہی جا رہا ہے... خیر... اب مسافروں کو جانے دیا جائے۔ وہ بے چارے تو پہلے ہی بہت لیٹ ہو چکے ہیں... اوہ ہم اپنے مہمانوں کو تو بھول ہی گئے۔ اب ہم بھی چلتے ہیں۔ اور اس سلسلے میں کام شروع کرتے ہیں۔

ایر پورٹ حکام کچھ نہ بولے... بولتے بھی کیا... ان کی تو مقلیں دنگ تھیں... وہ مسافروں کی طرف آ گئے۔ لیکن ان کے مہمان کہیں بھی نظر نہ آئے۔

"ہمارے مہمان تو ان مسافروں میں نہیں ہیں" انسپکٹر جمشید بولے۔

"ہو سکتا ہے کسی وجہ سے سوار ہی نہ ہوئے ہوں"

"اس صورت میں انہیں فون کرنا چاہیے تھا" انسپکٹر جمشید بڑبڑائے۔

"اور... الگل... آپ کے مہمان؟"

"وہ بھی نظر نہیں آ رہے"

"یہ ایک اور عجیب بات ہوئی" محمود نے منہ بنا کر کہا۔

"یوں کہنا چاہیے... آج کا دن عجیب ترین باتوں کا دن ہے" فاروق بولا۔

"آیئے چلیں۔ گھر چل کر انہیں فون کرتے ہیں"

www.pdfbooksfree.pk



"لیکن ابا جان۔ پہلے یہاں یہ تو معلوم کر لیں کہ جہاز
مسافر لے کر چلا تھا اور اب کتنے ہیں۔"

"اوہ ... ارے!" ان کے منہ سے نکلا۔ پھر وہ سا
کی طرف دوڑ پڑے۔ ابھی مسافروں کے جانے کے لئے
نہیں کھولا گیا تھا لیکن کھولا جانے ہی والا تھا۔

"ایک منٹ جناب .... ایک بات رہ گئی۔ ابھی چند
کے لئے انہیں اور روکنا پڑ گیا۔ بس صرف چند منٹ ...
ہے آپ محسوس نہیں کریں گے۔ معاملہ ہی اب کچھ پُراسرار
یہ الفاظ انہوں نے مسافروں کی طرف دیکھ کر کہے ... پھ
عملے کی طرف دوڑے۔

"ایک بات رہ گئی جناب! آپ کل کتنے مسافروں کو
کر روانہ ہوئے تھے۔

"۴۱۳ مسافر!"

"شکریہ ... آیئے ... آپ بھی مدد کریں ... ہمیں تمام
کو گننا ہے۔"

"کیا مطلب .... مسافروں کو گننا ہے!"

"ہاں! ہمارے مہمان مسافروں میں شامل نہیں ہیں، جب
آخری اطلاع کے مطابق وہ جہاز میں سوار ہوتے تھے۔" انہ
نے جلدی جلدی کہا۔



نے جلدی جلدی کہا۔

"نہیں نہیں ... یہ کیسے ہو سکتا ہے!"

"یہ جملہ تو ہم بہت دیر سے بول رہے ہیں ... یہ کیسے
ہو سکتا ہے!" فاروق نے کہا۔

اب سب مسافروں کی طرف دوڑ پڑے ... ان کی گنتی
شروع ہو گئی ... اور پھر ان سب کے پیروں تلے سے زمین
نکل گئی۔

چار سو تیرہ مسافروں میں سے وہاں صرف ۳۹۹ مسافر
موجود تھے ... گویا چودہ مسافر غائب تھے۔

اور وہ سب سر پکڑ کر بیٹھ گئے۔

www.pdfbooksfree.pk



# نوٹ بکیں

گھر آ کر انہوں نے اپنے مہمانوں کے نمبر ملائے... دوسری طرف سے انہیں بتایا گیا کہ وہ تو جہاز پر سوار ہو کر جا چکے ہیں.... پروفیسر داؤد کے مہمان بھی جہاز پر سوار ہو چکے تھے۔

"جمشید... ہمارے مہمان کہاں گئے۔"

"صرف ہمارے مہمان ہی نہیں، چند اور آدمی بھی" انسپکٹر جمشید بولے۔

"ہاں یونہی سہی۔ وہ کہاں گئے؟"

"پروفیسر صاحب... یہ آپ مجھ سے پوچھ رہے ہیں... اس سوال کا جواب تو پامٹ بھی نہیں دے سکے۔ بلکہ وہ تو مارے حیرت کے بے ہوش ہو چکے ہیں۔ ان کے ہوش میں آنے پر بھی ان سے کچھ معلوم نہیں ہو سکتا... اب ہمیں گھر نکلنا ہو گا... پھر جہاز کے پورے راستے کو چیک کریں گے"



انہوں نے جلدی جلدی کہا۔

"کیا کہہ رہے ہو جمشید... یہ کوئی آسان کام ہے؟"

"نہیں... آسان کام نہیں ہے... بہت مشکل کام ہے لیکن ہمیں کرنا تو پڑے گا۔ اور ہم کر ہی کیا سکتے ہیں... کیا ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر بیٹھ جائیں؟"

"نہیں... ہمیں واقعی کچھ کرنا ہو گا... جو لوگ غائب ہوئے ہیں ان کے گھر والوں کا کیا حال ہو گا... یہ بھی تو مسئلہ ہے... اور پھر جہاز کا مسئلہ الگ پریشان کن ترین مسئلہ ہے۔ آخر جہاز چھے گھنٹے کہاں غائب رہا... اب تو پامٹ بھی اس بات سے انکار نہیں کر سکے... کیونکہ چودہ آدمی غائب ہیں اگر جہاز کہیں نہیں رکا تو یہ چودہ آدمی کہاں گئے۔ ہمیں پامٹ سے کم از کم اس سوال کا جواب تو معلوم کرنا ہو گا۔"

"ہاں! ہم کریں گے... لیکن... پہلے ہوش میں تو آ جائیں" انسپکٹر جمشید کھوئے کھوئے انداز میں بولے۔

"میں حیرت کے سمندر میں ڈوبا جا رہا ہوں" فاروق بڑبڑایا۔

"بھائی آپ ڈوب ہی جائیں" محمود نے منہ بنایا۔

"فاروق... تمہیں... تمہیں ایسے میں مذاق کی سوجھی ہے" انسپکٹر جمشید تلملا اٹھے۔

www.pdfbooksfree.pk



"اور کیا کر سکتا ہوں... جہاز کے معاملہ کا کوئی حل بتانے سے رہا... یہ کام تو کرے گی فرزانہ؟"

"اوہ فرزانہ!" سب کے منہ سے نکلا۔

"اوہ فرزانہ نہیں، صرف فرزانہ... ورنہ فرزانہ بُرا مان جائے گی۔"

"کیا فرزانہ فرزانہ لگا رکھی ہے!" انسپکٹر جمشید جل گئے۔

"میرا خیال ہے جمشید... ہمیں فضائی ماہرین سے مشورہ کرنا چاہیے۔ اس راستے کا جائزہ کس طرح لیا جائے... یہ معلوم کرنا چاہیے۔"

"ہاں یہ بھی کر لیتے ہیں... ویسے ہم شاید ہی کسی نتیجے پر پہنچیں۔"

"تب پھر... غیر ملکی ماہرین کو بلانا ہوگا... اور ہاں ایک بات اور... کہیں دنیا میں اس قسم کا کوئی اور واقعہ پیش آ چکا ہے۔" فرزانہ چلائی۔

"کوئی اور واقعہ... واقعی فرزانہ... تمہارا جواب نہیں... یہ بات کی ہے تم نے۔"

"لیجئے... تعریف فرزانہ کی ہوگئی... حالانکہ توجہ میں نے دلائی تھی۔" فاروق نے منہ بنایا۔

"نہیں فاروق... تمہارا بھی شکریہ... واقعی یہ کام تم



بھی ہے... فرزانہ میری پرانی ڈائریاں اٹھاؤ۔ جلدی کرو۔"

"جی بہتر۔"

"ڈائریوں کا کرو گے کیا جمشید؟"

"دنیا میں جب بھی کوئی عجیب ترین واقعہ ہوتا ہے تو میں اسے ڈائری میں درج ضرور کرتا ہوں۔"

"لیکن جمشید.... اگر اس قسم کا کوئی واقعہ کہیں ہوا ہوتا، تو کیا تم اس کی طرف متوجہ نہ ہوتے؟"

"ہمارے ملک میں واقعے کا ہونا اور بات ہے... دنیا میں کسی جگہ واقعے کا ہونا اور بات ہے۔ اسے میں پوری دنیا کے معاملات میں تو ٹانگ نہیں اڑا سکتا۔" انہوں نے جلدی جلدی کہا۔

اسی وقت فرزانہ ڈائریاں اٹھا لائی۔

"عجیب واقعات میں صفحے کے بالکل اوپر اہم نوٹ کے سامنے لکھتا ہوں... ہر ڈائری کا ہر صفحہ دیکھنا ہوگا.... لہٰذا ایک ایک ڈائری ہر آدمی چیک کرنا شروع کر دے۔" انسپکٹر جمشید بولے۔

"ایک ڈائری مجھے بھی دے دیں... میں بھی فارغ بیٹھی ہوں۔" باورچی خانے سے بیگم جمشید کی آواز سنائی دی۔

"فارغ ہو تو باورچی خانے میں کیوں ہو؟" انسپکٹر جمشید نے

www.pdfbooksfree.pk



منہ بنایا

"اس سے بہتر جگہ پورے گھر میں نہیں" بیگم جمشید بولیں اور وہ مسکرا دیئے .... ایک ڈائری انہیں بھی دی گئی اور پھر وہ ڈائریوں میں گم ہو گئے۔ صحن میں صرف ورق الٹنے کی آوازیں سنائی دے رہی تھیں، ایسے میں باورچی خانے سے آواز ابھری

"ایک خبر مجھے تو نظر آئی ہے"

"بہت خوب۔ اس تاریخ کو نوٹ کر لو اور کام جاری رکھو" انسپکٹر جمشید خوش ہو کر بولے۔

کام جاری رہا .... پھر خان رحمان کی آواز ابھری،

"ایک خبر مجھے بھی نظر آئی ہے"

"واہ ... مزا آ گیا ... اگر خبریں نظر آنے کا یہی حال رہا تو یہ کیس تو یہیں بیٹھے بیٹھے حل ہو جائے گا ... اور ہمیں کہیں بھی نہیں جانا پڑے گا" فاروق نے خوش ہو کر کہا۔

"اس خوش فہمی میں بھی نہ رہیں ... مجھے تو اب محسوس ہو رہا ہے کہ ہمیں تب بھی ایک لمبا سفر اختیار کرنا پڑے گا۔ بلکہ اس سفر میں انکل کامران مرزا اور شوکی برادرز کو بھی ساتھ لانا ہو گا" محمود نے جلدی جلدی کہا۔

"تمہیں ہو رہا ہو گا محسوس .... ہم اس کا اثر کیوں



"اثر خود بخود تم تک پہنچ جائے گا ... فکر نہ کرو" فرزانہ مسکرائی۔

"ارے ہائیں ... تم نے ابھی ابھی کیا بات کہی تھی .... انکل کامران مرزا اور شوکی برادرز والی" فاروق چونکا۔

"بھئی ڈائریوں والا کام پہلے کر لو .... باتوں کی وجہ سے نظر چوک سکتی ہے" انسپکٹر جمشید نے تنگ آ کر کہا۔

اور ایک بار پھر خاموشی چھا گئی ... اس بار ساری ڈائریاں دیکھ لی گئیں ... پھر جو خبریں ملی تھیں انہیں الگ کر لیا گیا ... اب ان سب نے ان خبروں کا مطالعہ کیا۔ تاریخیں نوٹ کی گئیں ... پھر اخبارات کی فائلوں میں سے وہ خبریں نکالی گئیں ان سب کو غور سے پڑھا گیا ... آخر انسپکٹر جمشید بولے

"ان سب خبروں میں جہاز سرے سے غائب ہو گئے ہیں .... فضا میں سے اچانک جہاز غائب تو ہوتے ہیں ... پھر نظر نہیں آتے۔ ان کا سراغ بھی نہیں لگایا جا سکا کہ وہ کہاں گئے۔ لیکن جو واقعہ ہمارے ساتھ پیش آیا ہے، اس جیسا واقعہ شاید کہیں نہیں ہوا۔ یا پھر ہمارے علم میں نہیں .... میرا خیال ہے ہمیں اس میدان میں رہ کر اور کام بھی کرنا ہو گا۔ ایر پورٹ کے اعلیٰ حکام کے ذریعے کام نہیں ہو گا۔ وہ دنیا بھر کے ہوائی اڈوں سے بات کریں

www.pdfbooksfree.pk



اور معلوم کریں کہ کیا اس قسم کا کوئی واقعہ ہو چکا ہے؟

"ہمیں اس جہاز کا راستہ بھی معلوم ہونا چاہیئے... اس کی بھی ضرورت ہے... لہٰذا میں چلتا ہوں... آپ لوگ آرام کریں..."

"کیوں... تم تنہا کیوں جا رہے ہو، ہمیں بھی ساتھ لیتے جاؤ۔" خان رحمان بولے۔

"نہیں... ابھی آپ لوگوں کا کام شروع نہیں ہوا... پہلے میں معلومات حاصل کر لوں۔"

یہ کہہ کر وہ چلے تھے... تین گھنٹہ بعد ان کی واپسی ہوئی تو ان کا چہرہ سفید تھا... انہوں نے سرسراتی آواز میں کہا:

"پوری دنیا میں اس وقت تک ایسے چار واقعات ہو چکے ہیں جہاز اچانک غائب ہوتے اور تین چار یا زیادہ گھنٹوں کے بعد پھر فضا میں نظر آنے لگے اور جب وہ اپنے ایر پورٹ پر اترے تو جہاز کے عملے اور مسافروں کی گھڑیاں بالکل ٹھیک وقت دے رہی تھیں... جس وقت پر کہ انہیں پہنچنا تھا... لیکن ایر پورٹ پر وقت کئی گھنٹے آگے بڑھ چکا تھا۔ ان میں سے تین جہازوں کے چند مسافر بھی غائب پائے گئے... ان کا آج تک کوئی سراغ نہیں ملا... جو جہاز مکمل طور پر غائب ہوئے ان کا بھی آج تک ماہرین سراغ نہیں لگا سکے... سمندر کی



تہوں تک چھان ماری گئیں... آج تک سراغ اگر کوئی لگ سکا ہے تو بس ایک۔" یہاں تک کہہ کر وہ خاموش ہو گئے۔

سب حیرت کے ان سب کا برا حال تھا... آخر پروفیسر داؤد بولے:

"اور وہ سراغ کیا ہے جمشید؟"

"یہ کہ ان تمام جہازوں کے راستے میں بحر اوقیانوس کا ایک حصہ مشترک ہے... سب جہاز سمندر کے اس حصے سے گزرے تھے۔"

"کیا مطلب؟" وہ چونکے۔

"گم ہونے والے تمام جہاز... اور غائب ہو کر نظر آنے والے تمام جہاز اور جن جہازوں سے کچھ لوگ بھی غائب ہوئے وہ جہاز بھی... اس جگہ سے گزرے تھے... سمندر کے اس حصے کے ایک سرے پر ایک جزیرہ بھی ہے... اس کا نام برمودا ہے۔ اس لحاظ سے سمندر کے اس حصے کو برمودا کہا جانے لگا ہے کیونکہ سمندر کا وہ حصہ تکون شکل کا ہے۔"

"پراسرار سمندر۔" فاروق کے منہ سے نکلا۔

"ہاں! جن لوگوں کے جہاز اور ان کے مسافر غائب ہو گئے ان عالم نے سراغ لگانے کی سرتوڑ کوششیں کیں لیکن کچھ بھی معلوم نہیں کر سکے۔"

www.pdfbooksfree.pk



"بات آہستہ آہستہ میرے ذہن میں سما رہی ہے۔" فاروق
"کیا مطلب؟"
"مطلب یہ کہ سراغ لگانے کی ذمے داری اب جاسوسی
پر پڑتی نظر آ رہی ہے۔"
"پہلے پوری بات سن لو۔" انسپکٹر جمشید نے اسے گھ
"جی... جی بہتر... سنایئے پوری بات۔"
"جن ممالک کے جہاز یا جہاز کے مسافر غائب ہوئے
ان سب نے تحقیقاتی ٹیمیں ترتیب دیں... وہ اس جگہ
روانہ ہوئے جہاں سے جہاز روانہ ہوئے تھے... اور اس
تک گئے جہاں جہاز کو پہنچنا تھا... مطلب یہ کہ پورے
کا باریک بینی سے جائزہ لیا گیا... راستے میں آنے والے
جنگلوں، دریاؤں، سمندر اور پہاڑوں کو کھنگالا گیا... لو
سے مل کر پوچھ گچھ کی گئی لیکن کوئی سراغ نہ مل سکا۔ یہ
تک کہ انہوں نے اس مہم میں بہت سا مال صرف کر ڈالا۔
لیکن نتیجہ وہی ڈھاک کے تین پات رہا... آخر تھک ہا
وہ صبر کر کے بیٹھ رہے۔ بس ان تمام کیسوں میں ایک
ایسی ہے جو ہر ایک میں پائی جاتی ہے۔" یہاں تک کہ
انسپکٹر جمشید خاموش ہو گئے۔
"آپ کا مطلب ہے وہی پُراسرار سکون والی بات"



نے حیرت زدہ آواز میں کہا۔
"ہاں پُر اسرار سکون ان تمام جہازوں کے راستے میں آتی ہے
یعنی ان سب جہازوں کو اس سکون کے اوپر سے گزرنا پڑا تھا۔
بس... اس وقت تک کوئی سراغ ملا ہے تو یہ..."
"لیکن ابا جان... ان لوگوں نے اس سراغ سے فائدہ اٹھانے
کی کوشش کیوں نہیں کی؟" فرزانہ بڑبڑائی۔
"کیا کہتی ہو... ان لوگوں نے اور کوشش نہیں کی ہو گی
انہوں نے تو سر توڑ کوشش کی.... ہر ممکن ترکیب کروائی
مگر وہ کوئی سراغ نہ لگا سکے..."
"لیکن کیوں... اس قدر ترقی یافتہ قومیں اور اس بات کا
سراغ نہ لگا سکیں؟" محمود کے لہجے میں حیرت تھی۔
"ہاں! نہیں لگا سکیں... وہ لوگ لانچوں کے ذریعے گئے۔
آب دوزوں کے ذریعے گئے۔ سمندری جہازوں کے ذریعے گئے اور
ہیلی کاپٹروں کے ذریعے بھی گئے... لیکن... کچھ بھی نہ بن سکا
"یا اللہ رحم!" ان کے منہ سے نکلا
"ان تمام باتوں کے ساتھ ساتھ ایک اور عجیب بات...
سمندر کے اس حصے کے ساتھ جو جزیرہ برمودا ہے... اسی
کے ارد گرد کچھ سالوں سے عمودی چٹانیں نظر آنے لگی ہیں۔
پہلے اس کے گرداگرد یہ چٹانیں نہیں تھیں... وہ جزیرہ آباد

www.pdfbooksfree.pk



تھا... اس پر کافی آبادی تھی... لیکن اب اس کے گرد
چٹانیں ہیں... کوئی اس طرف نہیں جاتا... بلکہ جا ہی
نہیں سکتا... اگر کوئی شخص اس جزیرے میں داخل ہونا چاہے
تو اپنی کوشش میں کامیاب نہیں ہو سکتا۔ سنا ہے اس جزیرے
کے اوپر چٹانوں کی نوکیں اس طرح جھک گئی ہیں کہ ان کے
سرے ایک دوسرے سے مل گئے ہیں اور اس طرح جزیرہ اوپر
سے بھی بند ہو گیا ہے۔ مطلب یہ کہ کوئی ہوائی جہاز یا ہیلی
کاپٹر پر بھی اس میں نہیں اتر سکتا۔"

"پہلے ہی کیا کم حیرت انگیز باتیں سننے میں آئی ہیں تو ایک
اور سن لی... اس کا مطلب ہے... اب ہمیں اس جزیرے
میں بھی داخل ہونے کی کوشش کرنا ہوگی۔" فاروق نے گھبرا کر
کہا اور باقی اس کے انداز پر مسکرا دیئے۔

"بلکہ میرا خیال ہے... سمندر کے اس حصے کا راز جاننے
کے لئے جزیرے میں اترنا انتہائی ضروری ہے۔ جب تک ہم
ایسا نہیں کریں گے... کامیابی کے نزدیک تک نہیں پہنچ سکیں
گے۔" پروفیسر داؤد بولے۔

"اوہ۔" ان کے منہ سے ایک ساتھ نکلا۔



# ہال میں

ان کے گھر میں موت کا سناٹا طاری ہو گیا.... وہ سکتے
کے عالم میں ایک دوسرے کی طرف دیکھ رہے تھے....
ایسے میں فرزانہ کی آواز گونجی۔ "یہ سمندر ایک
جزیرہ ہے.... جزیرے کے چاروں طرف پہاڑوں
سے بھی اونچی نوکیلی چٹانیں ہیں.... جزیرے میں
داخل ہونے کا سمندر کے دریعے کوئی راستہ نہیں....
آسمان کی طرف سے بھی ہیلی کاپٹر وغیرہ میں بیٹھ کر
جائیں تو بھی اس میں داخل نہیں ہو سکتے.... مطلب یہ ہوا
کہ اتنی وارداتیں ہو جانے کے بعد بھی.... آج تک
کسی بھی ملک کی کوئی بھی ٹیم کوئی بات نہیں جان سکی
ہاں! یہی بات ہے.... اگرچہ ان لوگوں نے بے شمار کوششیں
کیں.... بلکہ یہ کہنا چاہیئے کہ سر توڑ کوششیں کیں.... اور
ان کوششوں کے نتیجے میں کتنے ہی جہاز اور ہیلی کاپٹر

www.pdfbooksfree.pk



ان کے قبضے سے غائب کرا بیٹھے..... اور اب یہ معاملہ
گیا ہے کہ ہمارے سروں پر..... اگرچہ ہمارے مہمانوں والا
بحریت آگیا ہے..... لیکن جہاز کے چودہ غیر ملکی مسافر
ہیں..... ان میں ہمارے مہمان بھی تھے..... لہٰذا ہمیں جزیرہ
کی طرف سفر کرنا ہوگا..... تم لوگ اس سفر کی تیاری
سے شروع کر دو..... اس سفر میں سب سے زیادہ
پروفیسر صاحب کی ہے..... کیوں پروفیسر صاحب!..... آپ
تیار ہیں نا....."

"میں اور تم لوگوں کے ساتھ جانے کو تیار نہیں ہوں"
وہ مسکرائے۔

"دیکھ لیجئے پروفیسر انکل..... یہ سفر موت کا سفر بھی ثابت
ہو سکتا ہے۔" محمود بولا۔

"یا یہ سفر موت کا سفر ثابت ہوگا..... یا پھر اس سفر کے
موت واقع ہو جائے گی!..... فرزانہ بولی۔

"کیا کیا..... سفر کی موت..... اور..... یہ تو کسی ناول کا
ہو سکتا ہے۔" فاروق دھک سے رہ گیا۔

"تو رکھ لو کسی ناول کا نام..... مصنف بن جاؤ.....
یوں بھی..... آج کل یہ پیشہ بہت عام ہے..... جسے دیکھو
مصنف بنا پھرتا ہے....." جلے کٹے انداز میں محمود بولا

"اس سفر میں انسپکٹر کامران مرزا پارٹی اور شوکی برادرز کو بھی ساتھ لینا ہی
ہوگا..... میں ان سے مابلطہ قائم کرتا ہوں..... تم ادھر ادھر کی ہانکو۔" انسپکٹر
جمشید نے کہا اور فون کی طرف مڑ گئے..... دو منٹ بعد رسیور رکھ کر مایوسانہ
انداز میں بولے: "بھئی..... یہ تو کچھ بھی نہ ہوا..... انسپکٹر کامران مرزا پارٹی
پہلے ہی کسی مہم پر جا چکی ہے..... اور شوکی برادرز کا بھی کوئی پتا نہیں۔"

"ہمیں کون سا جلدی ہے..... اور وہ پراسرار سمندر اور جزیرہ کون سا
بھاگے جا رہے ہیں..... چلے جائیں گے کچھ دن بعد۔" فاروق نے کہا۔

"ہم ٹھہر نہیں سکتے..... روانگی دو دن بعد ہوگی..... کیوں کہ ابھی مجھے
اس سمندر اور جزیرے کے بارے میں اور بھی معلومات حاصل کرنا ہوں
گی..... دوسرے ہمیں جدید ساز و سامان سے بھی لیس ہونا چاہیے.....
اس سلسلے میں پروفیسر صاحب اپنی تیاریاں کر لیں۔"

"تم فکر نہ کرو جمشید۔" پروفیسر داؤد نے کہا۔

ٹھیک دو دن بعد وہ ایک جہاز میں سوار ہو چکے تھے۔ ساڑھے
چھ گھنٹے کے طویل سفر کے بعد وہ ایک ملک کی سرزمین پر اترے.....
ابھی سورج طلوع ہو رہا تھا..... انسپکٹر جمشید نے انہیں بتایا:
"یہ ہے وہ ملک..... جس کے ساتھ سمندر ہے اور آگے چل کر وہ جزیرہ آتا ہے۔"

"ہوں..... ویسے ابا جان..... ہم لانچ یا بحری جہاز میں سفر کر کے
کم از کم اس جزیرے کے آس پاس تو جا ہی سکتے
ہیں..... میرا مطلب ہے..... دور سے تو اسے دیکھ ہی سکتے ہیں۔"

www.pdfbooksfree.pk



محمود نے بے تابانہ انداز میں کہا۔

"سبھی کچھ کریں گے .... فکر نہ کرو" انسپکٹر جمشید مسکرا

"محمود کا تو بس نہیں چل رہا .... ورنہ وہ اڑ کر اس

میں پہنچ جاتا۔" فاروق نے جل کر کہا۔

"مشکل تو یہی ہے کہ ہم اڑ کر بھی اس میں نہیں جا سکتے

وہ ائرپورٹ سے باہر آئے۔ ایک ٹیکسی میں سامان

کر ڈرائیور سے بولے۔

"ہمیں اس شہر کے کسی اچھے سے ہوٹل میں پہنچا دو

"آپ لوگ سیاح ہیں؟" .... ڈرائیور نے پوچھا۔

"بس یہی سمجھ لیں۔"

"تب آپ کے لیے سی کیٹ بہتر رہے گا۔"

"جی .... سی کیٹ .... کیا یہ ہوٹل کا نام ہے؟" محمود بولا۔

"ہاں .... بہت اچھا اور نسبتاً سستا ہوٹل ہے۔"

"سمندری پری .... یہ ترجمہ بنا ہوٹل کے نام کا؟" فا

کر بولا۔

"کیا کہا، آپ نے؟" ڈرائیور اردو کا جملہ سن کر چونکا

"ہم نے اپنی مادری زبان میں سی کیٹ کا ترجمہ کیا۔"

محمود نے اسے بتایا۔

"اوہ اچھا .... تو پھر .... کیا سی کیٹ چلیں؟"



"جیسے مناسب سمجھیں .... ہم تو یہاں اجنبی ہیں۔"

"بس پھر آپ کے لیے یہی ہوٹل بہتر رہے گا۔" اس نے کہا

اور ٹیکسی چلا دی۔

ایک منٹ تک خاموش رہی پھر انسپکٹر جمشید بولے۔

"یہاں .... سمندر میں .... سنا ہے کوئی جزیرہ ہے؟"

"برمودا جزیرے کی بات کر رہے ہیں آپ لوگ .... اوہ

اپ رے .... ڈرائیور کانپ گیا۔

"آپ ہمیں اس کے بارے میں کچھ بتا سکتے ہیں؟"

"تو آپ لوگ اس جزیرے کے چکر میں آئے ہیں؟" اس

نے ڈرے ڈرے لہجے میں کہا

"جزیرے کے نہیں بلکہ سمندر کی اس مخلوق کے چکر میں کہیے۔"

"تب آپ لوگ واپس چلے جائیں .... دو چار دن شہر میں گھوم

پھر لیں .... سیر کر لیں اور پھر اپنے ملک لوٹ جائیں۔ اس مخلوق کا

خیال دل سے نکال دیں .... اس وقت تک وہ نہ جانے کتنے

مسافر بردار طیارے اور جہاز نگل چکی ہے .... اور ان میں تین تین

چار چار سو مسافر بھی سوار تھے .... مسافروں سمیت جہازوں کا کوئی پتہ

نہیں چل سکا آج تک .... کتنے ہی امیریں کوشش کر چکے ہیں ....

لیکن آج تک کوئی سراغ نہیں لگا سکا ....." وہ کہتا چلا گیا۔

"کیا ہم سمندر کے راستے اس جزیرے تک پہنچ سکتے ہیں؟"

www.pdfbooksfree.pk



"بالکل نہیں..... اس کے چاروں طرف نوک دار اور بہت اونچی ..... بالکل سیدھی چٹانیں ہیں..... کوئی ماہر سے ماہر کوہ پیما بھی ان نوکیلی چٹانوں کی چوٹی تک نہیں پہنچ سکا..... اور میں کہتا ہوں..... اگر کوئی چوٹی تک پہنچ بھی جائے تو دوسری طرف کیسے اترے گا؟ اور ہیلی کاپٹر کے ذریعے؟"

"ہاں ہیلی کاپٹروں کے ذریعے بھی لوگوں نے جزیرے میں اترنے کی کوششیں کی ہیں..... لیکن ..... ہمارے اس شہر میں تو جزیرے کو بھوتوں کا جزیرہ کہا جاتا ہے۔ اور سمندر کے اس حصے کو شیطانی سمندر....."

"شیطانی سمندر....." ان کے منہ سے نکلا

"ہاں..... اکثر لوگوں اور ماہرین کا خیال ہے کہ اس حصے میں بھوت آباد ہیں..... بھوت پوری دنیا سے کٹ کر اس حصے میں آ کر آباد ہو گئے ہیں..... اور یہ بھوت ہی ہیں جو جہاز کے جہاز غائب کر دیتے ہیں..... بلکہ نگل جاتے ہیں۔"

"کافی خوفناک باتیں ہیں۔" فاروق بڑبڑایا۔

"ابھی آپ خوفناک کہہ رہے ہیں۔ اس قدر ہولناک ہیں کہ آپ لوگ اپنی زندگی میں نہیں سن سکیں گے۔"

"آپ ہمیں اس جزیرے میں اترنے کی کوئی ترکیب بتا سکتے ہیں؟" فرزانہ نے پوچھا۔



اس کے سوال پر محمود اور فاروق نے اسے گھور کر دیکھا۔ جیسے کہہ رہے ہوں۔

"دماغ تو نہیں چل گیا..... بھلا یہ بے چارہ کیا بتا سکے گا۔"

"کیوں..... اور جزیرے میں داخل ہونے کی ترکیب..... کیا بات کرتے ہیں آپ بھی....." اس نے بوکھلا کر کہا

"لیکن میرا خیال ہے..... آپ جزیرہ میں داخل ہونے کا راستہ جانتے ہیں۔" فرزانہ نے مضبوط لہجے میں کہا۔

"یہ..... یہ آپ کیا کہہ رہی ہیں؟"..... وہ گھبرا گیا

اب تو انسپکٹر جمشید نے بھی حیران ہو کر فرزانہ کی طرف دیکھا۔

"کیا بات ہے فرزانہ..... کیا تم اس سے مذاق کر رہی ہو۔"

"نہیں ابا جان..... یہ اس جزیرے کا راستہ جانتا ہے۔"

"کیا اوٹ پٹانگ بات ہے..... بڑے بڑے ماہر تو اسکو جانتے نہیں..... اور میں جانتا ہوں..... اگر ایسا ہوتا تو میں اس وقت حکومت سے کوئی بہت بڑا انعام حاصل کر چکا ہوتا۔" اس نے جلدی جلدی کہا۔

"اس کے باوجود بھی میں کہوں گی..... آپ اس جزیرے میں داخل ہونے کا راستہ جانتے ہیں۔" فرزانہ کے لہجے میں سختی آگئی..... ٹیکسی ڈرائیور نے زور دار بریک لگائے اور ٹیکسی سڑک کے کنارے روک لی۔

www.pdfbooksfree.pk



"آپ لوگ ٹیکسی سے اتر جائیں.... کسی اور ٹیکسی میں بیٹھ کر ہوٹل سی کیٹ چلے جائیں۔"

"ارے بھئی!.... آپ تو بُرا مان گئے.... یہ تو بچی ہے...." ہادی داؤد مسکرائے۔

"نہیں انکل.... یہ برا نہیں مانے.... بلکہ ہم سے خوفزدہ ہو گئے ہیں۔" فرزانہ نے فوراً کہا۔

"فرزانہ تمہیں کیا ہو گیا ہے؟"

"دیکھئے.... آپ میری ٹیکسی سے اتر جائیں.... ورنہ میں کچھ کر بیٹھوں گی۔" ڈرائیور چلا کر بولا۔

انسپکٹر جمشید حیران رہ گئے.... وہ عجیب سے انداز میں بولے۔

"اس کا.... اس کا مطلب ہے آپ واقعی اس جزیرے کا راستہ جانتے ہیں۔"

"نہیں.... نہیں...." وہ چیخا۔

"آس پاس سے گزرنے والے ماہ گیر ان کے گرد جمع ہونے لگے.... ایک نے ڈرائیور سے پوچھا۔

"کیا معاملہ ہے....؟"

"یہ غیر ملکی سیاح ہیں۔ لیکن ان کے دماغ قدرے خراب ہیں.... میں خراب دماغ والوں سے بہت ڈرتا ہوں۔ اس لیے میں ان سے درخواست کر رہا ہوں کہ اتر کسی اور ٹیکسی میں بیٹھ جائیں۔"



"اتر لیجئے جناب.... آپ ہمارے ملک کے ایک ٹیکسی ڈرائیور کو خوفزدہ نہ کریں۔"

بھیڑ بڑھتا جا رہا تھا.... انسپکٹر جمشید نے سوچا.... اتر جانا ہی بہتر ہو گا.... لہٰذا بولے۔

"چلو بھئی اتر آؤ...."

وہ نیچے اتر آئے.... انسپکٹر جمشید نے فاروق کو اشارہ کیا اور خود بل دینے لگے.... فاروق ٹیکسی کے پچھلی طرف آ گیا اور اس نے نمبر پڑھ لیے.... پھر ٹیکسی آگے بڑھ گئی.... ماہ گیر بھی اپنے اپنے راستے پر ہو لیے.... فاروق نے جیب سے نوٹ بک نکالی اور ٹیکسی کے نمبر لکھ لیے....

وہ پیدل ہی آگے بڑھنے لگے....

"کیوں فرزانہ.... یہ کیا بات تھی.... آخر تمہیں یہ خیال کس طرح آیا کہ یہ اس جزیرے میں داخل ہونے کا راستہ جانتا ہے...."

میں نے سوچے سمجھے بغیر اس سے ایک جملہ کہہ دیا تھا۔

"...یہ کہ میرے خیال میں آپ اس جزیرے میں داخل ہونے کا راستہ جانتے ہیں"..... یہ کوئی ایسا سوال نہیں تھا جس کو سن کر وہ گھبرا جاتا.... اسے تو نہایت اطمینان سے جواب دینا چاہیے تھا کہ نہیں.... میں اس جزیرہ میں داخل ہونے

www.pdfbooksfree.pk



کا راستہ نہیں جانتا..... بلکہ میں کیا، کوئی بھی نہیں جانتا۔"
لیکن میرا جملہ سن کر وہ بری طرح گھبرا گیا..... اس کے
گھبرانے پر مجھے بہت حیرت ہوئی۔ اور میں جب اس بات
کے پیچھے پڑ گئی تو وہ اور بھی گھبرا گیا..... آخر کیوں؟
"بہت خوب فرزانہ..... اب ہمیں اس ٹیکسی ڈرائیور کا سراغ
لگانا پڑے گا....."
یہ کہہ کر انسپکٹر جمشید نے ایک ٹیکسی کو رکنے کا اشارہ کیا۔
اس میں بیٹھنے کے بعد وہ بولے۔
"چوٹی سی کیٹ۔"
بہت بہتر سر....." اس نے کہا اور ٹیکسی چل پڑی.....
"ہم یہاں اجنبی ہیں..... کیا آپ ہماری کچھ مدد کر سکتے ہیں؟"
"جی..... کس سلسلے میں..... آپ کسی مشرقی ملک کے لگتے ہیں۔"
"ہاں..... ہمارا تعلق پاک لینڈ سے ہے۔" انہوں نے کہا۔
"اوہو..... اچھا..... تب تو مزا آگیا....." وہ چہکا۔
"مزا آگیا؟..... لیکن ہم نے تو اسے آتے نہیں دیکھا۔" فاروق
کے لہجے میں حیرت تھی۔
"کسے نہیں دیکھا.....؟" اس کے لہجے میں فاروق سے بھی زیادہ
حیرت تھی۔
"مرے کو....." وہ بولا۔ اور وہ اسے طرح گھورنے لگا جیسے پاگل

"آپ اس کی بات پر نہ جائیں!..... بتائیں مزا کیسے آگیا؟
آپ تو مشرقی نہیں لگتے..." انسپکٹر جمشید جلدی سے بولے۔
"میرا باپ پاک لینڈ کا تھا..... وہ روزگار کی تلاش میں اس
ملک میں آگیا تھا..... پھر اس نے یہیں کی ایک لڑکی سے شادی
کر لی..... اب تو اسے فوت ہوئے کئی سال ہوگئے ہیں..... میں
اپنی والدہ کے ساتھ یہیں رہتا ہوں..... ویسے ہم دونوں کا
بہت جی چاہتا ہے کہ اس کا وطن دیکھ کر آئیں..... لیکن
ہمارے ابی حالات بہت کمزور ہیں۔"
"ہوں..... ہم آپ کی یہ خواہش ضرور پوری کریں گے۔"
"اوہو..... یہ آپ کیا کہہ رہے ہیں؟" وہ دھک سے رہ گیا۔
"ہاں!..... یہ مذاق نہیں ہے۔"
"آپ مجھ سے کسی مدد کی بات کر رہے تھے....." اسے
یاد آیا۔
"ہاں ہمیں ایک ٹیکسی ڈرائیور کی تلاش ہے۔"
"یہ کیا مشکل ہے..... بس ٹیکسی کا نمبر معلوم ہونا چاہیے۔"
"فاروق..... ٹیکسی کا نمبر بتاؤ۔"
"ایل ایم ۷۰۰۱۱....." فاروق نے فوراً کہا۔
"اچھا..... وہ کالی آنکھوں والا۔"
"ہاں..... اس کی آنکھیں تو کالی ہی تھیں..... لیکن یہ کون

www.pdfbooksfree.pk



سی عجیب بات ہے؟"

"یہاں زیادہ تر لوگوں کی آنکھیں نیلی ہوتی ہیں۔"

"ہوں.... تو آپ اسے جانتے ہیں۔"

"اس وقت تو وہ نہ جانے کہاں ہوگا؟.... شام کو گھر ہی ملے گا.... میں اس کا گھر جانتا ہوں۔"

"بہت خوب.... تب تو واقعی مزا آئے.... آپ شام کو ہوٹل سی کیٹ آجائیں...." انسپکٹر جمشید نے کہا۔

"ضرور.... کیوں نہیں۔"

"یہ ہوٹل سی کیٹ.... کیسا ہوٹل ہے.... کوئی غلط جگہ تو نہیں ہے؟"

"جی نہیں.... سیاحوں کے لیے بہت مناسب ہے۔"

"اور نوت کے جزیرے کے بارے میں آپ کیا بتا سکتے ہیں؟ نوت کا جزیرہ.... اوہ.... کیا آپ سفید جزیرے کی بات کر رہے ہیں.... جس کے قریب سمندر میں جہاز غائب ہو جاتے ہیں۔"

"تو اسے یہاں سفید جزیرہ کہا جاتا ہے؟"

"ہاں.... لیکن.... آپ کو اس جزیرے سے کیا دلچسپی ہے؟" اس نے پریشان ہو کر کہا۔

"ہم اس جزیرے میں داخل ہونے کا ارادہ رکھتے ہیں۔"

"کیا کہا.... ناممکن۔" وہ چلایا۔

"خیر.... ہم اس دنیا میں کسی بات کو بھی ناممکن نہیں سمجھتے۔"



محمود فوراً بولا۔

"اس کے چکر میں نہ پڑیں..... اس میں جن اور بھوت رہتے ہیں...."

"یہ ایک اور رہی...." فرزانہ مسکرائی۔

"میں غلط نہیں کہہ رہا.... خیر میں اس جزیرے کا ذکر نہیں کرنا چاہتا.... خوف سے جھرجھری آجاتی ہے۔"

"اس شہر میں کچھ ایسے لوگ بھی موجود ہیں جو اس جزیرے میں داخل ہونے کا راستہ جانتے ہیں۔" فاروق بولا۔

"ہرگز نہیں.... یہ بات بالکل غلط ہے۔"

"ہو سکتا ہے.... یہی بات ہو۔" انسپکٹر جمشید نے بات ختم کرنے کے لیے کہا.... اسی وقت اس نے کہا۔

"لیجیے.... ہوٹل سی کیٹ آگیا۔"

انہوں نے سامنے دیکھا.... وہ نیلے رنگ کا ایک بہت بڑا ہوٹل تھا.... دور سے ہی بہت شاندار نظر آرہا تھا۔

"آپ ٹھیک چھ بجے ہوٹل سے باہر آجائیے گا.... میں یہاں موجود ہوں گا.... اس ہوٹل میں ٹیکسی ڈرائیوروں کا داخلہ بند ہے۔"

"وہ کیوں؟"

"یہاں کے ٹیکسی ڈرائیور عام طور پر شراب بہت پیتے ہیں۔ شراب پی کر فل خیالہ جاتے ہیں۔"

www.pdfbooksfree.pk



"اوہ اچھا.... لیکن آپ تو شراب نہیں پیتے۔"

"یہ بات ہوٹل والوں کو تو نہیں معلوم۔" وہ مسکرایا۔

وہ بل دینے لگے تو اس نے انکار میں سر ہلایا۔

"نہیں.... بل نہیں لوں گا.... بس آپ اپنا وطن ہمیں دکھا

"تب پھر اس کی ایک شرط ہوگی۔" انسپکٹر جمشید مسکرائے۔

"اور وہ کیا؟" اس نے جلدی سے کہا۔

"یہ کہ آپ اپنا بل وصول کریں۔"

"اوہ.... اچھا خیر.... آپ کی مرضی ہے۔"

بل لے کر وہ چلا گیا اور یہ لوگ اندر داخل ہوئے...

دو بیرے استقبال کے انداز میں ان کی طرف بڑھ گئے.... جلد

وہ اس ہوٹل کے کمرہ نمبر ۹۰ میں بیٹھے تھے۔

"اب تو میں ایک اور بات بھی سوچ رہی ہوں...." ف

بڑبڑائی۔

"سوچ لو.... کوئی حرج نہیں ہے۔" فاروق نے منہ بنایا۔

"اور وہ یہ کہ.... کہیں وہ ٹیکسی ڈرائیور شراب کے نشے میں تو نہیں

تھا...."

"ہاں.... ہو سکتا ہے.... جزیرے کے بارے میں تو یہی بات

مشہور ہے کہ اس میں داخل ہونا بہت مشکل ہے۔"

"لیکن.... پھر بھی.... ہمیں اس سے مل تو لینا چاہیے۔"

انسپکٹر جمشید نے سر ہلا دیا.... کچھ دیر بعد انہیں بھوک محسوس ہوئی.... انہوں نے کھانا اوپر منگوانے کی بجائے ہال میں جانے کا فیصلہ کیا۔ اور لفٹ کے ذریعے ہال میں پہنچ گئے.... ابھی وہ ایک میز کی طرف بڑھ رہے تھے کہ انسپکٹر جمشید ٹھٹک کر رہ گئے.... ان کی آنکھوں میں حیرت پھیل گئی۔

www.pdfbooksfree.pk



# نامعلوم دشمن

"خیر تو ہے ابا جان!" فرزانہ نے سرگوشی کی۔

"مجھے اب محسوس ہو رہا ہے جیسے کچھ آنکھیں ہمیں دیکھ رہی ہوں۔"

"اوہ۔" وہ دیکھ سے رہ گئے... پھر ایک میز پر آ بیٹھ گئے... اب انسپکٹر جمشید نے سرسری انداز میں تمام لوگوں پر نظر ڈالنا شروع کی... اور پھر الجھن کے عالم میں بولے،

"نہیں... ہال میں موجود لوگوں میں سے کوئی بھی ہمیں گھور رہا۔"

"تو آپ کو وہم ہوا تھا!" محمود بولا

"نہیں... ہمیں کوئی گھور ضرور رہا ہے... لیکن وہ شخص ہال میں موجود نہیں ہے۔"

"شاید وہ کسی طرح گھور رہا ہے۔"

"وہ... وہ دیکھو... ٹیلی وژن کیمرہ ایک کونے میں نصب ہے... اس کے ذریعے کوئی شخص اندر کہیں بیٹھا پورے ہال کا جائزہ لے سکتا ہے۔"

"لیکن کسی کو ایسا کرنے کی بھلا کیا ضرورت ہے... خیر ضرورت تو ہو گی کوئی... سوال یہ ہے کہ ہمیں گھورنے کی اسے کیا خاص ضرورت پڑ گئی۔" فرزانہ بڑبڑائی۔

"یہی بات تو میں سوچ رہا ہوں... دوسرے یہ کہ... اگر وہ ہمیں دیکھ رہا ہے تو ہماری باتیں بھی سن رہا ہو گا... کیونکہ یہ بھی کچھ مشکل نہیں کہ اس میں آوازیں کیچ کرنیوالے آلات لگے ہوئے ہوں اور وہ اندر بیٹھا پورے ہال کی باتیں سن رہا ہو۔"

"دونوں باتیں ذہن میں آتی ہیں... کیا خیال ہے... اس شخص سے ملاقات کیوں نہ کر لی جائے۔"

"ہوں ٹھیک ہے..." وہ بولے اور اٹھنے ہی لگے تھے کہ بیرا سر پر آ کھڑا ہوا۔

"کیا بات ہے سر؟"

"ایک کام یاد آ گیا... پہلے ہم وہ کام کریں گے... پھر آ کر کھانا کھائیں گے۔ اس ہوٹل کے مالک کہاں بیٹھتے ہیں؟"

"کیوں... کیا بات ہے؟" اس کے لہجے میں حیرت تھی۔

www.pdfbooksfree.pk



"ہمیں ان سے ایک کام ہے۔"

"کمرہ نمبر ۱۹ میں چلے جائیں ... وہ اندر ہی ہیں۔"

"بہت بہت شکریہ۔"

وہ اٹھ کر ہال کے اندرونی دروازے کی طرف بڑھے۔ دروازے کے دوسری طرف ایک برآمدہ تھا ... اس کے طرف کمرے تھے ... ایک کمرے پر ۱۹ نمبر لکھا نظر آیا نے دروازے پر لگا بٹن دبایا۔

"یس ... کم ان" اندر سے آواز آئی۔

وہ دروازہ کھول کر اندر داخل ہو گئے ... اندر کا واقعی عجیب تھا۔ ایک بڑے سائز کے ٹی وی پر ہوٹل ہال کا منظر نظر آ رہا تھا اور باتوں کی بھنبھناہٹ بھی گ رہی تھی، صاف آوازیں بھی سنائی دے رہی تھیں۔

"میں آپ لوگوں کی باتیں سن چکا ہوں ... تشریف

"یہ جان کر خوشی ہوئی ... لیکن آپ کا یہ مشغ کچھ اچھا نہیں ہے۔"

"کیا کیا جائے .... تمام گاہکوں پر نظر رکھنا پڑتی ہر ملک کے لوگ یہاں آتے ہیں .... ان میں بھی ہ کے لوگ ہوتے ہیں۔"

"ہوں! چلئے خیر ... لیکن آپ ہمیں کیوں مسلسل گ رہے تھے۔"

"اس بات پر مجھے حیرت ہوئی تھی .... آخر آپ نے کس طرح محسوس کر لیا کہ آپ کو کوئی گھور رہا ہے۔"

"میری چھٹی حس نے یہ احساس دلایا تھا مجھے ... اور کوئی عجیب بات نہیں ... بعض لوگوں کی چھٹی حس بہت تیز ہے۔"

"ہوں! آپ لوگوں کا تعلق کس ملک سے ہے۔"

"ایک ایسٹ ..." انسپکٹر جمشید بولے۔

"یہاں صرف سیاحت کے لئے آئے ہیں۔"

"جی نہیں .... ہم اس جزیرے کے چکر میں آئے ہیں۔"

"کیا کہا ... جزیرے کے چکر میں ... وہاں تو صرف موت ہے ... موت۔" اس نے خوفزدہ ہو کر کہا۔

"موت تو ایک دن آ کر رہے گی ... اگر اس جزیرے میں لکھی ہے تو اسے کون روک سکتا ہے۔" محمود نے منہ بنا کر کہا۔

"آپ اس کے چکر میں کیوں ہیں۔"

"ہم جاننا چاہتے ہیں ... جہاز اس میں کیوں جا گرتے ہیں ... کیوں غائب ہو جاتے ہیں۔"

"آپ ضرور اپنی زندگیاں کھو بیٹھیں گے۔"

www.pdfbooksfree.pk



"اللہ مالک ہے۔ آپ کا ہوٹل کیسا جا رہا ہے؟"

"فسٹ کلاس۔" اس نے کہا

"اچھا جناب... ہم نے آپ کو زحمت دی... چلتے ہیں۔"

ایسے میں انسپکٹر جمشید کی نظریں ٹی وی سکرین پر کچھ لوگ ہال میں داخل ہو رہے تھے... محمود، فاروق فرزانہ کو بھی حیرت ہوئی... وہ لوگ اگرچہ میک اپ تھے... لیکن اس کے باوجود انہوں نے فوراً ہی انہیں لیا تھا... یہ انسپکٹر کامران مرزا پارٹی تھی... اور بات یہ کہ ان کے ساتھ منور علی خان بھی تھے۔

"خیر تو ہے... کیا یہ لوگ آپ کے دشمن ہیں؟"

"دشمن نہیں... دوست۔"

"اوہ... تب تو ٹھیک ہے۔" وہ مسکرایا۔

"آپ کا نام کیا ہے جناب۔" انسپکٹر جمشید بولے۔

"میں روفن ہوں... اور آپ لوگ؟"

"میں جمشید احمد... یہ محمود احمد، فاروق احمد، فرزانہ خان رحمان اور پروفیسر داؤد ہیں۔"

"آپ لوگوں سے مل کر خوشی ہوئی... اوہو... یہ... آپ کے دوستوں کے پیچھے تو اس شہر کے خطرناک ترین



لگے ہوتے ہیں... اور انہیں شاید پتہ بھی نہیں۔" روفن کے لہجے میں حیرت اور پریشانی تھی۔

"خیر... یہ تو آپ نہیں کہہ سکتے... پتا تو انہیں ضرور ہو گا۔" محمود نے منہ بنایا۔

"آپ دیکھ نہیں رہے... وہ ایک میز کی طرف بڑھ رہے ہیں... اور ان کے عین پیچھے وہ چار خطرناک آدمی ہیں۔ ان کے ارادے اچھے نہیں لگتے... ٹھہریے... میں پولیس کو فون کر دوں... ورنہ میرے ہوٹل میں ٹوٹ پھوٹ شروع ہو جائے گی۔" یہ کہہ کر اس نے بٹن دبا دیا۔

اس وقت انہوں نے انسپکٹر کامران مرزا کو اچھل کر مڑتے اور ان میں سے ایک سے ٹکراتے دیکھا... دوسرے ہی لمحے وہ خطرناک آدمی فرش پر پڑا تھا۔

"دیکھا آپ نے۔" فاروق بولا۔

"حیرت ہے... یہ تو واقعی ہوشیار تھے... لیکن لگ رہا تھا جیسے بالکل بے خبر ہوں۔"

ادھر انسپکٹر کامران مرزا اب تین آدمیوں کے گھیرے میں تھے... اور ان تینوں کے ہاتھوں میں خنجر نظر آ رہے تھے۔

"اوہو... یہ تو اور بھی خطرناک معاملہ ہو گیا... اب... اب کیا ہو گا؟"

www.pdfbooksfree.pk



"بس دیکھتے جایئے۔"

"لیکن آپ کے باقی دوست آرام سے ایک میز کے گرد بیٹھے ہیں ... وہ ان کی مدد کیوں نہیں کر رہے؟"

"وہ جانتے ہیں ... انہیں مدد کی ضرورت نہیں۔"

اچانک تینوں حملہ آور اچھلے اور ان کی طرف ٹوٹ پڑے۔ لیکن وہ تو صاف ان کے درمیان سے نکل گئے تھے ... اور ہوا ان تینوں نے خنجروں سے وار کئے تھے اس لئے دو کے خنجر دوسرے کے جسموں میں پیوست ہو گئے۔ ان کی دل دوز چیخیں گونج اٹھیں ... انسپکٹر جمشید نے مسکرا کر رونن کی طرف دیکھا تو اس کی آنکھوں میں عجیب کیفیت نظر آئی۔

"دیکھا آپ نے؟"

"کمال کا آدمی ہے آپ کا دوست ..." وہ بڑبڑایا

اسی وقت چوتھے نے بھی حملہ کر دیا ... لیکن اس کی ٹھوڑی پر لگنے والا ایک ہی مکا کافی تھا، وہ اچھل کر گرا اور پھر نہ اٹھ سکا۔ اب چار آدمی ہال کے فرش پر پڑے تڑپ رہے تھے۔ ان میں سے دو جلد ہی ساکت ہو گئے۔

"اُف مالک ... میرے ہوٹل کے ہال میں ایک منٹ میں دو آدمی مارے گئے؟" وہ لرز کر بولا، پھر اٹھ کر دروازے کی طرف بڑھا۔



"آپ کہاں چل دیئے؟" محمود نے حیران ہو کر کہا۔

"پولیس آنے والی ہو گی ... مجھے ساری بات اسے بتانا ہو گی۔"

"تب پھر ہم بھی ہال میں چلتے ہیں؟"

"ہاں آ جایئے۔" اس نے کہا اور دوڑ کر باہر نکل گیا ... اس نے ان کے نکلنے کا انتظار بھی نہیں کیا اور ہال کی طرف چلا گیا۔

"کیا خیال ہے، ہم یہیں بیٹھ کر نظارہ نہ کریں؟" فرزانہ نے تجویز پیش کی۔

"یہ ... یہ بہتر رہے گا۔" فاروق جلدی جلدی بولا۔

وہ کرسیوں پر بیٹھ گئے اور سکرین پر نظریں جما دیں۔ جلد ہی رونن ہال میں نظر آیا اور بلند آواز میں بولا۔

"حضرات پُرسکون رہیں ... ابھی پولیس آتی ہو گی۔ اس میں ہوٹل کی انتظامیہ کا کوئی قصور نہیں ہے۔ یہ بات آپ سب جانتے ہیں؟"

"ہاں! ہاں!" لوگ چلائے۔

اسی وقت پولیس کی گاڑیوں کی آوازیں سنائی دیں ... پھر پولیس اندر داخل ہوئی۔ وہ اندر کا منظر دیکھ کر چونک اٹھے۔

"یہ کس نے کیا ہے؟"

www.pdfbooksfree.pk



"ان صاحب نے" روفن نے کہا

"شکریہ ... انہیں گرفتار کر لو۔

"وہ کس خوشی میں۔ پہلے ہال کے لوگوں سے تو پو
ان لوگوں نے خود ہی مجھ پر حملہ کیا اور وہ اپنے ہی آ
سے مارے گئے ... میں نے تو بس اتنا کیا تھا کہ ان کے
درمیان سے نکل گیا تھا ... انہوں نے خنجروں سے وا
لیکن خنجر ان کے جسموں میں پیوست ہو گئے ... اس
میرا کیا قصور"

"کیوں مسٹر روفن ... آپ بتا سکیں گے نا"

"واقعہ کوئی چھپا ہوا نہیں ہے ... سب نے دیکھا
لیکن پہلے ان دو زخمیوں سے پوچھا جائے کہ انہوں نے
پر حملہ کیوں کیا تھا" روفن نے کہا۔

"ہاں ٹھیک ہے" اب پولیس انسپکٹر زخمیوں کے پا
اکڑوں بیٹھ گیا ... وہ ہوش میں تھے۔

"کیا بات ہے ... تم نے ان پر حملہ کیوں کیا تھا"

"ایک نامعلوم آدمی نے ہمیں حکم دیا تھا کہ انہیں ز
کر دیا جائے"

"کیا مطلب ... تم نے اس نامعلوم آدمی کا حکم
کیوں مانا"



"اس لئے کہ اس نے دس ہزار ڈالر دینے کا وعدہ کیا
تھا ... بلکہ اس نے ایک جگہ بتائی تھی کہ فلاں جگہ سے دس
ہزار ڈالر اٹھا لینا"

"اور تمہیں اس کی بات پر یقین آ گیا"

"جی ہاں ... ایسے لوگ کبھی دھوکا نہیں کرتے ... وہ
ہمیشہ اس جگہ سے مل جاتی ہے جس کے بارے میں ہمیں بتایا
جاتا ہے"

"لیکن تم نے اس بھرے ہوئے ہوٹل میں کیوں ان پر
حملہ کیا"

"پہلے حملہ باہر کیا تھا لیکن یہ بچ کر ادھر آ گئے ...
ہمیں غصہ آ گیا اور ہم نے انہیں یہیں ختم کرنے کا فیصلہ
کر لیا"

"وہ جگہ کونسی ہے جس کے نیچے سے دس ہزار ڈالر
ملیں گے"

"ٹیلی فون بوتھ نمبر ۱۰۴ کی پٹائی کے نیچے سے"

"ہوں ! ہم ابھی چیک کر لیتے ہیں۔ تم لوگ روانہ
ہو جاؤ" اس نے دو کانسٹیبلوں کو اشارہ کیا ... وہ دوڑ
باہر نکل گئے۔

دونوں زخمیوں کے ہاتھوں میں ہتھکڑیاں پہنا دی گئیں ...

www.pdfbooksfree.pk



لاشوں کو اٹھا لیا گیا... اب انسپکٹر ان کی طرف مڑا۔
"یہ لوگ آپ کو کیوں قتل کرنا چاہتے ہیں؟"
"یہ تو آپ اس نامعلوم آدمی سے پوچھئے... ہم
جانیں... ہمارا تو مارے حیرت کے بُرا حال ہے۔ سب
پہلے تو فون بوتھ سے دس ہزار ڈالر ملنے چاہئیں... اور
کا جھوٹ ثابت ہو جائے گا۔" انسپکٹر کامران مرزا نے
"آپ لوگ کہاں سے آئے ہیں؟"
"پاک لینڈ سے۔" وہ بولے۔
"اور کس لئے آئے ہیں... اپنے نام وغیرہ بھی لکھ
"سیر و تفریح کے لئے آئے ہیں، نام لکھ لیں۔"
کر انہوں نے سب کے نام لکھوا دیئے۔
تھوڑی دیر بعد دونوں کانسٹیبل آ گئے... دس ہزار
کے نوٹوں کا ایک پیکٹ ایک کے ہاتھوں میں تھا۔
"یہ وہاں سے مل گیا ہے؟"
"اس کا مطلب ہے انہوں نے گمنام آدمی کے بارے
جھوٹ نہیں بولا... واقعی کسی نامعلوم آدمی نے انہیں یہ
کرنے کا حکم دیا تھا... تب تو آپ لوگ بہت خطرے
میں ہیں؟"
"کم خطرے میں تو ہم آج تک نہیں ہوئے۔" آفتاب

منہ بنایا۔
"جی کیا کہا..." انسپکٹر چونکا
"کچھ نہیں انسپکٹر صاحب... آپ اپنی بات کریں۔"
"یہاں پیشہ ور قاتل عام ملتے ہیں... اگر یہ لوگ ناکام
ہو گئے تو وہ نامعلوم دشمن کسی اور کو مقرر کر دے گا...
یہ بات بھی صاف نظر آتی ہے کہ اس کے پاس دولت
کی کمی نہیں۔ ان حالات میں تو آپ کو میں مشورہ دونگا
کہ آپ واپس اپنے وطن چلے جائیں۔" انسپکٹر نے روانی کے عالم
میں کہا۔
"آپ کا نام کیا ہے انسپکٹر صاحب؟" انسپکٹر کامران مرزا نے
مڑ کر پوچھا۔
"انسپکٹر ڈی کوزا۔"
"خوب صورت نام ہے۔" آفتاب بول پڑا۔
"تو مسٹر ڈی کوزا... ان حالات میں تو ہرگز نہیں جائیں
گے... اگر یہ معاملہ پیش نہ آیا ہوتا تو چلے بھی جاتے؟"
"کیا مطلب؟"
"جب تک ہمیں یہ معلوم نہیں ہو جاتا کہ وہ نامعلوم
آدمی کیوں ہمیں جان سے مار ڈالنا چاہتا ہے... اس وقت
تک ہم نہیں جائیں گے۔"

www.pdfbooksfree.pk



"ہم شاید اتنی جلدی اسے تلاش نہ کر سکیں۔"

"کوئی پروا نہیں ... ہم خود تلاش کر لیں گے اسے۔"

اب ہمیں اجازت ہے۔" انسپکٹر کامران مرزا نے مسکرا کر

"ہاں آپ جا سکتے ہیں ... لیکن میں آپ کے لئے

مند رہوں گا۔"

"شکریہ بہت بہت ... اگر ہم نے اسے تلاش کر

تو آپ کو اطلاع دے دیں گے۔" آصف نے شوخ آواز

کہا اور وہ بڑا سا منہ بنا کر اپنے ماتحتوں کو ہدایات دینے

وہ ایک میز پر آ کر بیٹھ گئے ... بہت سے لوگوں کی

اب ان پر جمی تھیں ... کیونکہ انسپکٹر کامران نے عجیب

میں ان کا مقابلہ کیا تھا ... اسی وقت ہوٹل کے سپیکر

آواز گونج اٹھی:

"خواتین و حضرات ... آج کے پروگرام کے مطابق

آپ کی خدمت میں ایک دلچسپ مقابلہ پیش کیا جا رہا

ہوٹل کا کوئی گاہک بھی اگر پسند کرے تو مقابلے میں

کر سکتا ہے ... تاکہ یہ خیال نہ کیا جائے کہ یہ مقابلہ

جگت ہے۔ سٹیج کی طرف متوجہ ہو جایئے ... آپ کو

نظر آئیں گے۔ ایک میرے ہوٹل کا ہے اور دوسرا

شیان کا ... ہوٹل شیان کا پہلوان نیلے کپڑوں والا ہے



... اس سے پوچھ سکتے ہیں ... ہم نے اس سے کوئی

... نہیں کیا ... جیتنے کی صورت میں یہ پہلوان تین ہزار

... ہارنے کی صورت میں بھی اسے ایک

... ضرور ملیں گے ... یہ مقابلہ انتہائی سنسنی خیز ہو گا ....

دونوں پہلوان مکہ بازی کے ماہر ہیں ... ہوٹل شیان کے پہلوان

... اعلان ہے کہ اس کا ایک ہی مکا ہمارے پہلوان کو چاروں

... دے گا۔ اور بات ہے بھی یہی۔ اب تک

... پہلوانوں کو بھی مسٹر شنگ کا مکا لگا ہے وہ چاروں

... ضرور گرا ہے اور پھر اٹھا نہیں ہے .... لیکن

... ہمارے پہلوان مسٹر روباٹ کا کہنا ہے کہ وہ مکا کھاتے

... بھی نہیں اور الٹا اپنا وار کر گزرے گا۔ جس کے بعد شیان

... پاؤں پر کھڑا نہیں رہ سکے گا ... چند سیکنڈ میں مقابلہ

... ہوا چاہتا ہے ... اب ہال میں مزید آدمیوں کی گنجائش

... نہیں رہی اس لئے ہال کے بیرونی دروازے بند کئے جا رہے

... ہیں ....."

ان الفاظ کے ساتھ ہی تمام گاہکوں نے زور سے تالیاں

... کیں ... البتہ انسپکٹر کامران مرزا پارٹی جوں کی توں بیٹھی رہی

... ساتھ ہی ہال میں اندھیرا ہو گیا۔ روشنی اب صرف سٹیج پر

... گئی تھی ... دونوں پہلوان ایک دوسرے کے سامنے کھڑے تھے

www.pdfbooksfree.pk



اور پورا سیٹج روشنی میں نہایا ہوا تھا۔ اس روشنی کی
سے ہال کے لوگ بھی سائے کی طرح نظر آ رہے تھے

ادھر اندر ٹی وی کی سکرین پر بھی اب ہال کے لوگ
نظر نہیں آ رہے تھے اس لئے انسپکٹر جمشید بولے:

"ہمیں بھی اب حال کا رخ کرنا چاہیئے۔۔۔ جگہ
مخصوص ہے ہی۔"

"ٹھیک ہے۔۔۔ لیکن ذرا جلدی کریں۔۔۔ کہیں مقابلہ
نہ ہو جائے۔" فرزانہ نے بے چین ہو کر کہا۔

"آؤ۔۔۔" وہ تیزی سے دروازے کی طرف بڑھ گئی۔

"اوہو۔۔۔ میں تو بھول ہی گیا۔۔۔ ہمیں تو ٹیکسی ڈ
سے ملنے کے لئے بھی جانا ہے۔۔۔ اور ہمارا دوست باہر
چکا ہو گا۔" اچانک انسپکٹر جمشید بولے:

"اوہ۔۔۔ دروازے تو بند کر دیئے گئے ہیں۔"

"آؤ۔۔۔ کاؤنٹر کلرک سے بات کرتے ہیں۔"

وہ سب کاؤنٹر پر جا کر رک گئے۔۔۔ ابھی پہلوانوں
مقابلہ شروع نہیں ہوا تھا۔۔۔۔ دونوں بازو ہلا ہلا کر
کے لئے خود کو تیار کر رہے تھے۔

"معاف کیجیے گا۔۔۔ ہمیں ذرا ایک ضرورت کے تحت جانا
جانا پڑ گیا ہے۔۔۔"



"اوہ۔۔۔ لیکن دروازے تو بند کر دیئے گئے ہیں۔۔۔ اور یہ
شاید ختم ہونے تک کھولے نہیں جا سکتے۔۔۔ اس لئے کہ باہر
تماشائیوں کا ایک ہجوم موجود ہے۔۔۔ وہ اندر امڈ آئے گا۔"

"پھر۔۔۔ کوئی اور راستہ؟"

"یہ مقابلہ صرف چند منٹ کا ہے۔۔۔ بلکہ شاید ایک منٹ
بھی نہ لگے۔"

"بہت اچھا۔۔۔ آؤ بھئی۔" یہ کہہ کر وہ لفٹ کی طرف آ گئے
۔۔۔ لفٹ میں سوار ہو کر اور والی منزل کا بٹن دبا دیا۔

"یہ کیا۔۔۔ آپ تو چھت پر جا رہے ہیں۔۔۔ کیا چھت
سے چھلانگ لگائیں گے؟" فاروق نے گھبرا کر کہا۔

"نہیں۔۔۔ ٹیکسی ڈرائیور کو پیغام دوں گا کہ ہم چند منٹ میں
باہر نکل سکیں گے۔"

"لیکن جمشید۔۔۔ آخر اس کی کیا ضرورت ہے۔ وہ باہر ہمارا
انتظار کرے گا۔"

"میں نے اسے چھ بجے کا وقت دیا تھا۔ اب ہمارا یہ
فرض بنتا ہے کہ ہم چھ بجے اس کے پاس پہنچ جائیں۔ چھ
بجنے میں ایک منٹ باقی ہے۔ اس وقت تک اسے پیغام مل
جانا چاہیئے۔"

"اوہ۔" پروفیسر حیران رہ گئے۔ "واقعی۔۔۔ اصول اس کا نام

www.pdfbooksfree.pk



ہے۔"

چھت پر آ کر انہوں نے نیچے دیکھا۔۔۔ اتنی بڑی ڈرائیور کو دیکھ لینا، پہچان لینا آسان کام نہیں تھا۔۔۔ انہوں نے کہا:

"فرزانہ۔۔۔ تم ذرا آنکھوں کی طاقت استعمال کرو!"

"جی بہتر۔" اس نے کہا اور آنکھیں نیچے جما دیں۔

نیچے سنسنی خیز مقابلہ شروع ہو چکا ہو گا۔ آفتاب مزے سے مقابلہ دیکھ رہے ہوں گے۔۔۔ اور ہم یہاں پر موجود ہیں۔"

"کیا کیا جائے۔۔۔ مجبوری ہے!" انسپکٹر جمشید نے کاغذ پر کچھ لکھتے ہوئے کہا، پھر کاغذ کو انہوں نے ایک پر لپیٹ دیا۔۔۔

"وہ رہا۔۔۔" فرزانہ نے جلدی سے کہا۔

انسپکٹر جمشید انگلی کی سیدھ میں دیکھ کر بولے:

"کیا تم یقین سے کہہ سکتی ہو؟"

"جی ہاں۔ بالکل۔۔۔" اس نے فوراً کہا۔

انسپکٹر جمشید نے اس کے سر کا نشانہ لیا اور کنکر دی۔۔۔۔ کنکر اس کے سر پر لگی۔

وہ چونکا اور پھر کنکر اٹھائی۔ کاغذ کو



پیغام پڑھا اور پھر اوپر دیکھ کر ہاتھ ہلا دیا۔

"آؤ بھئی۔۔۔ ہمارا فرض پورا ہو گیا۔"

نیچے پہنچے تو پورا ہال تالیوں سے گونج رہا تھا۔ اسی وقت رونی کی آواز گونجی:

"آپ نے دیکھا حاضرین۔۔۔ کتنا زبردست مقابلہ تھا۔ یہ مقابلہ ہوٹل شیان کا پہلوان مسٹر شنگ جیت گیا ہے۔۔۔ ہمارا پہلوان ہار گیا ہے۔۔۔ اس لئے ہوٹل کی طرف سے مسٹر شنگ تین ہزار ڈالر۔۔۔ انعام کے حق دار ہیں۔۔۔ یہاں سے رخصت ہوتے وقت انہیں ان کا انعام دے دیا جائے گا۔۔۔ لیکن اس سے پہلے ایک ضروری اعلان۔۔۔ ہال میں موجود لوگوں میں سے بھی اگر کوئی مسٹر شنگ سے مقابلہ کرنا چاہے تو میدان میں آ جائے۔۔۔ جیتنے کی صورت میں مسٹر شنگ کے تین ہزار ڈالر انہیں دے دیئے جائیں گے۔ کیوں مسٹر شنگ آپ کو کوئی اعتراض تو نہیں؟"

"بالکل نہیں۔" اس نے قدرے جھک کر کہا۔

ہال میں سناٹا چھا گیا۔

"کیا خیال ہے۔۔۔ میں اس کا مقابلہ کروں؟" خان رحمان بولے۔

"نہیں خان رحمان میرا خیال ہے انسپکٹر کامران مرزا مقابلہ

www.pdfbooksfree.pk



کریں گے :

انہوں نے ہال کی طرف دیکھا... کوئی بھی اٹھنا نہ

"حیرت ہے... انکل نہیں اٹھے :

"شاید ان کا موڈ نہیں ہے... لیکن میں اس

ضرورت محسوس کر رہا ہوں... اسی شہر میں ہمیں کی

حاصل کر لینی چاہیئے :"

ان کے الفاظ درمیان میں رہ گئے... روفن جو

میں کہہ رہا تھا :

"ایک منٹ پورا ہونا چاہتا ہے... اب تک کوئی

کے لئے نہیں نکلا... لہٰذا مقابلہ..."

"ایک منٹ مسٹر روفن..." انسپکٹر جمشید کی آواز آئی

سب کے منہ ان کی طرف گھوم گئے اور وہ آگے

کر سٹیج پر چڑھ گئے... باقی لوگوں نے اپنی جگہ کا

ہال میں ایک بار پھر تالیاں گونج اٹھیں۔

"اوہو مسٹر جمشید! یہ آپ ہیں... آپ کریں گے

"ہاں! آپ کے پہلوان کا اعلان تھا کہ مسٹر شنگ

مکا نہیں مار سکیں گے... میں بھی یہی اعلان کرتا ہوں

یہ مجھے ہاتھ نہیں لگا سکیں گے :"

"بہت خوب... واہ! ہال میں بہت سی تالیاں گونج



دونوں آمنے سامنے آ گئے... شیانگ نے مذاق اڑانے کے

انداز میں ان کی طرف دیکھا اور بولا :

"یہ مشرقی لوگ ڈینگیں بہت مارتے ہیں :"

"یہاں مشرق اور مغرب کا کوئی سوال نہیں... آپ مقابلہ

شروع کریں : انسپکٹر جمشید نے جل کر کہا۔

اور اس نے اچھل کر ایک زبردست مکا ان کی ٹھوڑی پر

مارا... لیکن مکا ہوا میں لہرا کر رہ گیا... انسپکٹر جمشید تو کئی

قلابازیاں کھا گئے تھے۔

"بہت خوب :" ہال میں آوازیں گونجیں۔

شنگ نے پھر وار کیا... اس بار اس نے پیٹ میں لات

رسید کی تھی... لیکن خود کمر کے بل گرا... انسپکٹر جمشید جھک

کر خود کو بچا گئے۔ پھر ہال تالیوں سے گونجا۔

"بھئی ذرا تیزی دکھائیں... میرا دھوبی ہے آپ مجھے ہاتھ

نہیں لگا سکیں گے :"

اب تو اس نے تابڑ توڑ مکے شروع کر دیئے... اور انسپکٹر

جمشید نے اچھل کود میں تیزی دکھائی... ابھی تک انہوں نے

خود اس پر وار نہیں کیا تھا۔

"کیا خیال ہے... حاضرین... اب ایک مکا میں بھی نہ مار

کر دیکھ لوں :"

www.pdfbooksfree.pk



"ضرور ... ضرور ... کیوں نہیں ؟ سب کے سب جہ
اس سے پہلے کہ شنگ بچاؤ کی تدبیر کر سکے
نے ایک بھرپور وار اس کی ٹھوڑی پر کیا ... اس کے
سے ایک بھیانک چیخ نکلی اور وہ پاتال شانے پر
لوگ بے تحاشہ تالیاں بجا رہے تھے ... اور سارے
میں روشنی ہو گئی ... انہوں نے بے ساختہ انسپکٹر کامران
میز کی طرف دیکھا اور حیرت زدہ رہ گئے۔



# وہ یہاں کہاں

ہال میں روفن کی چہکتی آواز گونج رہی تھی:
"بہت خوب! اتنا دلچسپ مقابلہ بھی کم ہی دیکھنے میں آیا
ہو گا۔ بہرحال مسٹر جمشید احمد تین ہزار ڈالر انعام کے حق
دار ہیں۔ مسٹر شنگ مجھے افسوس ہے۔ اب آپ
اٹھ جائیے۔"

لوگوں نے بھی مسٹر شنگ کی طرف دیکھا۔
لیکن اس کے جسم میں کوئی حرکت نہ ہوئی۔
مسٹر شنگ! روفن نے سٹیج کے پچھلی طرف سے آگے
آتے ہوئے کہا۔
لیکن شنگ ٹس سے مس نہ ہوا۔
"اوہو۔ یہ تو بے ہوش ہو گئے ہیں۔ ڈاکٹر وانگ۔
آپ کہاں ہیں؟"

www.pdfbooksfree.pk



"ابھی حاضر ہوا۔" ایک کونے سے آواز آئی۔

اور پھر سفید کوٹ میں ایک ڈاکٹر سٹیج پر آگیا۔ ٹنگ پر جھک گیا — اس کی کلائی پکڑ کر نبض ٹٹولنے لگا پھر اچھل کر کھڑا ہو گیا —

"ارے — یہ — یہ تو مر گیا ہے۔"

"کیا!!!" تمام ہال گونج اٹھا — خود انسپکٹر جمشید بھی دنگ سے رہ گئے — وہ مکا زور دار تو ضرور تھا — لیکن اس قدر بھی نہیں کہ دوسرا مر ہی جائے —

"اُف — یہ کیا ہوا — اب کیا ہو گا — ہوٹل شیان والے تو ہماری جان کھا لیں گے۔"

"سر — پولیس کو تو فون کرنا ہی ہو گا۔" ہوٹل کا ملازم بولا۔

"ہاں! کرو —" وہ مردہ آواز میں بولا۔

"آپ اپنی میز پر بیٹھیں — اور جب تک پولیس نہیں آ جاتی — اس وقت تک باہر جانے کی کوشش نہ کریں۔"

"بہت بہتر۔" انھوں نے کہا اور تھکے تھکے قدموں سے میز کی طرف چل پڑے — خود ان کا مارے رنج کے برا حال تھا — ایک انسان بلا وجہ ان کے ہاتھ سے مارا گیا تھا — انھیں رنج کیوں نہ ہوتا — ویسے انھیں حیرت بھی تھی



مکا ٹھوڑی پر لگا تھا — ایسی جگہ نہیں لگا تھا کہ موت واقع ہو جاتی —

میز پر بیٹھتے ہوئے انھوں نے دیکھا — روفن شیانگ پر جھکا اس کا دل ٹٹول رہا تھا — پھر وہ مایوسانہ انداز میں اٹھ کھڑا ہوا:

"نہیں — اس میں تو اب کچھ نہیں رہا۔"

اور پھر وہی پولیس انسپکٹر اپنے ماتحتوں کے ساتھ اندر داخل ہوا:

"انسپکٹر ڈی کوزا — آیئے — مجھے افسوس ہے — آپ کو اس قدر جلد دوبارہ زحمت دی گئی۔"

"کوئی بات نہیں — یہ تو میری ڈیوٹی ہے۔"

"ہوٹل شیان کا پہلوان مر گیا ہے۔"

"میں سن چکا ہوں — تفصیل بیان کریں۔" اس نے کہا۔

روفن نے تفصیل سنا دی — انسپکٹر ڈی کوزا سوچ میں پڑ گیا — آخر اس نے کہا:

"مجھ میں نہیں آ رہا کہ اب کیا کریں — مسٹر جمشید احمد کا ارادہ اسے ہلاک کرنے کا نہیں تھا — اور نہ مکا ایسا تھا کہ ایسی جگہ لگا — لیکن یہ بات بھی بہرحال ہے کہ وہ مر گیا ہے — اس لیے اب انھیں گرفتار تو کرنا ہو گا۔"

www.pdfbooksfree.pk



"مشکل ہے جناب۔" انسپکٹر جمشید میز پر سے اٹھ کر بولے۔

"جی — کیا مشکل ہے۔"

"آپ مجھے گرفتار نہیں کر سکتے — یہ مقابلہ ان سب لوگوں نے دیکھا ہے — یہ گواہ ہیں — مقابلہ کے لیے للکارا گیا — تو میں نے خود کو پیش کیا — میری مسٹر شنگ سے کوئی دشمنی بھی نہیں آخر کس بنیاد پر مجھے گرفتار کریں گے آپ — اسے ہم اتفاقی موت کہیں گے — دوسرے یہ کہ لاش کا پوسٹ مارٹم کرائیں — میں یہیں — ٹھہرا ہوا ہوں۔ اگر میرے ماتھے پر شکن بھی ہے — یہ شخص مرا ہے تو ضرور مجھے گرفتار کریں اگرچہ مجرم میں اس صورت میں بھی نہیں بن سکتا۔"

"ٹھیک ہے — ٹھیک ہے۔" تماشائی ایک ساتھ بولے۔

انسپکٹر نے پریشان ہو کر روفن کی طرف دیکھا۔

اور بلند آواز میں بولا:

"خاموش ہو جائیں — ہمیں بھی مسٹر جمشید احمد سے ضد نہیں ہے — اگر موت ان کے مکے سے نہیں ہوئی انھیں گرفتار نہیں کیا جائے گا — لہٰذا یہ اس وقت تک ہوٹل میں رہیں گے — جب تک پوسٹ مارٹم نہیں ہو جاتا۔ البتہ یہ ہوٹل سے باہر نہیں جا سکیں گے — کم از کم بات اپر انھیں کوئی اعتراض نہیں ہو گا۔"



"ٹھیک ہے — مجھے منظور ہے۔" ڈی کوزا بولا۔

اب انسپکٹر جمشید نے دبی آواز میں ان سے کہا:

"حالات حد درجے عجیب ہیں — انسپکٹر کامران مرزا اور ان کے ساتھی ہال سے غائب ہیں — جب کہ بیرونی دروازے بند ہیں — اندرونی دروازے کی طرف جانے کا کوئی جواز نہیں — دوسرے یہ کہ باہر ٹیکسی ڈرائیور انتظار کر رہا ہے — محمود، فاروق اور فرزانہ تم اس کے ساتھ جا کر ذرا پتا ڈرائیور کو چیک کر آؤ — ہم تینوں یہیں رہیں گے اور دیکھیں گے کہ انسپکٹر کامران مرزا پارٹی کے لیے کیا کیا جائے۔"

"بہت بہتر ابا جان! ہم چل دیتے۔"

تینوں اٹھ کر ہوٹل سے باہر نکل گئے۔

"آؤ بھئی — ہم ذرا مسٹر روفن سے بات کر لیں۔" انھوں نے کہا اور تینوں اٹھ کر روفن کے پاس آ گئے — ڈی کوزا نے بھی ان پر ایک نظر ڈالی۔

"مسٹر روفن — یہ ہوٹل آپ کا ہے — آپ اپنے کمرے میں بیٹھے پورے ہال کا منظر دیکھتے رہتے ہیں — ٹھیک ہے نا۔" انھوں نے سرسری لہجے میں کہا۔

"ہاں ہاں — بالکل ٹھیک ہے تو پھر — آپ کیوں پوچھ

www.pdfbooksfree.pk



رہے ہیں۔" روفی کے لہجے میں حیرت تھی۔

"فرض کریں — آپ کو کہیں جانا پڑ جاتا ہے — تو کیا
صورت میں آپ اپنے کمرے میں کسی دوسرے کو چھوڑ
ہیں۔"

"جی نہیں — خود کار آلات ہال کے منظر کو ریکارڈ
رہتے ہیں۔"

"بہت خوب! اس کا مطلب ہے — جس وقت سے
یہاں آئے ہیں — ہال کا منظر ریکارڈ ہو رہا ہے۔" اس
خوش ہو کر کہا۔

"ہاں! بات تو یہی ہے۔"

"شکریہ — جن صاحب نے سٹیج پر آ کر پہلوان سے
کیا تھا، وہ اور ان کے ساتھی ہال سے غائب ہیں —
بیرونی دروازے بند تھے۔"

"اوہو اچھا —" روفی حیران رہ گیا۔

"کیا ہوٹل سے باہر نکلنے کا کوئی اور راستہ بھی ہے۔"

"راستے تو کئی ہیں — لیکن ہم نے ان کو بند کر رکھا
اس لیے کہ جرائم پیشہ لوگ ایسے راستوں سے فائدہ اٹھاتے
ہیں۔"

"شکریہ! اب تو بات اور واضح ہو گئی — سوال یہ ہے کہ



لوگ کہاں غائب ہو گئے۔"

"یہ بات میرے لیے عجیب ترین ہے۔"

"لیکن ہم وہ فلم چلا کر یہ بات جان سکتے ہیں کہ وہ کہاں
گئے یا کیسے غائب ہوئے۔" انسپکٹر جمشید مسکرائے۔

"اوہ ہاں — واقعی — آیئے کمرے میں چل کر دیکھ لیتے ہیں۔"

"بہت بہت شکریہ۔"

"مسٹر ڈی کوزا — کیا آپ بھی چلیں گے۔" روفی انسپکٹر کی
طرف مڑا۔

"ہاں! اس معاملے میں میں بھی بہت دلچسپی محسوس کر رہا ہوں۔"
اس نے فوراً کہا۔

"تو پھر آیئے۔"

روفی انھیں اسی کمرے میں لے آیا جس میں کچھ دیر
پہلے وہ سب کچھ دیکھتے رہے تھے — ریکارڈ شدہ فلم وی سی آر
پر لگائی گئی — ہال کا منظر نظر آنے لگا — وہ ایک ایک سین
غور دیکھتے رہے — پھر انسپکٹر کامران مرزا اور ان کے ساتھی
ہال میں بیٹھے نظر آئے — پورے ہال پر کیمرہ گھومتا رہا — اور
پھر جب لگا کہ یہ انسپکٹر کامران مرزا کی میز کی طرف آیا تو وہ میز
پر نظر نہ آئے۔

"یہ — یہ کیا — اس میں تو وہ اٹھتے ہوئے نظر نہیں آئے۔"

www.pdfbooksfree.pk



خان رحمان نے بوکھلا کر کہا۔

"ہاں! اس وقت کیمرہ دوسری سمت میں گردش کر رہا تھا۔"

افسوس — ہم یہ معلوم نہیں کر سکتے کہ وہ کیسے غائب ہو گئے۔" روفی کے لہجے میں الجھن تھی۔

"لیکن جناب — یہ آپ کا ہوٹل ہے — اور آپ کے ہوٹل سے چند آدمی غائب ہوئے ہیں۔"

"آپ ہی بتائیے — میں کیا کر سکتا ہوں — اس میں میرا کیا قصور —" اس نے کندھے اچکائے۔

"ہم یہ چیز اخبارات میں شائع کرائیں گے۔"

"آپ کی مرضی —" اس نے منہ بنایا۔

"آؤ بھئی چلیں —" انسپکٹر جمشید نے تنگ آ کر کہا۔

"ایک منٹ ٹھہریں — انھوں نے انسپکٹر ڈی کوزا کی بات کاٹ کر اور پھر ان کی طرف مڑ گئے۔

"اس میں کوئی شک نہیں کہ مسٹر روفی اس معاملے میں بالکل بے قصور ہیں — خود آپ نے اپنی آنکھوں سے فلم دیکھ لی ہے — ہم اتفاق ہی کر سکتے ہیں — کہ کیمرہ اس وقت ان کی طرف نہ گھوما ہو — ورنہ ہم یہ دیکھ سکتے تھے کہ وہ کہاں گئے ہیں — ہم انھیں تلاش کرنے کی کوشش کریں گے — آپ پولیس کو رپورٹ درج کرا دیں۔"



"اچھی بات ہے — ہم یہ بھی کیے لیتے ہیں —" انھوں نے کہا اور کمرے سے نکل آئے۔

"یہ تو بہت عجیب بات ہو گئی — ہم تو آئے تھے اس طوفان کے چکر میں — اور اب شاید پڑ جائیں انسپکٹر کامران مرزا کے چکر میں۔" پروفیسر داؤد نے منہ بنایا۔

"حیرت انگیز ترین بات یہ ہے کہ انسپکٹر کامران مرزا یہاں کہاں؟" انسپکٹر جمشید بولے۔

"جمشید — اگر ہم یہاں ہو سکتے ہیں تو وہ یہاں کیوں نہیں ہو سکتے —" پروفیسر داؤد بولے۔

"آپ — آپ کا مطلب ہے — وہ بھی اس جزیرے اور طوفان کے چکر میں آئے ہوں گے —" انسپکٹر جمشید بولے۔

"نہیں خیر — میں یہ تو نہیں کہہ سکتا —" پروفیسر مسکرائے۔

وہ ہوٹل سے نکل کر پولیس اسٹیشن پہنچے — انسپکٹر کامران مرزا وغیرہ کی گم شدگی کی رپورٹ درج کرائی اور پھر واپس پلٹے — جونہی وہ اپنے کمرے کے دروازے پر پہنچے، ٹھٹک کر رہ گئے — دروازے میں ایک بڑا سا خنجر پیوست تھا۔

www.pdfbooksfree.pk



# چار چہرے

یہی ہے اس ٹیکسی ڈرائیور کا گھر۔" ان کے ساتھ
نے کہا۔
"شکریہ" محمود نے کہا اور آگے بڑھ کر دستک دی
"میرا خیال ہے — مجھے یہاں سے چلے جانا چاہیے
آپ کے ساتھ مجھے دیکھ کر وہ میرا دشمن نہ بن جائے"
ٹیکسی ڈرائیور بولا۔
"ہاں ٹھیک ہے — آپ کا بہت بہت شکریہ۔ اب
سکتے ہیں۔" محمود بولا۔
"خیر — میں اس حد تک نہیں جاؤں گا — سڑک پر آپ
انتظار کروں گا۔" اس نے مسکرا کر کہا۔
"یہ زیادہ بہتر رہے گا۔" محمود نے خوش ہو کر کہا۔
ٹیکسی ڈرائیور چلا گیا — اسی وقت دروازہ کھلنے کی آواز سنائی دی۔



ایک عورت کی صورت نظر آئی —
"یہیں سٹر کانگو سے ملنا ہے۔"
"جب سے آیا ہے — اپنے کمرے سے نہیں نکلا — آوازیں
دے دے کر تھک چکی ہوں — اگر تم اس کے دوست ہو تو آپ
جا کر جگا لو۔" اس نے زینے کی طرف اشارہ کیا۔
تینوں نے ایک دوسرے کی طرف دیکھا — جیسے کہہ
رہے ہوں —
"اب کیا کریں بھئی —"
"آؤ۔" محمود نے بے فکری کے عالم میں کہا اور آگے بڑھ
گیا اور داخل ہو گیا — مکان زیادہ بڑا نہیں تھا — عورت نے
زینے کی طرف اشارہ کیا — تینوں سیڑھیاں چڑھ کر اوپر پہنچے —
کمرے کا دروازہ کھلا تھا اور وہی ڈرائیور بستر پر لیٹا تھا،
اس کی آنکھیں چھت پر جمی تھیں — دونوں ہاتھ سر کے نیچے
"ہیلو سٹر — آپ ہمیں دیکھ کر حیران تو ضرور ہوں گے —
شاید اتنا زیادہ حیران بھی نہ ہوں — کیوں کہ آپ ہم سے
واقف نہیں ہیں۔"
ڈرائیور کے جسم میں کوئی حرکت نہ ہوئی تو انہیں بہت
حیرت ہوئی:

www.pdfbooksfree.pk



"ہائیں — آنکھیں کھول کر سو گئے کیا آپ —" فرزانہ چونک کر کہا۔

"شاید بند کرنا بھول گئے۔" محمود نے گھبرا کر کہا۔

"اُف مالک — یہ — یہ تو جا چکا ہے۔" فرزانہ کر کہا۔

"کک — کہاں؟"

"دوسری دنیا میں —" وہ بولی۔

تینوں تیزی سے آگے بڑھے — ڈرائیور کا جسم سرد تھا — وہ واقعی مر چکا تھا — انھوں نے اس کے اوپر سے چادر ہٹائی تو سینے میں ایک خنجر نظر دستے تک پیٹ میں دھنسا ہوا تھا — پورا بستر خون ہو چکا تھا — ان کی نظریں خنجر کے دستے پر چپک گئیں — دستہ سنہری رنگ کا تھا اور اس پر ہیرے جڑے ہوئے تھے —

"اس بے چارے کو قتل کر دیا گیا ہے۔" محمود بڑ

"ہاں! تاکہ یہ ہمیں کچھ نہ بتا سکے —" فرزانہ نے کہا۔

"لیکن اب ہم کیا کریں — اگر خاموشی سے یہاں سے ہیں — تو عورت پولیس کو ہمارا حلیہ بتائے گی — اور



پولیس کو فون کرتے ہیں تو یہاں ٹھہرنا پڑے گا۔"

"یہی بہتر رہے گا — ہمیں کم از کم الجھنا چاہیے — ہم اپنے ملک تو ہیں نہیں —"

"تب پھر — پہلے میں اس کی تلاشی لے لوں — شاید کوئی کام کی چیز مل جائے —" محمود نے کہا اور اس کی جیبوں کی تلاشی لینے لگا — لیکن شاید جیبوں کی پہلے ہی تلاشی لی جا چکی تھی — پھر بھی ایک جیب سے ایک معمولی سی چیز محمود کے ہاتھ لگ ہی گئی — شاید قاتل نے اس چیز کو بالکل غیر اہم خیال کیا تھا — یہ چیز ایک چھوٹی سی نوٹ بک تھی، جس میں صرف ٹیلی فون نمبر درج تھے —

محمود نے نوٹ بک جیب میں ڈال لی اور زینوں نیچے اتر آئے —

"کہاں — مل آئے تم اس سے؟"

"کیا آپ اس کی ماں ہیں؟"

"نہیں — میں نوکرانی ہوں۔" اس نے کہا۔

"اسے کسی نے قتل کر دیا ہے — پولیس کو فون کرنا پڑے گا۔"

"کیا کہا —" وہ بلند آواز میں چلائی۔

"ہاں! اسے مرے ہوئے تو کافی دیر ہو چکی ہے۔"

www.pdfbooksfree.pk



"اوہ — اوہ — اسی لیے وہ میری بات کا جواب نہیں دے رہا تھا۔"

"کیا ہم سے پہلے کوئی اور بھی اس سے ملنے آیا تھا؟"

"ہاں! وہی تھا — جو اکثر اس سے ملنے کے لیے آتا رہتا ہے — جوگٹ نام ہے اس کا۔"

"اور یہ مسٹر جوگٹ کہاں رہتے ہیں؟"

"میں نہیں جانتی۔"

"اس کا حلیہ تو بتا سکتی ہیں؟"

"ہاں ضرور — کیوں نہیں — وہ لمبے قد کا دبلا پتلا آدمی ہے — چہرے سے ہی بدمعاش لگتا ہے۔"

"کچھ اور وضاحت کریں نا؟"

"اس کی ناک کی نوک پر نیلے رنگ کا ایک بڑا سا تل ہے اور یہ نشانی ایسی ہے — کہ اسے آسانی سے پہچانا جا سکتا ہے۔"

"اور آپ یہ بھی نہیں بتا سکیں گی کہ وہ رہتا کہاں ہے۔"

"بھلا میں کیا جانوں — کانگو سے اکثر ملنے آتا رہتا تھا — میں تو بس اتنا جانتی ہوں۔"



"ہوں — پولیس کو فون کر دیں — ہم اس کے آنے تک یہیں ٹھہریں گے۔"

پندرہ منٹ بعد پولیس وہاں پہنچ گئی — اس نے واقعات کا بیان لیا، ان سے پوچھ گچھ کی — پولیس کا ایک سوال یہ تھا:

"آپ کا مسٹر کانگو سے کیا تعلق ہے؟"

"کوئی تعلق نہیں — ہم تو ویسے ہی یہاں سیر و سیاحت کے لیے آئے ہوئے ہیں — اس کی ٹیکسی میں سفر کیا تھا — ہمیں برموڈا سے بہت دلچسپی ہے — اور یہ اس سلسلے میں کچھ جانتے تھے — بس ہم تو وہی معلوم کرنے آئے تھے۔"

"برموڈا —" انسپکٹر نے چونک کر پوچھا۔

"ہاں! برموڈا — کیا آپ ہمیں اس بارے میں کچھ بتا سکتے ہیں؟" گھوڈ بولا۔

"کوئی بھی کچھ نہیں بتا سکتا — اس لیے کہ کوئی کچھ جانتا نہیں۔" اس نے منہ بنایا۔

"خیر — کیا اب ہمیں اجازت ہے۔"

"ہاں! لیکن آپ بغیر اجازت ملک سے نہیں جا سکتے — جب تک کہ ہم اس قتل کے سلسلے میں آپ لوگوں کی طرف سے مطمئن نہیں ہو جاتے۔"

www.pdfbooksfree.pk



"جب کہ اصولی طور پر آپ کو مطمئن ہو جانا چاہیے تھا
اس لیے کہ اس عورت کا بیان بالکل واضح ہے۔
قاتل اگر کوئی ہو سکتا ہے تو مسٹر کانگو کا دوست ہوگا
یہ بات ٹھیک ہے۔ آپ کے لیے پابندی
رہے گی۔"

"اچھی بات ہے۔ ہم بغیر اجازت ملک سے نہیں جائیں
"شکریہ۔ آپ جا سکتے ہیں۔"

وہ باہر نکل کر سڑک پر آئے۔ ڈرائیور
انتظار کر رہا تھا۔

"بہت دیر لگائی۔"

"کیا کرتے۔ مسٹر کانگو کو تو کسی نے قتل کر دیا ہے۔"

"کیا!!!" وہ دھک سے رہ گیا۔

"ہاں! کیا آپ کسی ایسے آدمی کو جانتے ہیں۔ جو
اور دبلا پتلا ہے۔ اس کی ناک کی نوک پر ایک
رنگ کا بڑا سا تل ہے؟"

"نہیں! لیکن اس حلیے کا آدمی شاید میں نے کہیں
دیکھا تو ہے۔" اس نے سوچ میں گم ہوتے ہوئے

"اگر یاد آ جائے تو ضرور بتائیے گا۔"

"اچھی بات ہے۔"

تینوں ٹیکسی میں بیٹھ گئے۔ اسی وقت اس نے کہا،
"یاد آ گیا۔ ان دونوں کو میں نے ایک مرتبہ سمندر کے
ایک ریستوران میں دیکھا تھا۔"

"اس ریستوران کا نام تو بتا سکتے ہیں آپ۔ بلکہ آپ
وہاں لے ہی چلیں۔" فاروق نے کہا اور جلدی سے محمود کی
طرف دیکھا۔

"ہاں! کوئی حرج نہیں۔ ریستوران کا نام سی پوائنٹ ہے۔"

ٹیکسی اس ریستوران کی طرف روانہ ہو گئی۔ ریستوران
میں داخل ہو کر انھوں نے سرسری نظر سب لوگوں پر ڈالی اور پھر
ایک خالی میز کی طرف بڑھ گئے۔

ریستوران میں اگرچہ اس حلیے کا کوئی آدمی موجود نہیں تھا۔
کئی جانے پہچانے چہرے ایسے نظر آتے تھے کہ تینوں حیرت زدہ رہ
گئے تھے۔ انھیں ایک فی صد بھی ان کے یہاں نظر آنے
کی امید نہیں تھی۔

"یہ ہم کیا دیکھ رہے ہیں۔" فاروق نے دبی آواز میں کہا
"رنگ۔ کیا دیکھ رہے ہیں۔ کیا وہ نظر آ گیا ہے۔" ڈرائیور
نے چونک کر پوچھا۔

"نہیں۔ وہ نہیں۔ البتہ کچھ اور لوگ ضرور نظر آتے ہیں۔"

www.pdfbooksfree.pk



محمود نے یہ کہتے ہوئے ان کی طرف دیکھا۔

"یہ کون ہیں؟" اس کے لہجے میں حیرت تھی۔

"ہمارے دوست۔ لیکن یہ یہاں کیسے پہنچ گئے۔ اس بات جتنا بھی حیران ہوں۔ کم ہے۔ اوہو۔ یہ۔ ان کی طرف کون بڑھ رہا ہے۔" محمود کے لہجے میں اور حیرت شامل ہو

"اس ریستوران کے مالک۔ مسٹر ٹاوان۔"

ٹاوان ان کی میز پر بیٹھ گیا اور ہنس ہنس کر ان باتیں کرنے لگا۔

"یہ تو ایسا لگتا ہے جیسے آپس میں گہرے دوست ہوں۔"

"ہاں! لیکن یہ دوست ہو نہیں سکتے۔" فاروق بڑبڑایا۔

"کیوں۔ کیوں؟" وہ ہکلایا۔

"آپ کا نام ہم نے اب تک نہیں پوچھا۔ حالانکہ بہت دیر پہلے آپ ہمارے دوست بن چکے ہیں۔"

"میں انعام خان ہوں۔"

"تو مسٹر انعام خان۔ یہ صاحب ان چاروں کے دوست اس لیے نہیں ہو سکتے کہ یہ اس ملک میں پہلی بار آئے ہیں اور مسٹر ٹاوان بھی ہمارے ملک میں کبھی نہیں آئے گے۔"

"لیکن بھئی۔ یہ قلمی دوست تو ہو سکتے ہیں۔" انعام



نے کہا۔

"قلمی دوست۔ اوہ ہاں۔ اس کا امکان تھا۔ لیکن ایسا بھی نہیں ہے۔"

"وہ کیوں؟" انعام خان بولا۔

"یہ چاروں کسی کو قلمی دوست بنانا پسند نہیں کرتے۔ یہ کوئی اور معاملہ ہے۔"

"آخر یہ کون لوگ ہیں۔"

"انہیں شوکی برادرز کہتے ہیں۔ ہمارے بہت گہرے دوست ہیں۔" محمود نے کہا۔

"تو پھر آپ اٹھ کر ان سے ملتے کیوں نہیں؟"

"ہم ذرا تیل دیکھنا چاہتے ہیں اور تیل کی دھار بھی۔" فاروق مسکرایا۔

"کیا مطلب؟" وہ چونکا۔

"مطلب یہ کہ۔ یہ ملاقات کیوں اور کس سلسلے میں ہو رہی ہے۔ پہلے یہ جان لیں۔ پھر ملاقات کر لیں گے۔"

"ہوں! جیسے آپ کی مرضی۔" اس نے کندھے اچکائے۔

اسی وقت انھوں نے ان پانچوں کو اٹھتے دیکھا۔

"لیجیے۔ وہ تو اٹھ رہے ہیں۔"

www.pdfbooksfree.pk



"تو کیا ہوا — ہم بھی اٹھ جاتے ہیں۔" فاروق بولا۔

شوکی برادرز اور مسٹر ٹاوان جلد ہی ریسٹوران سے باہر نکلتے نظر آئے — انھوں نے بھی باہر کا رخ کیا۔ ابھی تک کچھ کھانے پینے کا تو موقع ہی نہیں آیا تھا بل ادا کرنے کے لیے رکنا پڑتا۔

باہر نکل کر انھوں نے انھیں ایک لمبی سی سرخ کار میں بیٹھتے دیکھا — وہ بھی تیزی سے ٹیکسی کی طرف بڑھے — ایک منٹ بعد وہ سرخ کار کا تعاقب کر رہے تھے — ان کی حیرت میں ہر لمحے اضافہ ہو رہا تھا۔

"یہ — یہ سب کیا چکر ہے جیجی —" فرزانہ بولی۔

"شاید چکر اتنی آسانی سے سمجھ میں آنے والا نہیں۔" محمود بڑبڑایا۔

"حیرت تو یہ ہے کہ انکل کامران مرزا پارٹی میں موجود ہے — کہیں ہم کسی سازش کے تحت تو یہاں نہیں ہو گئے۔"

"ان دونوں پارٹیوں کے بارے میں تو کچھ نہیں کہا جا سکتا — لیکن ہم کسی سازش کا شکار نہیں ہوئے ہیں۔ ہمیں تو اس جہاز نے اپنی طرف متوجہ کیا تھا۔"

"ہوں! بات تو ٹھیک ہے — لیکن ہو سکتا ہے



ان لوگوں نے بھی جہاز کی یہ خبریں سن لی ہوں اور انھوں نے بھی اسی سمت کا رخ کر لیا ہو۔"

"ابھی کچھ نہیں کہا جا سکتا — ویسے میرا جی چاہ رہا ہے — اس سرخ کار سے آگے نکل جاؤں — اور اسے روک کر شوکی برادرز سے ملاقات کر لوں — اور پوچھوں — بھئی شوکی — یہ سب کیا ہے۔"

"لیکن میرا مشورہ ہے — بس ہم صبر ہی کر لیں تو بہتر ہے۔" فرزانہ بولی۔

"بہت بہتر! لیکن اس موقع پر صبر کرنا ہے بہت مشکل۔"

"تو پھر بہت میٹھا پھل مل جائے گا — فکر نہ کرو۔" فاروق مسکرایا۔

"اور یہ — یہ تو اس طرف جا رہے ہیں۔" انعام خان چونکا "کس طرف۔"

"اب میں سمجھ گیا — کیا چکر ہے۔"

"کیا سمجھ گئے آپ — ذرا جلدی سے ہمیں بھی بتا دیں۔"

"اس شہر میں بے شمار ٹیلیں گم شدہ جہازوں کے چکر لگتی ہیں — کیوں کہ ان جہازوں میں انتہائی قیمتی چیزیں بھی موجود ہیں — اگر کوئی پارٹی — ان میں سے کسی گم شدہ جہاز کو پا لیتی ہے — تو بے شمار دولت حاصل کر سکتی ہے۔"

www.pdfbooksfree.pk



"سوال یہ ہے کہ یہ لوگ کہاں جا رہے ہیں۔"

"غوطہ خوروں کی بستی میں — ایسی پارٹیاں غوطہ خوروں
معاملات طے کرتی ہیں — اور پھر اپنے تجویز کردہ مقام پر
غوطہ لگانے کے لیے کہتی ہیں — غوطہ خور اسی مقام پر سمندر
تہ میں جاتے ہیں۔"

"لیکن غوطہ خوروں پر اعتماد کس طرح کیا جا سکتا ہے
فرض کر لیتے ہیں کہ انھیں کوئی جہاز نظر آ جاتا ہے
تو پھر کیا وہ اوپر آ کر بتا بھی دیں گے — وہ خود
دولت کو کیوں حاصل نہیں کرنا چاہیں گے۔"

"یہی ان پارٹیوں کا سب سے بڑا مسئلہ ہے —
اس کی ترکیب اس طرح کی جاتی ہے — کہ ہر غوطہ
پارٹی کے ساتھ اپنا ایک آدمی بھیجا جاتا ہے — غوطہ
کو رسیوں سے باندھ کر نیچے بھیجا جاتا ہے — ان
نام پتے اور رشتہ داروں تک کے نام پتے لکھے جا
ہیں — تب کہیں جا کر غوطہ لگوایا جاتا ہے۔"

"ہوں! آج تک کوئی جہاز نظر بھی آیا۔"

"نہیں۔" اس نے کہا۔

"تب تو یہ لوگ برابر سرمایہ ضائع کر رہے ہیں۔"



"ہاں! بس یہ ایک برا ہے — اگر جہاز مل گیا تو وارے
ہے — ورنہ سراسر نقصان۔"

اسی وقت سرخ کار رکتی نظر آئی — اور
پھر ان تینوں کو ایک اور زبردست جھٹکا لگا — ان کی
آنکھیں حیرت سے پھیلتی چلی گئیں —

www.pdfbooksfree.pk



# روفن

خنجر کے نیچے ایک سفید رنگ کا کاغذ بھی ہو
خان رحمان جلدی سے آگے بڑھے ہی تھے کہ انسپکٹر
بول اٹھے:
"ایک منٹ خان رحمان — دستے پر انگلیوں کے نشان
ہو سکتے ہیں۔"
"اوہ!" ان کے منہ سے نکلا اور ٹھٹک کر رک گئے۔
انسپکٹر جمشید نے جیب سے رومال نکالا
کو احتیاط سے پکڑ کر کھینچ لیا — کاغذ نیچے گر گیا۔
خان رحمان نے اٹھا لیا — اسے کھولا گیا تو یہ الف
آئے:
"ہم تم لوگوں کی یہاں موجودگی پسند نہیں کرتے
یہ بات نہیں کہ تم ہمارے لیے کسی خطرے کا



ثابت ہو سکتے ہو — یا ہم تم سے خوف زدہ ہیں۔
بات صرف اتنی سی ہے کہ ہم اپنا کام نہایت
اطمینان سے کرنا چاہتے ہیں — لہٰذا تم لوگ یعنی
تینوں پارٹیاں فوراً اپنے ملک چلی جائیں — ورنہ تم
لوگوں کو سمندر میں غرق کر دیا جائے گا — اس پیغام
کے بعد دوسرا پیغام صرف موت کا پیغام ہو گا۔"
نیچے کسی کا نام نہیں تھا — انسپکٹر جمشید کی
پیشانی پر بل پڑ گئے — پھر ان کے منہ سے نکلا:
"تینوں پارٹیاں — انسپکٹر کامران مرزا پارٹی کو تو خیر ہم دیکھ
چکے ہیں — لیکن کیا شوکی برادرز بھی یہیں ہیں؟"
"اس کے علاوہ اور کیا کہا جا سکتا ہے — لیکن سوال
یہ ہے کہ وہ کہاں ہیں —" پروفیسر داؤد کے لہجے میں بھی
پریشانی تھی۔
"کہیں موجود ہوں گے — تبھی تینوں کا لفظ لکھا گیا ہے،
سوچنے کی بات یہ ہے کہ ہوٹل کے اندر یہاں خنجر کون پیوست
کر گیا — اس کا مطلب تو یہ ہوا کہ ہم پوری طرح ان لوگوں
کی نظروں میں ہیں — لیکن کیوں — انھیں ہم سے کیا خطرہ ہے،
یہ لوگ یہاں کیا کر رہے ہیں؟" انھوں نے جلدی جلدی کہا۔
"کون لوگ —" خان رحمان چونکا۔

www.pdfbooksfree.pk



یہی۔ جنھوں نے یہ پیغام لکھا ہے۔"

"پتا نہیں کیا چکر ہے — اس قدر حیرت انگیز
تک ہو چکی ہیں کہ ذہن میں جمع کرنا بھی مشکل ہے۔"
بولے۔

"سب سے پہلے تو خنجر پر انگلیوں کے نشانات
گے — آیئے۔"

وہ کمرے میں داخل ہو گئے — انسپکٹر جمشید نے
بیگ میں ایک چھوٹی سی شیشی نکالی — اس میں
قسم کی کوئی چیز تھی — تھوڑا پاؤڈر انھوں نے
دستے پر چھڑکا تو انگلیوں کے نشانات صاف نظر
"بہت خوب! نشانات تو مل گئے — وہ چمکے
ہیں سے کیمرہ نکال کر ان نشانات کی دو تین تصاویر
نصف منٹ بعد نشانات کی تصاویر ان کے سامنے
اور وہ انھیں بغور دیکھ رہے تھے — آخر ان تصاویر
نے جیب میں ڈال لیا۔

"محمود — فاروق اور فرزانہ اب تک لوٹ کر نہیں
انھیں اتنی دیر نہیں لگنا چاہیے تھی۔" خان رحمان
ہو کر کہا۔

"شاید وہ بھی کہیں الجھ گئے۔" انسپکٹر جمشید مسکرا



"شاید! میں انسپکٹر کامران مرزا وغیرہ کے لیے فکرمند ہوں۔
وہ کہاں چلے گئے۔"

"اس بات پر میں بھی — ارے — ایک منٹ — آیئے ذرا
کر لیں کہ اس میز کا جائزہ لیں — جس پر وہ بیٹھے تھے۔"

"اس میز سے کیا معلوم ہو گا۔" پروفیسر صاحب کے لہجے
حیرت تھی۔

"کچھ معلوم ہوتے دیر بھی کیا لگتی ہے۔" خان رحمان نے

تینوں ہال میں آئے اور اس میز پر آ کر بیٹھ
— اسی پر انسپکٹر کامران مرزا وغیرہ بیٹھے نظر آئے تھے۔
نے پورے ہال پر ایک سرسری نظر ڈالی — کوئی ان
طرف متوجہ نہیں تھا۔

"سب لوگ اپنے آپ میں مگن ہیں — لیکن ایک شخص
ہماری طرف دیکھ رہا ہو گا۔" انسپکٹر جمشید نے سرگوشی کی۔

"تمھارا مطلب ویٹر سے ہے۔" خان رحمان نے کہا۔

"ہاں! خیر کوئی بات نہیں — دیکھ رہا ہے تو دیکھتا ہے،
کر سکتے ہیں — انھوں نے کندھے اچکا دیے اور میز اور
کرسیوں کا جائزہ لینے لگے — میز کے ایک پائے پر انھیں
کچھ لگا نظر آیا — بے خیالی میں انھوں نے بٹن دبا دیا۔

www.pdfbooksfree.pk



دوسرا لمحہ حیران کن ترین تھا — فوراً ہی ایک بہت بڑا گھنٹا ہوا تھا — اور میز کے بالکل نیچے انہیں سیڑھیاں آنے لگیں — انھوں نے آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر ان سیڑھیوں کو دیکھا — دوسری میزوں پر بیٹھے لوگ ان سیڑھیوں کو نہ دیکھ سکتے تھے — اور جس وقت انسپکٹر کامران مرزا غائب ہوئے اس وقت تو سب لوگ سٹیج کی طرف دیکھ رہے تھے۔ انسپکٹر جمشید نے بٹن پھر دبایا تو سیڑھیاں غائب ہو گئیں اور فرش میں سے فرش کا ٹکڑا نکل کر خلا پر آ گیا۔ انھوں نے فوراً جیب میں سے قلم اور کاغذ نکالا اور ایک فون نمبر لکھا —

"خان رحمان! اس نمبر پر رنگ کر آؤ ذرا۔" انھوں نے سرسری انداز میں کہا۔

انھوں نے سمجھ جانے والے انداز میں ہلایا اور کاؤنٹر پر چلے گئے — سلسلہ ملتے ہی انہیں ڈی کوزا کی آواز سنائی دی — وہ کہہ رہا تھا،

"یس سر — ہمارے لائق کوئی خدمت؟"

"ایک بہت سنسنی خیز معاملہ ہے — ہوٹل کی کیٹ آیئے۔"

"آپ کا نام؟"

خان رحمان — ہماری آپ سے پہلے ہی ملاقات ہو چکی

اچھی بات ہے — میں آ رہا ہوں — لیکن یہ یاد رکھیے — وقت ضائع نہ ہو۔"

بالکل ضائع نہیں ہو گا — بس آپ آ جائیں۔" انھوں نے اور ریسیور رکھ دیا۔

ٹھیک چھے منٹ بعد انسپکٹر ہال میں داخل ہوا اس وقت اس کے پیچھے تھے — خان رحمان نے ہاتھ کا اشارہ دیا — وہ تیر کی طرح ان کی طرف آیا — اور پھر کرسی پر بیٹھتے ہوئے اس نے کہا،

کیا معاملہ ہے جناب — آپ بہت حیران نظر آ رہے

کیا کیا جائے — مجبوری ہے۔"

کیا مطلب — مجبوری کیسی —" اس نے چونک کر کہا۔

ہم نے یہ سراغ لگا لیا ہے کہ مسٹر کامران مرزا اور ان کے ساتھی کہاں غائب ہوئے ہیں۔"

ں — نہیں —" انسپکٹر ڈی کوزا کے منہ سے حیرت زدہ

ں نکلا۔

ی کیا مطلب — اس نہیں سے آپ کی کیا مراد ہے؟"

www.pdfbooksfree.pk



انسپکٹر جمشید نے اسے گھورا۔

"میرا مطلب ہے — آپ نے کس طرح سراغ لگا لیا۔
سراغ رساں ہیں۔"

"ہر انسان ستوا بہت تو سراغ رساں ہوتا ہی ہے"
انسپکٹر جمشید مسکرائے۔

"ہاں! یہ تو ہے — خیر — بتایئے — آپ کے ساتھی
ہیں۔"

"اسی ہوٹل میں۔" انھوں نے یک دم کہہ دیا۔
"کیا کہہ رہے ہیں آپ۔" انسپکٹر ڈی کوزا دھک
گیا —

"ملاحظہ فرمائیں ثبوت —" یہ کہہ کر انھوں نے ہاتھ
فرش میں فوراً خلا پیدا ہو گیا اور سیڑھیاں نظر آنے
انسپکٹر ڈی کوزا کی حیرت کا کیا
اس نے کہا:

"اُف اللہ — یہ میں کیا دیکھ رہا ہوں۔"

"اور اس کا مطلب ہے — مسٹر روفن کو معلوم
وہ کہاں ہیں — لیکن انھوں نے آپ کو نہیں بتایا —
ہوا لگنے دی — گویا انھوں نے ہمارے ساتھیوں کو
میں رکھا ہوا ہے۔" خان رحمان نے جلدی جلدی کہا۔



آپ کے ساتھیوں کو — تو کیا وہ آپ کے ساتھی تھے۔"
انسپکٹر جمشید نے مسکرا کر خان رحمان کی طرف
دیکھا۔ انھوں نے یہ بات ظاہر نہیں کی تھی کہ
خان رحمان مرزا ان کے ساتھی ہیں — لیکن اب یہ بات
خان رحمان کی مہربانی سے انھیں معلوم ہو گئی تھی۔

"ہاں! یہی سمجھ لیں۔"

"آیئے — ہم مسٹر روفن سے بات کریں۔"

"بات بعد میں کریں — پہلے اسے گرفتار کر لو۔"

"گرفتاری کا مرحلہ بعد میں طے ہو گا — آیئے۔" اس

وہ اٹھے اور روفن کے دروازے پر پہنچے۔

"آیئے جناب!" ابھی انھوں نے دستک نہیں دی تھی
آواز سنائی دی۔

"تو آپ کو معلوم ہے کہ ہم آ رہے ہیں۔" انسپکٹر جمشید
دروازہ کھولتے ہوئے کہا۔

"بھلا معلوم کیوں نہ ہو گا — جب کہ میں یہاں بیٹھا
ہوں — بال کا جائزہ لیتا رہتا ہوں۔" اس نے مسکرا کر کہا۔

"اب دیکھ رہے ہیں انسپکٹر صاحب۔"

"ہاں! دیکھ رہا ہوں — مسٹر روفن — یہ تہ خانے کا کیا

www.pdfbooksfree.pk



معاملہ ہے اور کیا ان کے ساتھی واقعی تہ خانے میں

"ہاں جناب — یہ بات ٹھیک ہے — میں یہ بات
گا نہیں"

"اب چھپا بھی کس طرح سکتے ہیں — ہم سیڑھی
آنکھوں سے دیکھ چکے ہیں"

"مسٹر روفن — ہمیں اس تہ خانے میں لے چلیے"
کے لہجے میں سختی تھی۔

"جی — جیسے آپ کی مرضی" اس نے کہا اور
ہو گیا — اس نے ایک الماری کے پٹ کھول
تہ خانے کی سیڑھیاں ان کے سامنے تھیں —

"آیئے جناب — مسٹر روفن — آپ ہمارے ساتھ
بلکہ ہم سے آگے —" ڈی کوزا نے اب بھی سخت
کہا۔

"جی بہتر —" روفن نے کہا اور سب سے آگے
سیڑھیاں اترنے لگا — اس کے پیچھے وہ بھی
تک کہ ایک بہت بڑے پختہ ہال میں پہنچ گئے
طرف انسپکٹر کامران مرزا وغیرہ بے ہوش پڑے
انھیں رسیوں سے باندھ دیا گیا تھا — تہ خانے
کی بے شمار پیٹیاں ایک دوسرے کے اوپر رکھی



"ان پیٹیوں میں کیا ہے مسٹر روفن —" انسپکٹر جمشید بولے۔
"پتا نہیں — اب تم بھی اپنے آپ کو بندھوا لو" روفن
بولا۔

"وہ کیوں — ہم نے کیا قصور کیا ہے —" انسپکٹر جمشید
مسکرائے۔

اسی وقت تہ خانے میں ایک دروازہ کھلا اور
کے قریب پہلوان نما آدمی اندر آئے —

"انھیں باندھ لو —" روفن گرجا۔
"مسٹر ڈی کوزا آپ دیکھ رہے ہیں"

"ہاں بالکل دیکھ رہا ہوں — اسی لیے تو تم لوگوں کو
یہاں لایا ہوں" اس نے ہنس کر کہا۔

"جی — کیا مطلب —" انسپکٹر جمشید نے چونک کر کہا۔
"اب تک نہیں سمجھے بے وقوف — مسٹر ڈی کوزا بھی ہمارے
ساتھی ہیں"

"خیر — یہ بات تو میں بہت پہلے سمجھ گیا تھا —" انسپکٹر
جمشید مسکرائے۔

"جھوٹ — بالکل جھوٹ — میرے منہ سے سننے کے بعد کہہ
رہے ہو" روفن ہنسا۔

"اچھا! یہ بات ہے — تو پھر ذرا اپنے مسٹر ڈی کوزا

www.pdfbooksfree.pk



سے کہیے کہ اپنا پستول تو ہولسٹر سے نکال کر دکھا دے۔" جمشید کے لہجے میں بچوں جیسی شوخی تھی۔

"کیا مطلب؟" ڈی کوزا زور سے اچھلا۔ پھر اس نے اپنے ہولسٹر کی طرف بڑھا۔ لیکن پستول وہاں نہیں تھا۔

"یہ۔ یہ کیا بھئی۔" روفن کے منہ سے نکلا۔

"میرا پستول کہاں ہے۔" ڈی کوزا غرایا۔

"یہ رہا۔ ناراض نہ ہوں۔" انسپکٹر جمشید نے جیب سے پستول نکال کر اس کی طرف بڑھا دیا۔ ڈی کوزا نے پستول جھپٹ لیا اور بولا:

"تم لوگ ہاتھ اوپر اٹھا دو۔ ورنہ میں گولی چلا دوں گا۔"

"لیجیے۔ ہمارے دیے ہوئے پستول سے ہی گولی کھا لیں گے۔ ہے کوئی تک۔" خان رحمان ہنس پڑے۔ انسپکٹر جمشید مسکرائے۔

"انھیں باندھ لو۔" روفن نے اپنے ساتھیوں کو حکم دیا۔ وہ آگے بڑھے۔ انسپکٹر جمشید اطمینان سے اپنی طرف بڑھتے ہوئے دیکھتے رہے۔ پھر جونہی وہ ان کے نزدیک پہنچے۔ انسپکٹر جمشید بلا کی تیزی سے اچھلے۔ ان پر جا پڑے۔ خان رحمان نے بھی ان کا ساتھ



[illegible] پر [illegible] ماؤزر ہوں کے توں کھڑے رہے۔

"خبردار۔ میں گولی چلا دوں گا۔ چپ چاپ اپنے آپ کو [illegible] حوالے کر دو۔"

"نہیں جناب۔ یہ تو نہیں ہو گا اب۔" انسپکٹر جمشید نے [illegible] ہاتھ پیر چلاتے ہوئے کہا۔

"اچھا تو پھر یہ لو۔" ڈی کوزا نے انسپکٹر جمشید کا نشانہ [illegible] اور ٹریگر دبا دیا۔ لیکن فائر نہ ہوا۔ بس ٹریگر کی آواز [illegible] کر رہ گئی۔

"بس مسٹر ڈی کوزا۔" انسپکٹر جمشید مسکرائے۔

"اوہ۔ اوہ۔ میں تم لوگوں کا نام و نشان مٹا دوں گا۔" ڈی کوزا غرایا۔

پھر وہ اور روفن بھی اس لڑائی میں شریک ہو [illegible]۔ اچانک تہ خانے میں تین دروازے اور کھلے۔ اور تیس [illegible] قریب آدمی اور اندر آ گئے۔

"ان کو پیس ڈالو۔ میں ان کے جسم کے ٹکڑے الگ [illegible] دیکھنا چاہتا ہوں۔" ڈی کوزا غرایا۔

"اگر بات صرف اتنی تھی تو پہلے ہی بتایا ہوتا۔ ہم اپنے [illegible] کے ٹکڑے آپ کو پارسل کر دیتے۔" انسپکٹر جمشید اس [illegible] بہت کھلنڈرے نظر آ رہے تھے۔ ان کے ہاتھ اور

www.pdfbooksfree.pk



پیر بجلی کی سی تیزی سے چل رہے تھے اور اس وقت
سات آدمیوں کو بے کار کر چکے تھے — لیکن ابھی
ابھی تیس سے زائد لوگ موجود تھے —

ایسے میں پروفیسر داؤد نے ادھر ادھر
کہیں کوئی ہتھیار نظر نہ آیا جس کو اٹھا کر وہ کام
سکتے — لیکن ایک دروازے کے دوسری طرف انھیں کوڑا
نظر آ گیا — وہ تیزی سے اس دروازے کی طرف
چمڑے کا ایک کوڑا تھا — انھوں نے فوراً کوڑا اٹھا
اسے گھماتے ہوئے ان لوگوں کی طرف آئے — انسپکٹر
خان رحمان اچھل اچھل کر وار کر رہے تھے کہ اس
کوڑا گھمانا شروع کر دیا — تمام دشمن انسپکٹر جمشید اور خان
کی طرف متوجہ تھے — لہٰذا کئی ایک کوڑے کی زد میں
گئے — اور فرش پر لوٹھکتے چلے گئے۔

"بہت خوب پروفیسر صاحب — لیکن آپ زحمت
کریں — ہم ان سے نبٹ لیں گے۔"

"بھئی ذرا میرے ہاتھوں پیروں کی بھی ورزش
گی۔" وہ مسکرائے۔

"لیکن — آپ کو ایسے کاموں کا تجربہ نہیں ہے —
چوٹ نہ کھا لیں۔"



اس راستے میں چوٹ کی پروا کون کرے۔" پروفیسر مسکرائے۔
"بھئی واہ — سبحان اللہ۔" خان رحمان نے گویا داد دی۔

اچانک کوڑے کا ایک سرا روفن کے ہاتھ میں
یا — اس نے جلدی سے کوڑے کے کئی بل ہاتھ پر
یے اور بولا:

اب میں تمھیں مزا چکھاتا ہوں بوڑھے —"

اس کا جملہ سنتے ہی انسپکٹر جمشید نے ادھر
— روفن جھٹکا مارنے ہی والا تھا — اور اس غرض کے
ے اپنے جسم کو اکڑا چکا تھا — انھوں نے وہیں سے
جھٹکا لگائی — اور روفن کی کمر سے ٹکرائے —

وہ اوندھے منہ گرا — اور پروفیسر داؤد نے جھٹکا
کوڑا چھڑا لیا —

"اب ذرا یہ کوڑا مجھے دے دیں —" ایسے میں انسپکٹر جمشید
ے۔

"ضرور لے لو بھئی — میں نے تو بس یونہی اٹھا لیا تھا۔"
وش ہو کر بولے۔

انسپکٹر جمشید نے کوڑا ہاتھ میں لیتے ہی گھمایا۔
کے ساتھی ان کی طرف ہی بڑھے چلے آ رہے تھے —
کوڑے نے ان کے مزاج پوچھنا شروع کر دیے — اور

www.pdfbooksfree.pk



پھر تو ہال میں کوڑے کی شائیں شائیں کچھ اس تیزی سے
کہ روفن کے ساتھی سنبھل نہ سکے۔ اچھل اچھل کر دور
گرنے لگے۔ روفن اور ڈی کوزا نے کئی بار کوڑے کو
پکڑنے کی کوشش کی۔ لیکن ان کی کوشش ناکام گئی۔
پھر اچانک کوڑے کا سرا روفن کے ہاتھ میں آگیا۔
ساتھ ہی ڈی کوزا نے بھی سرے پر ہاتھ جما دیا۔
تن گیا۔ دونوں طرف سے پورا زور لگا دیا گیا۔
جمشید نے کوڑا چھوڑ دیا۔ دونوں جھٹکے میں ان کے
سے جا کر ٹکرائے۔ وہ بلند آواز میں چیخے اور گر
گئے۔

اسی کے ساتھ ہی روفن کے ساتھی
کی طرف دوڑے۔ انسپکٹر جمشید اور خان رحمان بھی
دوڑے اور ان سے پہلے ایک دروازے میں داخل
دوسرا شخص حیران کن تھا۔



# ارے

سرخ کار سمندر کے کنارے بنی ایک بہت بڑی
کے سامنے رکی ——— لیکن شوکی برادرز کے ساتھ کار
آنے والے کو اب ٹاماں نہیں کہا جا سکتا تھا۔
"یہ کیا بھئی۔" انعام خان کے لہجے میں حیرت تھی۔
"کی تو ہم آپ سے پوچھنا چاہتے ہیں۔ آپ ہم سے
رہے ہیں۔" فاروق نے منہ بنایا۔
"بھئی۔ بھلا۔ میں کیا بتا سکتا ہوں۔"
نے سر ٹاماں اور شوکی برادرز کو اس کار میں
اپنی آنکھوں سے دیکھا تھا۔ ٹھیک ہے نا۔" محمود
ہاں۔
بالکل دیکھا تھا۔
اور تمام راستہ سرخ کار ہماری نظروں کے سامنے رہی۔

www.pdfbooksfree.pk



یہ بھی ٹھیک ہے۔" محمود نے کہا۔

"ہاں بالکل۔" اس نے کھوئے کھوئے انداز میں کہا

"لیکن اب شوکی برادرز کے ساتھ کار میں سے کو

آدمی نکلا ہے — آپ بتا سکتے ہیں کہ کیوں؟" فاروق

انعام خان کی طرف دیکھا۔

"ہن — نہیں — میں کس طرح بتا سکتا ہوں۔" وہ ہ

"لیکن ہم بتا سکتے ہیں۔"

"کمال ہے — آخر کیسے بتا سکتے ہیں اور کیا با

ہیں۔"

"دن رات ہم اسی قسم کے کام کرتے رہتے ہیں ا

بتا سکتے ہیں — کیا بتا سکتے ہیں کا جواب یہ ہے کہ

ٹاداں نے کار میں بیٹھے بیٹھے میک اپ کر لیا ہے

"گگ — کیسے — وہ تو کار چلا رہا تھا۔"

"ریڈی میڈ قسم کا میک اپ ایک ہاتھ سے بھی

سکتا ہے — اور ایک آدھ منٹ کے اندر کیا جا سکتا

"اس کا مطلب ہے — ٹاداں یہاں جن لوگوں کے

آیا ہے — وہ اسے ٹاداں کی حیثیت سے نہیں جانتے

"ہاں مطلب تو یہی ہے — لیکن وہ عمارت میں

ہو چکے ہیں اور ہم باہر کھڑے ٹامک ٹوئیاں مار رہے



نے بھنا کر کہا۔

"ت — تو پھر۔" انعام خان کے منہ سے نکلا۔

"دیکھیے نکل انعام خان — ہمیں ہر حال میں اس عمارت میں

ہوتا ہے۔" محمود نے اسے بتایا۔

"اسے باپ رے — یہ تو اس ملک میں بہت بڑا جرم

"کوئی بات نہیں — یہ جرم ہم کریں گے۔"

"م — معاف کیجیے گا — میں آپ کا اس حد تک ساتھ

دے سکتا۔"

"ٹھیک ہے — آپ باہر ہی ٹھہریں — ہم اندر سے ہو

آتے ہیں — لیکن آپ ہمارا انتظار کریں گے نا۔" محمود نے

"جی ڈرائیور کا اور کام ہی کیا ہوتا ہے۔" انعام خان

"شکریہ — آؤ بھئی — ذرا اس عمارت کے اندر داخل

کا جائزہ لے لیں۔"

"لیکن آپ اندر داخل ہوں گے کس طرح۔"

"جی دیکھتے جائیے۔"

وہ آگے بڑھ گئے — انعام خان حیرت زدہ سا

www.pdfbooksfree.pk



وہیں کھڑا رہ گیا۔ عمارت سمندر کے کنارے بالکل الگ تھلگ
تھی، اس کے ساتھ یا آس پاس کوئی اور عمارت نہیں
عمارتیں تھیں ضرور، لیکن کافی کافی فاصلے پر۔ انھوں
عمارت کا چکر لگایا۔ عمارت کے باہر اور دور دور تک
آدمی اور انھیں نظر نہیں آ رہا تھا۔ گویا ہو کا عالم
شاید یہ علاقہ غیر آباد تھا۔

لوہے کا ایک پائپ چھت تک
آیا۔ پائپ کو دیکھ کر فاروق کا منہ بن گیا۔

"پتا نہیں — ان لوگوں کو کیا ہے — پائپ
لیتے ہیں۔"

"اور تمھاری مشکلات میں اضافہ کر دیتے ہیں
بھی تو کہو نا۔" فرزانہ مسکرائی۔

"تم نے جو کہہ دیا۔" فاروق جلے کٹے
بولا — اور جوتے اتارنے لگا۔

"اگر میں اندر پھنس گیا تو تم اندر داخل ہو
کوشش نہ کرنا — بلکہ واپس شہر جا کر ابا جان
دینا۔"

"یہ تمھاری وصیت ہے یا تجویز۔" محمود نے
والے انداز میں کہا۔



"تجویز — تو تم نہیں مانو گے۔"

"بے وقوف کہیں کے — فرزانہ بولی۔
بہتر — یہ لو کود گیا۔" اس نے کہا اور اچھل کر
پکڑ لیا — دوسرے ہی لمحے وہ بندر کی سی تیزی
پر چڑھ رہا تھا — ایسے میں محمود اور فرزانہ
خان کی حیرت زدہ آواز سنی:

"یہ — یہ میں کیا دیکھ رہا ہوں — اتنی مہارت۔"

"ہیں انکل — آپ بھی آ گئے۔"

"پتا نہیں دیکھنے آیا تھا کہ تم لوگ کیا کرتے ہو — اور
ان لڑکوں نے مجھے انکل کیوں کہنا شروع کر دیا۔"
خان نے بوکھلا کر کہا۔

"اگر آپ کو برا لگا ہے تو اب نہیں کہیں گے۔"
نے فوراً کہا۔

"نہیں نہیں — لگتا تو اچھا ہے — اس قدر اپنائیت
سے میرے بھتیجوں نے بھی کبھی انکل نہیں کہا۔"

"چلیے پھر — اب تو ہم آپ کو ضرور انکل ہی کہیں
گے۔"

"تب پھر میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ آپ لوگ بہت

www.pdfbooksfree.pk



بڑا خطرہ مول لے رہے ہیں — ٹاوان بہت خطرناک آدمی ہے۔"

"آپ فکرمند نہ ہوں — خطرات مول لینا ہمارا پیشہ نہیں بلکہ ہر وقت کا کام ہے — اور اب تک ہم زندگی میں خطرات تو ضرور مول لے چکے ہیں۔" محمود بولا۔

"پتا نہیں — آپ لوگ کس مٹی کے بنے ہوئے ہیں۔"

"ہاں! یہ تو واقعی ہمیں بھی پتا نہیں — کیونکہ یہ صرف اور صرف اللہ تعالیٰ کو معلوم ہے — ہمارے بعد ضرور یہ کہا جا سکتا ہے کہ ہماری مٹی خاص طور پر لی گئی تھی — کیوں کہ ہمیں وہاں دفن کیا جائے گا۔"

"اوہو — آپ تو بہت خوفناک باتیں کرنے لگے — موت کی باتیں —" انعام خان کانپ گیا۔

"موت کی باتیں خطرناک نہیں ہوتیں — ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا ارشاد ہے کہ موت کو یاد کرو موت لذتوں کو توڑنے والی چیز ہے — اور ایک حدیث یہاں تک آتا ہے کہ موت کو دن میں کم از کم یاد کرو — ہو سکتا ہے بیس مرتبہ غلط کہہ گیا ہوں اللہ تعالیٰ کمی بیشی کو معاف فرما دے — بہرحال حاصل بنتا ہے کہ موت کو ہر وقت یاد کرو — موت ایک



ہے۔"

"— یہ باتیں میں نے پہلی مرتبہ سنی ہیں۔"

"آپ دینی کتب کا مطالعہ کریں۔"

"میں چھت پر پہنچ گیا ہوں اور اب زینے کی طرف جا رہا ہوں — میرے لیے دعا کرنا —" اوپر سے فاروق کی آواز آئی۔

"آپ کامیاب کرے۔" دونوں نے ایک ساتھ کہا۔

اور فاروق ان کی نظروں سے اوجھل ہو گیا:

"اب دونوں کو پائپ پر چڑھنا نہیں آتا۔" انعام خان بولا۔

"آتا ہے — لیکن ہم اتنے ماہر نہیں ہیں — دوسرے یہ کہ اوپر پہنچنے میں کامیاب ہو گیا تو دروازہ کھول ہی لیں گے — لہٰذا ہمیں اس قدر سخت محنت کرنے کی کیا ضرورت

"ہاں! ٹھیک ہے — نہ جانے کیا بات ہے — میرا دل چاہتا ہے کہ ہر وقت آپ کے ساتھ ساتھ رہوں۔"

"تو رہ لیں — فی الحال ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہے۔"

"فی الحال سے کیا مراد ہے۔"

"مطلب یہ کہ آگے چل کر ایسا موقع بھی آ سکتا ہے جب

www.pdfbooksfree.pk



ہم آپ کو ساتھ نہ رکھ سکیں — یا آپ خود ہمارا ساتھ
کیوں کہ ہماری صحت عام طور پہ انتہائی خطرناک ہے
"ہوں خیر — دیکھا جائے گا۔"

پانچ منٹ بعد فاروق انھیں اپنا
نظر آیا —

"ارے — یہ تو نیچے بھی پہنچ گئے۔"

"یہی تو ان حضرت کا کمال ہے۔" فرزانہ نے
"کمال کا ذکر کرتے ہوئے بھی منہ بنانا ضرور
کیا ؟" فاروق نے جل کر کہا۔

"بنایا نہیں — بن گیا ہے۔"

"ایک کھڑکی کھول کر باہر نکلا ہوں — جلدی
ہیں وہ کمرہ بھی تلاش کرنا ہے — جس میں شوکی
لے جایا گیا ہے۔"

"چلو — پتا نہیں — شوکی براورز کس چکر میں
"غوطہ خوری کے چکر کے سوا تو کوئی چکر ہو
سکتا۔" انعام خان بولا۔

وہ عمارت کے دائیں طرف آئے — کھڑکی کھلی
کے ذریعے اندر داخل ہو گئے — انعام خان باہر
"آپ نہیں آئیں گے۔"



— کے ڈر لگ رہا ہے۔"

ٹھیک ہے — بہتر بھی یہی ہے کہ آپ باہر ہی ٹھہریں
طرح آپ ہمارے زیادہ کام آ سکتے ہیں۔"

انھوں نے کھڑکی برابر کر دی — البتہ چٹخنی
نہ دی — یہ ایک بڑا کمرہ تھا — لیکن سامان بے ترتیبی
تھا۔ اس سے نکلے تو ایک برآمدے میں کھڑے تھے
والا آگے بڑھے اور ایک ایک کمرے کے دروازے
لیتے چلے گئے — پھر دوسری منزل پہ جانا پڑا —
ایک کمرے میں روشنی نظر آئی اور باتیں کرنے کی آواز
دی — ان کے دل دھڑک اٹھے — دوسرے لمحے ان
دروازے سے لگے ہوئے تھے۔

"تو آپ نے ہمیں اس لیے بلایا ہے۔" شوکی کہہ رہا تھا۔
"ہاں! اب تم لوگ بتا دو — یہ کام کر سکو گے یا نہیں؟
نے کی رقم ذہن میں رہے۔"

"اوہ! ٹھیک ہے — ذہن میں ہے — آپ بھی ایک بات
لیں — ہم یہاں معاوضے کے لالچ میں نہیں آئے۔" شوکی کا
خوش گوار تھا۔

"کوئی مطلب — تو پھر کس لیے آئے ہیں۔"

"بس — یہ ہمارا شوق ہے — جہاں کہیں کوئی پُراسرار

www.pdfbooksfree.pk



معاملہ نظر آیا — اس میں دلچسپی لینا شروع کر دیتے ہیں۔
خط ملا تو خط پڑھ کر ہم حیرت زدہ رہ گئے — ا
حالات ہم نے کبھی نہیں سنے تھے — ہم نے
ی ترجمہ کرنا شروع کر دیا تو وہی بات ہو گی ــ

جانے آنگن ٹیڑھا ــ" آصف نے جلدی جلدی کہا۔

راز نہیں ــ یہ بات نہیں ہو گی۔" فاروق بولا۔

یا مطلب ــ کیا بات نہیں ہو گی۔" آصف نے اسے

www.pdfbooksfree.pk



گھورا۔

"میرا مطلب ہے — یہ ناچ نہ جانے آنگن ٹیڑھا والی بات
ہو گی — بلکہ کوا چلا ہنس کی چال — اپنی بھی بھول گیا والی
ہو گی۔"

"خیر خیر — تمہیں تو عادت ہے بال کی کھال اتارنے کی
جھینپ اٹھا۔

"اب میں — میں — میں۔" فاروق اٹکنے لگا۔

"سوئی اٹک گئی بھائی کی۔" شوکی مسکرایا۔

لیکن پھر جو انھوں نے فاروق کی آنکھوں میں
کے آثار دیکھے — تو چونک ہی تو اٹھے۔



# عجیب فیصلہ

نگاہیں اٹھائیں تو ایک عجیب و غریب آدمی ان کے سامنے
ا — اس کے ہاتھ میں رائفل بھی ایک نئی قسم کی
— اور کافی خوف ناک لگ رہی تھی — اس کی آنکھوں
ایک خوفی چمک تھی۔

لگ — کیا چاہتے ہو بھائی؟" فاروق نے لرز کر کہا۔

اس سے پہلے یہ پوچھنا چاہیے کہ یہ لانچ پر آ کیسے گیا۔
ں تو سمندر ہے — اور لانچ پر صرف ہم سوار تھے۔"
نے حیران ہو کر کہا۔

ہلیے — پہلے یہ پوچھ لیتے ہیں۔"

لانچ پر اس وقت صرف میں ہی نہیں — میرا ایک ساتھی
ا دام کے سامنے بھی موجود ہے — تم لوگوں نے دروازے
لے رکھے — اس طرح ہمیں بہت آسانی ہو گئی — ورنہ کافی

www.pdfbooksfree.pk



مشکل کام تھا۔" اس کے ہونٹ ہلے۔ آواز میٹی جیسی تھی۔

"آپ کیا کہنا چاہتے ہیں۔ ہمارے کچھ پتے نہیں چلا"
نے جھک کر کہا۔

"اگر تم لوگ اس کیبن اور کنٹرول روم کے دروازے
کر کے بیٹھے ہوتے تو ہم اس وقت تم لوگوں کو اس
کی زد پر نہیں لے سکتے تھے۔" وہ مسکرایا۔

"اوہ تو یہ بات ہے۔ خیر ہم اب بند کر لیتے ہیں"
محمود اٹھ کر دروازہ بند کر دو۔" فرزانہ نے خوش ہو کر

"میرا کام دروازہ کھولنا ہے۔ بند کرنا نہیں۔
تم خود کرو۔"

"اوہ۔ ڈرپوک کہیں کے۔" فرزانہ پاؤں پٹخ کر کو
گئی۔

"خبردار۔ تم لوگوں میں سے کوئی بھی حرکت نہ کرے
ان رائفلوں سے ہمیں نشانہ لینے کی ضرورت نہیں پڑے
"کیا مطلب؟" فرحت کے لہجے میں حیرت تھی۔

"اس کی نال میں سے ایک وقت میں بیسیوں گولیاں
ہیں اور سامنے کی طرف گردش کرتی ہوئی پھیل کر جاتی ہیں
میرا ایک بھی فائر تم لوگوں کے لیے کافی ہو گا۔ اللہ
دھند فائر کرنا کافی ہو گا۔"



"یہ ٹھیک کہہ رہا ہے۔ میں اس رائفل کو پہچانتا ہوں"
رفو کی آواز میں خوف تھا۔

"اچھا۔ کمال ہے۔" شوکی کے منہ سے نکلا۔

"چاہتے کیا ہو مسٹر۔ یہ بتاؤ۔" انھوں نے انسپکٹر کامران
کی آواز سنی۔

"دو کروڑ ڈالر بچانا چاہتے ہیں اپنے۔" دوسرا بولا۔

"کیا مطلب؟" وہ چونکے۔

"مطلب بالکل صاف ہے۔ تم لوگ جو دو کروڑ ڈالر
لوٹ کے آئے ہو۔ لانچ واپس کرنے کی صورت میں
واپس کرنا ہوں گے۔ اور اگر لانچ سمیت تم لوگ
ہو گئے تو بھی ہمیں صرف لانچ کی قیمت ہی ملے
لیکن اگر۔" وہ کہتے کہتے رک گیا۔

"لیکن اگر کیا؟" مکھن گھبرا گیا۔

"لیکن اگر ہم تم لوگوں کا کام تمام کر دیں۔ یعنی تمہیں
ہی غرق کر دیں تو لانچ بھی بچ جائے گی اور دو
ڈالر بھی۔ کتنا حسین خیال ہے۔"

"ظالم۔ لالچیوں کے نزدیک یہ بہت حسین ہو سکتا
لیکن بھئی ہم تو اسے بہت بدصورت منصوبہ ہی کہیں
گے۔" آصف نے منہ بنایا۔

www.pdfbooksfree.pk



ہوں! کہو۔ ہمیں کیا۔ اچھا اب پروگرام سنو۔ ا
لانچ کو تمہارے خون سے گندہ نہیں کرنا چاہتے۔ ا
یہ طے پایا ہے۔ کہ تم ہاتھ اوپر اٹھاتے۔ جگلے
پہنچ جاؤ۔ اور جنگلے سے سمندر میں چھلانگیں لگا دو۔
بس۔ اگر تم تیر کر واپس ساحل تک جا سکتے ہو تو
کوئی اعتراض نہیں ہو گا۔ ضرور جاؤ۔ لیکن ساحل پ
تمہارا استقبال کرنے کے لیے ہمارے ساتھی موجود
گے۔ اول تو لانچ اب اتنی دور آ چکی ہے کہ کو
دور سے طاقت ور آدمی اور تیراک سے تیراک آدمی
ساحل پر نہیں جا سکتا۔ لہذا تم لوگوں کو ڈوبنے کے
کوئی چارہ نہیں ہو گا۔ کیوں، کیسا پروگرام ہے؟"

"یہ بھی حسین ہی ہو گا۔" شوکی نے منہ بنایا۔
"سوال یہ ہے کہ تم لانچ پر آ کیسے گئے؟" انسپکٹر
بولے۔

"جب تمہارا ساتھی بات کرنے کے لیے آیا اور
تم سے بات کرنے گیا تو ہمارے ڈائریکٹر صاحب نے
یہ پروگرام اسی وقت طے کر لیا تھا۔ اور ہمیں اپنے
ایک خفیہ کیبن میں چھپا دیا تھا۔"

"اوہ۔ تو اس لانچ میں کوئی خفیہ کمرہ بھی ہے



"...وہ سب سے نچلے حصے میں سٹور کے پچھلی طرف
...سٹور کے سامان کے پیچھے اس کا خفیہ دروازہ ہے۔"
...ہم ساری بات سمجھ گئے۔ بات صرف دو کروڑ کی ہے
...ہے میں خان رحمان نے مسکرا کر کہا۔
...کہا۔ صرف دو کروڑ۔ تم دو کروڑ کے ساتھ صرف
...گا رہے ہو۔"
...ہاں! اللہ چاہے تو انسان دو ارب روپے کے ساتھ بھی
...غلا لگا سکتا ہے۔"
...تم کہنا کیا چاہتے ہو۔" وہ حیران ہو کر بولا۔
...دو کروڑ کا چیک لے لو۔ اور ہمیں ہمارے سفر پر
...۔ تم بھی ساتھ ہی چلے چلو۔"
...ے باپ رے۔ ہم موت کے اس سفر میں تم لوگوں
...نہیں دے سکتے۔ باقی رہی بات دو کروڑ کے
...۔ بہت بہت شکریہ۔ چیک لکھ دو۔"
...ہیں خان رحمان۔ تم چیک نہیں لکھو گے۔" انسپکٹر جمشید
...ت لہجے میں کہا۔
...جمشید۔ زندگی کے مقابلے میں دو کروڑ کیا اہمیت رکھتے
...رحمان بولے۔
...کہے نہیں خان رحمان۔" انسپکٹر جمشید بولے۔

www.pdfbooksfree.pk



میں کیا نہیں سمجھا — یہ تم سمجھا دو مجھے۔" خان
بولے۔
"یہ کہ — دو کروڑ کا ایک اور چیک لے کر
ہمیں زندہ نہیں چھوڑیں گے۔"
"اوہ!" خان رحمان کے منہ سے نکلا۔
"کیوں بھئی — یہی بات ہے؟" منور علی خان
انھیں گھورا۔
"نہیں! ایسی تو کوئی بات نہیں — آپ دو کروڑ کا
دے دیں — ہم آپ کو کچھ نہیں کہیں گے۔" اس
کہا۔
"یہ جھوٹ بول رہا ہے — فرض کرو — ہم دو کر
چیک دے دیتے ہیں اور یہ ہمیں ختم نہیں کر
تو کیا ہم ان کے ملک واپس پہنچ کر کیا خاموشی سے
یں گے — اور ان کے خلاف کوئی کارروائی نہیں کریں
ہرگز نہیں — یہ ایسا سوچ بھی نہیں سکتے۔"
"تم ٹھیک کہہ رہے ہو جمشید — یہ ہمیں ختم کیے
نہیں رہ سکتے۔"
"ہاں! یہی بات ہے — لہٰذا آؤ — سمندر میں
انھیں دو کروڑ کا اور فائدہ کیوں پہنچائیں؟"



ہماری ترکیب بھی ہے ابا جان۔ ایسے میں فرزانہ
کیا۔"
ا تو پڑ ہی گیا ہے — کیوں نہ بہادری سے مریں۔"
— تو — کیا — سمندر میں ڈوب کر مرنا بزدلی
ہے۔" اشفاق نے حیران ہو کر کہا۔
"کون بولا — یہ کس کی آواز آئی؟" فاروق نے
انداز میں کہا۔
وگ بھی عجیب ہو — موت سر پر کھڑی ہے — اور
ہو۔"
— تم نے کیا کہا — موت سر پر کھڑی ہے — ارے
فاروق نے بوکھلا کر کہا اور سر اوپر اٹھا کر
کھسیانے انداز میں بولا:
یار — تم مذاق کر رہے ہو — اوپر کوکپٹ کی چھت
دیکھو — ان رائفلوں کی صورت میں موت تمھارے سامنے
کر بولا۔
سامنے کہو نا یار — سر پر کیوں کہتے ہو — اور
ہونا چاہیے — سامنے کھڑی موت کی ہمیں کوئی

www.pdfbooksfree.pk



پروا نہیں ہوتی — تم شوق سے فائر کر سکتے ہیں۔"

"جیکی — ان لوگوں کو شاید یہیں ختم کرنا ہو گا۔" ایک

"چلو کوئی بات نہیں — دو کروڑ ڈالر کے بدلے

ذرا فرش ہی دھونا پڑے گا — دھو لیں گے۔"

نے کہا۔

"تو پھر کر دو فائر۔" ایک نے کہا۔

"ہاں ہاں کرو — تمہارے ابا جان کی حکومت

یہ نہیں دیکھتے — خود تمہارے پیچھے موت نظر

چکی ہے۔" فاروق نے مسکرا کر کہا۔

"کیا مطلب —" دونوں خوف زدہ انداز میں

منور علی خان اور انسپکٹر جمشید

اتنا ہی وقت کافی تھا — اس طرف منور

حملہ آور پر چھلانگ لگائی اور دوسری طرف

نے —

دونوں نے انہیں چھاپ لیا — اور

لمحے رائفلیں ان کے ساتھیوں کے قبضے میں تھیں

چند زوردار مکے رسید کر کے وہ انہیں کھڑے

"اب مہربانی فرما کر تم ہاتھ اوپر اٹھا دو

طرف بڑھو — ہم تمہیں وہی سزا دینا پسند کریں



نے ہمارے لیے تجویز کی تھی۔" انسپکٹر جمشید سرد آواز میں

لے۔

"ن — نہیں —" وہ لرز اٹھے۔

"بھئی — اس میں لرزنے اور کانپنے کی کیا بات ہے —

دوسروں کے ساتھ جیسا سلوک کرنا پسند کرتے ہو — وہی

اپنے لیے بھی تو پسند کرو نا — اب ہنسی خوشی

کی طرف جاؤ اور چھلانگیں لگا دو۔"

"ن — نہیں —" وہ پھر کانپ کر بولے۔

"پھر وہی نن نہیں — کیا اس کے علاوہ اور کوئی بات

نہیں آتی۔" انسپکٹر کامران مرزا ہنسے۔

"ہمیں معاف کر دیں — معاف کر دیں۔"

"معاف تو کر دیں — لیکن ہمیں مستقل طور پر تمہاری نگرانی

کرنا پڑے گی — ہم اپنا کام کریں یا تمہاری نگرانی۔" منور

علی خان نے منہ بنایا۔

"نگرانی کی ضرورت نہیں — آپ ہمیں کسی کیبن میں بند

کر کے تالا لگا دیں — واپسی پر ہمیں باہر نکال دیجیے گا —

اس دوران ہم خشک خوراک کھاتے رہیں گے۔"

"ہمیں کیا معلوم — کیا خبر — تم کیبن کسی طرح کھول لو۔"

انسپکٹر جمشید مسکرائے۔

www.pdfbooksfree.pk



"نہیں — نہیں —" وہ ایک ساتھ بولے۔

"اچھا خیر — تمہارے بارے میں غور کرتے ہیں۔" پروفیسر داؤد بولے۔

"غور کرنے کی کیا ضرورت ہے — انھیں ساتھ لے ہی لینا بہتر ہو گا — سانپوں سے دوستی مہنگی ہی پڑتی ہے۔" شوکی نے جلدی سے کہا۔

"شوکی کا خیال بھی ٹھیک ہے — چلو بھئی — تم سب میں چھلانگ ہی لگا دو۔"

"ہم — مارے گئے — کیا آپ اپنا فیصلہ تبدیل نہیں کر سکتے۔"

"دراصل کوئی راستا نہیں سوجھ رہا — اگر چاروں طرف پانی نہ ہوتا تو اور بات تھی۔"

"ایک اور ترکیب ہے۔" ان میں سے ایک نے کہا۔

"چلو بتا دو — اگر قبول کرنے کے لائق ہوئی تو ضرور مان لیں گے۔" انسپکٹر جمشید بولے۔

"نزدیک ہی ایک جزیرہ آنے والا ہے — ہمیں اس کے قریب اتار دیں — واپسی پر آپ کا جی چاہے تو ہمیں لے لیجیے گا — ورنہ ہم کسی جہاز یا لانچ پر خود لے لیں گے۔"



"بات منظور کی جا سکتی ہے — کیوں جمشید۔" پروفیسر بولے۔

"لیکن یہ ہمارے خلاف کوئی اور چال چل سکتے ہیں۔" شوکی نے جھجکتا کر کہا۔

"چلتے ہیں تو چلنے دیں — ان کی پہلی چال ہی نے بگاڑ لیا۔" فاروق نے جل کر کہا۔

"تو یہ ٹھیک ہے — ہم انھیں جزیرے پر اتار دیتے ہیں۔"

"بہت بہت شکریہ۔"

"لیکن بھئی — واپسی پر کیا ہو گا — جب تم لوگ لانچ لے کر نہیں پہنچو گے تو تمہارے ڈائریکٹر صاحب کیا ہمیں زندہ چھوڑ دیں گے۔"

"بھلا ہم کیا کر سکتے ہیں۔" ایک نے کہا۔

"چلو خیر — دیکھا جائے گا۔"

ان کا سفر جاری رہا — پھر جزیرہ نظر آنے لگا۔

"بس اب چھلانگیں لگا دو — یہاں سے تو تم جزیرے پر پہنچ ہی سکتے ہو۔"

"ہاں! آپ کا بہت بہت شکریہ — آپ لوگ بہت

www.pdfbooksfree.pk



اچھے ہیں — ان حالات میں بھی ہم پر رحم کر رہے ہیں۔
ہم آپ کی جگہ ہوتے تو شاید کبھی رحم نہ کرتے — آپ
کون ہیں۔" ایک نے بھرائی ہوئی آواز میں کہا۔

"ہم مسلمان ہیں — ایک اللہ کو ماننے والے۔"

"اوہ — مسلمان۔" وہ بولے۔

"ہاں! ویسے بھئی — سچ تو یہ ہے کہ ہم نے اپنا
بدل دیا ہے۔" انسپکٹر جمشید بولے۔

"کیا مطلب — کیا آپ ہمیں یہاں نہیں اتار رہے"
ایک نے گھبرا کر کہا۔

"ہاں! مسٹر جیکی — ہم تم لوگوں کو یہاں نہیں اتار
رہے۔"

"تو پھر — کیا آپ ہمیں — ہمیں۔" جیکی نے مری
آواز میں کہا۔

"نہیں — تم غلط سمجھے — ہم تمہیں ہلاک نہیں کریں
گے — بلکہ اپنے ساتھ ہی لے جائیں گے — میرا خیال ہے
اب تم دونوں کا ذہن بدل گیا ہے۔"

"ہاں! ہم اپنے اندر تبدیلی تو بہت محسوس کر رہے ہیں"
جیکی نے کہا۔

"اچھا — یہ لو اپنی رائفلیں — اگر ہمیں مار کر تم



کا فائدہ حاصل کرنا ہی چاہتے ہو تو یہ کر ہی گزرو۔"
انسپکٹر جمشید نے دونوں رائفلیں ان کی طرف اچھال
دیں۔ یہ پہلے رائفلیں وہ اپنے قبضے میں لے چکے تھے۔
"ارے — یہ آپ کیا کر رہے ہیں۔" فاروق نے
کہا اور رائفلوں کی طرف لپکا۔

"فرخ فاروق — ہم اپنے ایمان کی طاقت آزمانا چاہتے ہیں،
اس سلوک نے انھیں واقعی بدل دیا ہے — تو یہ
ہمارے ساتھ ہی سفر کریں گے — ورنہ ہم سمندر میں
پھینک دیں گے — پھر جینے کا فائدہ بھی کیا۔"
انسپکٹر نے گونج دار آواز میں کہا

ان کا فیصلہ بہت ہی عجیب اور سنسنی خیز
تھا۔ جیکی اور اس کے ساتھی نے پرسکون انداز میں
سر ہلا دیں — پھر رائفلیں ان کی طرف تان دیں — اور
خاموش کر ان کی طرف دیکھتے رہے — آخر جیکی

"نہیں — اب ہم رائفلیں نہیں چلا سکتے — ہم اپنے
اندر کی ہمت نہیں پا رہے۔" ان الفاظ کے ساتھ
ان نے رائفلیں پھینک دیں —
اور ان کے چہروں پر مسکراہٹیں تیر گئیں —

www.pdfbooksfree.pk



"اب تم ہمارے ساتھ چلو گے۔" انسپکٹر کامران
"بہت بہت شکریہ — ہم اس وقت عجیب سی کیفیت
ہیں — تھوڑی دیر پہلے ہم پر صرف دولت کا بھوت سوا
اور اسی بھوت کی موجودگی میں انسانیت نام کی کوئی
اندر نہیں تھی — لیکن اب ہم اپنی دنیا بدل چکے
ہیں — پتا نہیں ایسا کیوں ہے۔" جیکی نے کھوئے ہوئے
انداز میں کہا۔

"اسے انسان کی کایا پلٹ کہہ سکتے ہیں — موت
کے قریب سے گزر گئی اور آپ دونوں نے دیکھ لیا
زندگی کچھ بھی نہیں — لہٰذا آپ کے خیالات بدل گئے
اس دنیا میں اکثر لوگوں کے ساتھ ہوا ہے — آپ کو
خوش ہونا چاہیے۔" پروفیسر داؤد بولے۔

"ہم — ہم بہت خوش ہیں۔" جیکی نے کہا۔
"آپ کے ساتھی کا کیا نام ہے۔" انسپکٹر جمشید نے
پوچھا۔

"کاگ۔" وہ بولا۔
"شکریہ — اب میں اپنا اور اپنے ساتھیوں کا تعارف
دیتا ہوں۔" انسپکٹر جمشید نے کہا اور تعارف کرانے کے
تھوڑی دیر بعد وہ پھر پُرسکون انداز میں کہنے



لگے۔ اچانک انسپکٹر جمشید بولے۔
"جیکی اور کاگ — آپ ہمیں برمودا ٹرائی اینگل کے بارے
بتا سکتے ہیں۔"
"برمودا ٹرائی اینگل —" جیکی نے ایک طویل سرد آہ بھری۔
"ہاں! برمودا ٹرائی اینگل۔"
"آپ اس کے بارے میں کیا جاننا چاہتے ہیں۔"
"وہ سب کچھ — جو اس کے بارے میں کوئی ہمیں بتا
سکے۔" انسپکٹر کامران مرزا مسکرائے۔
"تب پھر — اس سلسلے میں ہم سے بہتر آدمی آپ کو
نہیں ملے گا۔" جیکی نے کہا۔
"وہ کیسے؟" آصف نے بے چین ہو کر کہا۔
"اس طرح کہ — میرے والد ایک بہت مشہور سیاح تھے
میرے والد اس کے نائب تھے — ساری زندگی انھوں نے
سیر و سیاحت میں گزاری — جہاز رانی کے علاوہ کوئی کام نہ کیا۔
برمودا ٹرائی اینگل کے بارے میں انھوں نے ہمیں ایسی ایسی
حیرت انگیز باتیں بتائی ہیں کہ کیا کسی نے کبھی سنی ہوں

"ہاں — تب تو یہ ہماری خوش قسمتی ہے — کہ ہم نے
آپ لوگوں کو موت کے گھاٹ نہیں اتارا۔"

www.pdfbooksfree.pk



"لیکن ہم تو اسے اپنی خوش قسمتی خیال کر رہے تھے"
نے حیران ہو کر کہا۔

اور وہ مسکرا دیے — فاروق بولے بغیر نہ
"معلوم ہوتا ہے مسٹر کاگ بہت خوش مزاج ہیں۔"
"یہی سمجھ لیں — ویسے آپ لوگوں کے ارادے کیا ہیں
"ہم برمودا ٹرائی اینگل کا راز جاننے کے لیے
ہیں۔"

"ناممکن۔" دونوں ایک ساتھ بولے۔

"کیا مطلب؟"

"جہاز غائب ہونے کا پہلا واقعہ ۲۱۸۰۰ ء
گویا قریباً ڈیڑھ سو سال گزر چکے ہیں پہلے واقعے
اس وقت سے آج تک اشاریہ، وٹاس اور کئی دوسرے
ملکوں کے سائنس دان ایڑی چوٹی کا زور لگا چکے ہیں
تو وہ اس راز کو معلوم کر سکے — اور نہ جہازوں
ہونے کے سلسلے کو ہی روک سکے — پھر بھلا آپ
سکیں گے۔"

"ہمارے ساتھ بھی ایک سائنس دان ہیں —
علاوہ ہم میں ایک اور خاص بات بھی ہے۔" ایلیسٹر
معنی خیز انداز میں مسکرائے۔



[illegible] خاص بات کیا ہے —" جیکی نے الجھن کے عالم

[illegible] وقت بتائیں گے — پہلے تو آپ وہ تمام باتیں
[illegible] — جو آپ نے اپنے والدین سے سنی ہیں۔" ایلیسٹر
[illegible] نے جلدی جلدی کہا۔

[illegible] ہو — اطمینان سے بیٹھ جائیں — اور یہ یقین کر
[illegible] ہم آپ لوگوں کو ہرگز ہرگز دھوکا نہیں دیں
[illegible] طرف سے بالکل بے فکر ہو جائیں۔" جیکی بولا۔
[illegible] ہم پہلے ہی ہو چکے ہیں۔"

[illegible] میرا مشورہ مانیں — اور برمودا سے پہلے ایک
[illegible] چلیں — وہاں ہم آپ کو ایک چیز دکھائیں
[illegible] انگیز چیز۔"

[illegible] ہم برمودا والے معاملے کے علاوہ فی الحال کسی
[illegible] چیز میں دلچسپی نہیں لے سکتے۔"

[illegible] میرا مطلب نہیں سمجھے — اس چیز کا تعلق بھی برمودا
[illegible]

[illegible] تب ہم ضرور چلیں گے۔"

[illegible] — لانچ کو مجھے چلانے کی اجازت دیں۔"

انھوں نے ایک دوسرے کی طرف دیکھا — جیسے

www.pdfbooksfree.pk



کر رہے ہوں — کیا ان پر اس حد تک اعتماد کیا جا
انسپکٹر جمشید نے فوراً کہا،

"ضرور — کیوں نہیں — خان رحمان — تم ہا
آدھ گھنٹے بعد وہ ایک جزیرے کے
رہے تھے — ساحل پر بھی انھیں ایک بہت پرا
چھوٹا جہاز نظر آیا — جسے لوہے کے ایک بہت
کے ساتھ باندھ دیا گیا تھا — رسّے کا دوسرا
سوراخ کر کے باندھا گیا تھا —

انھوں نے اس جہاز کو حیرت بھری
دیکھا — پھر ان کی نظریں جیکی اور کاگ پر جم گئیں۔

"کیا آپ ہمیں یہاں — یہ جہاز دکھانے
لائے تھے؟"

"ہاں!" دونوں ایک ساتھ بولے۔

"اس میں کیا خاص بات ہے — اور اس کا
اینگل سے بھلا کیا تعلق ہے؟" آصف نے بے چین

"ریت پر تشریف رکھیے — پہلے ہم اس جہاز کے
میں وضاحت کریں گے — پھر آپ جہاز کا معائنہ کیجیے
یہ اچھا ہی ہوا کہ ہماری ملاقات آپ لوگوں سے
ہم دوست بن گئے — ورنہ آپ نہ جانے کب تک



کے تو ہم بہت پرانے عادی ہیں، اس کی آپ
اندازہ لگا سکتے ہیں۔" جیکی نے اسے ایک ملجے کے بیٹے گھورا، پھر

جہاز کی کہانی برمودا تکون کی کہانیوں میں سے
دلچسپ اور عجیب ہے، اور یہ کہانی بہت کم لوگ

بہت کم لوگوں میں آپ دونوں بھی شامل
ہو گئے ہیں۔" آفتاب نے جل کر کہا۔

نے بالکل ٹھیک سمجھا — خیر اب میں کہانی بیان
کرتا ہوں۔ ٹھیک پانچ گھنٹے کے سفر
برمودا کے قریب پہنچے — لیکن اب چوں کہ
کے جزیرے پر آ گئے ہیں — اس لیے ہمارا
گھنٹے کا بن گیا ہے۔"

"بات نہیں۔" انسپکٹر کامران مرزا نے کہا۔
"اس کا تعلق جہاز کا ہے — اس میں تیرہ سو مسافر
اس جہاز کو آئرلینڈ پہنچنا تھا — سفر سات
جہاز بالکل درست حالت میں تھا — سمندر
تھا — اس کے ملاح بھی بہت تجربہ کار تھے،

www.pdfbooksfree.pk



ان کی ساری زندگی بحری جہازوں میں ہی گزری تھی۔
روانہ ہوا۔ چار دن تک اس کا سفر جاری رہا۔
رہے۔ لیکن چوتھے دن اچانک ایک پیغام ملا۔
آواز میں کہہ رہا تھا:

"ہم۔ ہم نہ جانے کہاں ہیں۔ ہماری مدد کی
کی جائے۔ ہم نہیں جانتے۔ ہمیں کیا ہو رہا ہے
ساتھ کیا کیا جا رہا ہے۔ کوئی ہے"

اور پھر کپتان کی آواز ڈوب گئی۔ انشاء جہ کے
اور لانچیں اور ہوائی جہاز اور ہیلی کاپٹر اس جہاز
لیے دوڑ پڑے۔ لیکن انہیں سطح سمندر پر کوئی جہاز
تلاش جاری رہی۔ آخر تلاش کرنے والے اس بدنصیب
جہاز موجود تھا۔ بالکل درست حالت میں۔ لیکن اس
ایک بھی نہیں تھا۔ نہ عملے کا کوئی آدمی موجود
اوہ!" ان سب کے منہ سے ایک ساتھ نکلا
اس کے بعد پورے جہاز کو چیک کیا گیا۔ سب
انگیز بات یہ سامنے آئی کہ کپتان کا پیغام جتنے
ٹوٹ کیا گیا تھا۔ اس وقت تک جہاز کا جتنا
چکا تھا۔ اس سے زیادہ تیل خرچ نہیں ہوا
بالکل محفوظ تھا۔ عجیب کر۔

ب کر گیا۔"

ہو کر برمودا تکون یہاں سے سات گھنٹے کے راستے
۔ جہاز وہاں سے یہاں تک آیا۔ لیکن ان سات گھنٹوں
ا کا ایک قطرہ تیل بھی خرچ نہیں ہوا۔ یہ اس وقت
ت انگیز ترین واقعہ تھا۔ اور انشاء جہ کی ٹیم حیرت کا بت
رہ گئی تھی۔ بلکہ جن لوگوں کے علم میں بھی یہ واقعہ
ان کی سٹی گم ہو گئی۔ آج تک اس بات کا کوئی جواب
نہیں کیا جا سکا۔ اور اب تو ایسے اور نہ جانے کتنے واقعات
ہے ہیں۔ اب آپ چاہیں تو اس جہاز کا معائنہ کر سکتے
اس وقت یہ بالکل درست حالت پر تھا۔ لیکن چونکہ
بہت عرصہ گزر چکا ہے۔ ہوا، دھوپ اور سمندری
کی وجہ سے یہ اپنا رنگ اور روپ کھو چکا ہے۔
جگہ سے ٹوٹ پھوٹ بھی چکا ہے۔" یہاں تک
کر بالکل خاموش ہو گیا۔

کہانی انتہائی حیرت انگیز ہے۔ اور اگر ہم نے پہلی مرتبہ
حال سنی ہوتی تو اس وقت ہمارا حال بھی وہی ہوتا۔ جو
دن کا ہوا تھا۔ لیکن اب چونکہ ہم ایسی بہت سی باتیں
چکے ہیں۔ لہٰذا صرف جہاز کو دیکھ کر آگے چلتے ہیں۔"
لیڈ بولے۔

www.pdfbooksfree.pk



"لیکن آپ لوگوں نے ایک بات اب تک نوٹ نہیں کی"
مسکرایا۔

"اور وہ کیا؟" ان کی آوازیں ابھریں۔

"اس وقت تک جو جہاز بھی غائب ہوئے — مسافروں
جہازوں کا بھی کوئی پتا نہیں چل سکا — یہ واحد واقعہ ایسا
جس کے مسافروں کا آج تک پتا نہیں چل سکا — اور جہاز بالکل
محفوظ رہا تھا۔"

"ہاں ٹھیک ہے — لیکن اب ایک ایسا واقعہ بھی ہو چکا ہے
کہ جہاز اور مسافر — بحفاظت واپس آ گئے ہیں — وہ نہیں
جانتے — تین گھنٹے تک وہ کہاں رہے ہیں — لیکن ہیں
خیریت سے۔" خان رحمان جلدی سے بولے۔

"اس قسم کے تو کئی واقعات ہو چکے ہیں — لیکن
طاقتیں ان واقعات کو چھپا رہی ہیں — تاکہ دنیا میں خوف و
ہراس نہ پھیلے — دراصل سمندر میں یہ حصہ آمدورفت
لیے بہت اہم ہے — ان گنت بحری جہاز اس سے گزرتے ہیں
اور ہوائی جہاز بھی اس پر سے گزرتے ہیں — ان تمام واقعات
کے باوجود اس راستے کو ترک نہیں کیا جا سکا — یہ ایک
بڑی مجبوری ہے۔"

"ہوں ٹھیک ہے — اب ذرا ہم جہاز کو دیکھ لیں۔"



...اور یاد آ گیا — وہ بھی سن لیں — آپ کی معلومات
...گا۔"

"ضرور۔" انسپکٹر جمشید نے خوش ہو کر کہا۔

...تقریباً بیالیس سال پہلے انٹارکٹیکا کے پانچ جنگی طیارے
...پرواز ہوئے — اور برمودا تکون پر سے گزرے —
...ہو گئے — آج تک ان پانچوں کا کوئی نشان تک نہ

...واقعی یہ بھی بہت دلچسپ واقعہ ہے — اور سنسنی خیز
...اب جہاز کو دیکھ لیں۔" انھوں نے اٹھتے ہوئے

...نہیں — نہیں — ہم دونوں جہاز پر قدم نہیں رکھیں گے۔"
...سنبھالتے ہوئے کہا۔

...ہیں۔" وہ حیران رہ گئے۔

...لی اس کے نزدیک آتے ہوئے بھی ڈرتے ہیں —
...ہے کہ جو کوئی اس جہاز پر چڑھے گا — وہ بھی
...جائے گا۔"

"کیا آج تک اس پر کوئی نہیں چڑھا۔"

"جہازی ٹیم کے لوگ ضرور چڑھے تھے — لیکن جلد ہی
...ہو کر اتر آئے تھے۔"

www.pdfbooksfree.pk



"خیر — آپ دونوں نیچے ہی رہیں۔"

وہ جہاز پر چڑھ گئے اور اس کا ایک ایک
دیکھنے لگے — لیکن اتنا عرصہ گزر جانے کے بعد بھلا انہیں کیا
مل سکتا تھا — جب کہ پینتالیس سال پہلے کوئی سراغ نہ
تھا — لہٰذا وہ واپس آ گئے اور لانچ پر سوار ہو گئے
ان کا سفر پھر شروع ہو گیا — جیکی اور کاگ راستے
تکون کی باتیں کرتے رہے — لیکن ان کی معلومات میں
اضافہ نہ کر سکے۔

"مسٹر جیکی — آپ ہمیں برمودا تکون کی نہیں —
جزیرے کی باتیں بتائیں — ہم نے سنا ہے —
سال پہلے تک اس جزیرے پر لوگوں کی آمد و رفت تھی —
آباد تھا — لیکن پھر ان واقعات کی بنا پر لوگ اس
کی رہائش چھوڑتے چلے گئے — یہاں تک کہ جزیرہ
خالی ہو گیا — یہ بھی کوئی عجیب بات نہیں — عجیب بات
یہ ہے کہ اس کے بعد اس جزیرے کے چاروں طرف
چٹانیں بن گئیں — ایسی چٹانیں جن پر چڑھا نہیں جا سکتا
طرح جزیرے کے اندر داخل ہونا قریب قریب ناممکن ہو گیا
بلکہ ہوائی جہاز بھی نہیں اتر سکتے — کیونکہ اوپر اس
نوکیلی چٹانیں ہیں کہ جہاز ان سے ٹکرائے بغیر اس



سکتا — ہیلی کاپٹر بھی آنا پسے گئے — وہ بھی جزیرے
سکے — آخر ایسا کس طرح ہو گیا۔"

بھی ایک راز ہے — لیکن اس راز کو ہم
ہیں۔"

ہم یہ بات جانتے ہیں — کہ کچھ لوگ ہیں — جو
جزیرے میں داخل ہونے کا راستہ جانتے ہیں۔"

— کیا واقعی — یہ بات ہم آج پہلی بار سن رہے
جیکی کے لہجے میں بلا کی حیرت تھی۔

بھی اتفاق سے معلوم ہو گئی ہے — لیکن جو شخص
جزیرے میں داخل ہونے کا راستہ جانتا تھا — اس کو
کر لیا گیا ہے — تاکہ ہم اس سے کچھ معلوم نہ

خیال ہے — ہم تو اس خیال میں تھے کہ جو طاقت
کو غائب کر دیتی ہے — اسی طاقت نے برمودا
پر بھی قبضہ کر لیا ہے — اور اس کے اردگرد
کھڑی کر دی ہیں۔"

ہیں — یہ کارنامہ انسانی ہے — اسی لیے تو ہم برمودا
میں داخل ہونے کا ارادہ رکھتے ہیں۔" انسپکٹر کامران
مسکرائے۔

www.pdfbooksfree.pk



"ارے باپ رے ــ" دونوں نے گھبرا کر کہا۔

"ہم پہلے برمودا جزیرہ دیکھیں گے اور پھر اس کی سیر کریں گے۔"

"چاہے غائب ہی ہو جائیں۔" کاگ نے بوکھلا کر کہا۔

"اگر ہماری قسمت میں یہی لکھا ہے ــ تو کیا کہا جا سکتا ہے ہو جائیں گے غائب۔" فاروق نے منہ بنایا۔

"لیکن اس طرح غائب ہونے کا ایک فائدہ ضرور ہو گا۔" آفتاب مسکرایا۔

"وہ ــ وہ کیا۔" جیکی نے لرز کر کہا۔

"یہ کہ ہم غائب ہونے والوں کا راز جان لیں گے۔"

"ہل ــ لیکن ــ کیا فائدہ ــ آپ دنیا کو بتا تو نہیں سکیں گے۔"

"کوئی بات نہیں ــ ہمیں تو معلوم ہو جائے گا۔"

"یہ ضروری نہیں جناب ــ غائب ہونے والوں کے الفاظ یاد کیجیے ــ ہماری مدد کی جائے ــ ہم نہیں جانتے ہم کہاں ہیں ــ ہمیں کیا ہو رہا ہے۔"

"ہاں جمشید ــ مسٹر جیکی ٹھیک کہہ رہے ہیں ــ غائب ہونے والے بھی مرنے کے وقت تک اس راز کو نہیں جان



ے۔" پروفیسر داؤد بولے۔

"پروفیسر صاحب ــ اب آپ ہی بتائیں ــ آخر یہ کیا ہو سکتا ہے۔"

"میں سو سال سے بڑی طاقتوں کے سائنس دان معاملے کا کھوج نہیں لگا سکے ــ اس بارے میں وہاں پہنچنے سے پہلے کیا کہہ سکتا ہوں۔" پروفیسر داؤد بے چارگی کے عالم میں کہا۔

"اس کا مطلب ہے ــ وہاں پہنچنے کے بعد آپ کچھ کوشش کریں گے۔"

"کوشش ضرور کروں گا ــ لیکن کامیابی کی امید ایک بھی نہیں ہے۔"

"خیر ــ دیکھا جائے گا۔"

"اب اگر اجازت ہو تو ــ ہم ایک بار پھر مباحثہ شروع کر لیں ــ ان دونوں کے آ جانے کی وجہ سے ہماری محاورات باتوں کے دنگل اور نوک جھوک کے پروگرام درمیان میں رہ گیا تھا۔" فاروق نے یاد دلایا۔

www.pdfbooksfree.pk



"ہاں ہاں ضرور — کیوں نہیں — لیکن بھئی
نماز کا وقت ہو چکا ہے۔"
انھوں نے وضو کیا اور نماز
لگے — جیکی اور کاگ حیرت زدہ انداز
دیکھنے لگے۔

# سمندر کا ہال

ے فارغ ہوئے تو جیکی نے حیران ہو کر کہا۔
یہ آپ لوگ کیا کر رہے تھے؟"
اللہ تعالیٰ کی عبادت کر رہے تھے — جس طرح آپ گرجوں
جاتے ہیں نا — اور آٹھ دن میں ایک بار عبادت کرتے
اسی طرح ہم اپنے اللہ کی دن میں پانچ بار عبادت
تے ہیں" اشفاق نے انھیں بتایا۔
"ہر روز پانچ بار" جیکی نے حیران ہو کر کہا۔
"ہاں! بلکہ کچھ عبادت گزار بندے تو اس کے علاوہ بھی
ت کرتے ہیں — وہ زائد نمازیں بھی پڑھتے ہیں۔
ن ہماری عبادت اور آپ لوگوں کی عبادت میں بہت
ا ہے"
فرق ہے — وہ کیوں"

www.pdfbooksfree.pk



"ہم اللہ کو ایک مانتے ہیں — اس کا مطلب یہ
اس جیسی طاقت کسی میں نہیں — وہ ساری کائنات
واحد مالک ہے، جو چاہے سو کر سکتا ہے —
اس کو روکنے یا ٹوکنے والا نہیں — اس کے کام
کوئی نہیں جان سکتا۔ وہ جب کسی کام کا ارادہ کرتا ہے
کہتا ہے کُن — اور وہ کام ہو جاتا ہے — وہ غیب
جاننے والا ہے، اس کے سوا غیب کا علم کوئی نہیں
ہاں وہ اپنے نبیوں کو غیب کی خبریں عطا فرماتا ہے
نبیوں کو اور بھی بہت سے علم عطا کرتا ہے — جو
لوگوں کو نہیں عطا کئے جاتے — اور پوری کائنات
سب سے زیادہ علم ہمارے نبی حضور اکرم حضرت محمد
اللہ علیہ وسلم کو عطا فرمایا — آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو
کمالات عطا فرماتے جو ایک لاکھ چوبیس ہزار کے لگ
پیغمبروں کو نہیں عطا فرمائے۔ اس لحاظ سے تمام انبیاء
ہمارے رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کا درجہ بلند ہے
بلند ترین ہے — کوئی اُن کے مرتبے کو نہیں پہنچ
لیکن وہ ہمیں یہی تعلیم دیتے نظر آتے ہیں — کہ جو کچھ
ہے — اپنے اللہ سے مانگو — اور کوئی دینے والا
— اور کوئی بگڑی بنانے والا نہیں — اور کوئی

یہ حاوی نہیں — اور کوئی مشکل کشا نہیں — اس کی اپنی
اولاد نہیں — نہ وہ کسی کی اولاد ہے — نہ اس نے کسی کو
نہ وہ کسی سے جنا گیا — وہ اکیلا ہے — یکتا ہے
جبکہ دوسرے مذاہب کے لوگ یہ عقیدہ نہیں
— آپ لوگ حضرت عیسیٰ کو اللہ کا بیٹا مانتے ہیں۔
کر قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ نہ
کی اولاد ہے۔ — نہ اس کی کوئی اولاد — اور یہ بھی
کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے اپنی اُمت کو بتا دیا تھا
کے بعد ایک نبی آنے والے ہیں — ان کا نام
گا — ان کی پیروی کرنا لازمی ہے — ان الفاظ
عیسائی دنیا کو چاہیے تھا کہ وہ حضرت عیسیٰ کے
یاد رکھتے اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی تشریف
کے بعد اور اسلام کا اعلان کرنے کے بعد ان پر
لے آتے — لیکن انھوں نے کیا یہ کہ آپ صلی اللہ
کی مخالفت شروع کر دی اور ایمان نہ لائے —
یہ وضاحت بھی ملتی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم
سے پہلے عیسائی عربوں کو یہ کہا کرتے تھے کہ ایک
نے والے ہیں — حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے ان کی
کی بشارت دی ہے — ہم ان کا انتظار کر رہے

www.pdfbooksfree.pk



ہیں — جونہی وہ آئیں گے ہم ان پر ایمان لے آئیں گے
پھر تم لوگوں سے نبٹیں گے — لیکن ہوا کیا — حضور نبی کریم
عرب میں پیدا ہوئے اور وہیں انھوں نے اپنی نبوت کا
کیا — اس لیے انھوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت
نہ مانا — حالانکہ آثار اور نشانیاں سب کچھ ان کی کتاب
عین مطابق تھیں — اور پھر ستم ظریفی یہ کی گئی کہ انجیل میں
بدل کر دیا گیا — چنانچہ اب انجیل میں وہ صفحات ہیں
— جن میں حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی آمد کا ذکر
وہ صفحات رہنے دیئے جاتے تو پوری عیسائی دنیا اسلام
کرتی — لیکن عیسائیت کے سرکردہ لوگوں نے اس
اپنا کاروبار بند ہوتے دیکھا — اور انجیل کے الفاظ بدل
— یہ ہے اصل قصہ — " انسپکٹر جمشید یہاں تک
کر خاموش ہو گئے۔

جیکی اور کاگ سکتے کے عالم میں ان کی باتیں
رہے تھے — آخر جیکی بولا۔

" آپ کی باتیں سن کر حیرت ہوئی ہے — اس سفر
اگر ہم زندہ واپس آ گئے — تو ہم تحقیق کریں گے!

" ضرور تحقیق کریں — لیکن اس سے پہلے ایک
سن لیں — جس کی موجودگی میں کسی تحقیق کی ضرورت

زندہ جاتی "

اور وہ " کاگ جلدی سے بولا۔

دنیا میں جتنے بھی نبی آتے — سب کے سب امی تھے
— یعنی ان پڑھ تھے — اس لیے کہ نبی تو امت کو
جانے کے لیے آتے ہیں — وہ تو اللہ تعالیٰ سے
تے ہیں — اللہ تعالیٰ انھیں ہر قسم کا علم عطا فرماتا ہے
— لہٰذا دنیاوی لحاظ سے وہ ان پڑھ ہوتے ہیں —
لہٰذا غور کریں — ہمارے پیارے رسول حضرت محمد
صلی اللہ علیہ وسلم نے آج سے چودہ سو سال پہلے نبوت کا
دعویٰ کیا تھا — اور یہ بتایا کہ اللہ کا کلام ان پر نازل ہوتا
— اس کلام کو وہ اپنے ساتھیوں کے ذریعے لکھواتے
گئے — وہ کلام اب قرآن کریم کی صورت میں موجود
ہے — پہلی بات تو یہ کہ اس قدر بڑی، جامع اور کائنات
کے علوم کو گھیرے ہوئے کتاب ایک ان پڑھ آدمی لکھوا
نہیں سکتا۔ اگر محض سے فرض کر لیں کہ کسی طرح لکھوا دیتا
— تو اسے رہتی دنیا تک کے حالات کا کس طرح پتا
سکتا ہے — قرآن کریم میں رہتی دنیا تک کے حالات درج
— اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث میں بھی قیامت
کے حالات بتاتے گئے ہیں — قرآن کریم میں ایسی

www.pdfbooksfree.pk



عجوبہ باتیں بھی ہیں جن کو آج کی سائنسی دنیا نے تسلیم کر لیا ہے
ان کے خاموش ہونے پر جیکی نے بھرائی ہوئی آواز میں کہا۔
"واقعی! یہ باتیں بہت حیرت انگیز ہیں — اور اس کا
تو یہ بنتا ہے کہ ہم گمراہی میں پڑے ہوئے ہیں، مسلمان دنیا
راستے پر ہیں — درست مذہب پر ہیں۔"
"ہاں — یہی بات بتانے کے لیے میں نے یہ تفصیل بیان
ہے۔" انسپکٹر جمشید پرجوش انداز میں بولے۔
"ہم وعدہ کرتے ہیں — واپس پر تحقیق کریں گے اور آپ
آپ کی باتیں بالکل درست ثابت ہوئیں تو عیسائیت چھوڑ
گے۔"
"ضرور کیوں نہیں — تحقیق بہت اچھی بات ہے۔"
جمشید بولے — کچھ دیر کے لیے پھر خاموشی چھا گئی —
مکھن بولا۔
"آپ برموڈا ٹرائی اینگل کے بارے میں کچھ
بتا سکتے ہیں؟"
"جو باتیں ہمیں معلوم تھیں — یا جو یاد آئیں بتا دی ہیں
کوئی اور بات یاد آئی تو وہ بھی بتا دیں گے۔"
"شکریہ!" کئی آوازیں ابھریں۔
"اس کا مطلب ہے — ہم ایک بار پھر آزاد ہیں؟"



"ہاں — آزاد ہیں — خوب پیٹ بھر لو — لیکن برموڈا
میں آنے کے بعد تمہاری چھٹی بالکل ختم —" انسپکٹر کامران
نے منہ بنایا۔
"ہمارے ذہنوں پر بھی دراصل وہ مکھن چھائی ہوئی ہے
ان حالات میں ہم باتیں کر ہی کیا سکیں گے۔" آصف
نے کہا۔
"کیا — یہ اور اچھی بات ہے کہ تم کچھ باتیں نہ کر سکو!"
جمشید خوش ہو گئے۔
"ایسی بھی بات نہیں — برموڈا پر تو باتیں ہو ہی سکتی
ہیں۔" فرزانہ مسکرائی۔
"ہاں ٹھیک ہے — ہم ضرور اس پر بات کریں گے
ہو سکتا ہے — باتوں باتوں میں کوئی کام کی بات منہ
سے نکل جائے —" آفتاب نے چہک کر کہا۔
"یہ باتیں لگا رکھی ہیں تمہیں باتوں کے علاوہ اور
کچھ نہیں سوجھتا —" فرزانہ نے جھنجھلا کر کہا۔
"یہی سوجھتا ہے — اب میں گفتگو کا لفظ منہ سے ادا
کروں!" وہ تیز لہجے میں بولا۔
"ہاں میں آپ لوگ بھی — کہیں آپ لڑنے والے تو نہیں
بن گئے!" جیکی نے گھبرا کر کہا۔

www.pdfbooksfree.pk



"ارے نہیں — ان تھوں میں تیل کہاں ہے" شوکی بولا۔

"جی ہاں — تیل تو بس ان تھوں میں ہے — اخلاق بھائی کو کوئی موقع آیا — اور یہ کونوں میں گھسے نظر آتے ہیں" آفتاب نے غصیلے لہجے میں کہا۔

"ہمارا کام اس کے بغیر جو چل جاتا ہے" اشفاق مسکرایا۔

"یہ اچھا طریقہ ہے — مار کھا کھا کر کام نکالنے کا —" آفتاب نے منہ بنایا۔

"مار کھانا دراصل صحت کے لیے بہت مفید ہوتا ہے —" اخلاق نے کہا۔

"لیکن بھئی — اخلاق — تم کوئی خاص صحت مند تو نظر نہیں آرہے" فاروق کے لہجے میں حیرت در آئی۔

"میں مار کم کھاتا ہوں نا — اس معاملے میں شوکی ہمارا سب سے آگے ہیں" اس نے جھینپ کر کہا۔

"اے — خاموش — ورنہ مار بیٹھوں گا —" شوکی جل کر کہا۔

"یہ مار بیٹھوں گا بھی بہت عجیب ہے — کیا یوں نہیں کہہ سکتا — مار کھڑا ہوں گا —" فاروق بولا۔

"تم ایسا کیوں نہیں کرتے — نئے نئے محاورات کی ایک کتاب لکھ ڈالو —" آفتاب نے جھنجھلا کر کہا۔



"میرا مصنف بننے کا کوئی ارادہ نہیں — کیونکہ یہ بیکار کام ہے"

"— مصنفی بیکار لوگوں کا کام ہے — نہیں بھئی میں نہیں مان سکتا — آج کل تو مصنف لوگ بہت کھا کما رہے ہیں —" محمود نے نفی میں سر ہلایا۔

"سب نہیں — چند ایک — باقی بیچارے تو بھوکے ہی مرتے ہیں"

"ہم مصنفوں کی باتیں کیوں لے بیٹھے — کیا کوئی اور بات نہیں کر سکتے کے لیے —" فرحت نے انھیں گھورا۔

"کہہ رہے — فرحت کی بھی آواز سنائی دی — میں تو سمجھی تھی — کہ مزے منہ میں گھنگھنیاں ڈال کر چلی ہے" فرحانہ خوش ہوئی۔

"گھنگھنیاں بھی ہوتیں — تو کیا اب تک وہ منہ میں ہی ہوتیں — بیوقوف ہوتی ہو —" فاروق نے منہ بنایا۔

"ہیں تو جلے کٹے کیوں جا رہے ہو!

"فرحانہ کی صحت کا اثر ہو گیا ہے — بلکہ اس کی جوتی کا اثر ہو گیا ہے"

"— یہ تو بہت خطرناک اثر ہے — سنا ہے — جوتی کا اثر ہوتا —" آصف گھبرا کر بولا۔

www.pdfbooksfree.pk



"کیا ـــ کونسا اثر ـــ" پروفیسر داؤد بے وھیانی کے عالم میں بولے۔

"جی ـــ جوتی کا اثر ـــ"

"جوتی کا اثر ـــ کیا مطلب ـــ کیا جوتی کا بھی کوئی اثر ہوتا ہے"

پروفیسر داؤد کے لہجے میں بلا کی حیرت تھی۔

"لیجئے ـــ جوتی کا اثر نہ ہونے کی بھی ایک یہی بات کہی آپ نے ـــ ان کو اثر تو کسی بھی چیز کا ہو سکتا ہے"

"ہاں ـــ یہ بات تو ٹھیک ہے ـــ مثلاً مجھ پر برمودا کا اثر ہو رہا ہے ـــ اور میں خود کو غائب محسوس کر رہا ہوں" ـــ فاروق رحمان نے کہا۔

"ارے باپ رے ـــ ہم برمودا کی حدود میں پہنچے نہیں اور اثر شروع ہو گیا" شوکی کانپ اٹھا۔

"ویسے کتنا مزا آئے ـــ اگر....." فاروق کہتا کہتا رک گیا چہرے پر مسکراہٹ تھی۔

"اس طرح تو ضرور ہی مزا آئے گا۔ اگر تم درمیان میں ہی غائب ہو جاؤ گے" محمود نے اسے گھورا۔

"میں کہہ رہا تھا ـــ کتنا مزا آئے اگر ہم سب برمودا کی حدود میں کچھ لمحوں کے لیے غائب ہو جائیں ـــ یعنی انشارجہ کے جہاز کی طرح ـــ جو ہمارے ملک میں تین گھنٹے دیر سے پہنچا



مسافروں کی گھڑیاں وہی ٹائم بتا رہی تھیں ـــ جو پہنچنے کا تھا ـــ اور جہاز کا تیل بھی اتنا ہی خرچ ہوا ہوتا رہتا ہوتا تھا ـــ بلکہ فاصلہ بھی جہاز نے وہی بتایا جو معمولاً طے کرتا رہا ہے ـــ ظاہر ـــ تین گھنٹے برمودا تکون میں رہا ـــ ان تین گھنٹوں کا حال اس کے اور مسافروں کو بالکل معلوم نہیں"

"اچھا ـــ تو آپ لوگوں کے ساتھ بھی ایسا واقعہ ہو ـــ" جیکی چونک کر بولا۔

"ساتھ نہیں ـــ انشارجہ سے روانہ ہو کر ہمارے ملک پر پہنچنے والے ایک جہاز کے ساتھ" فاروق نے وضاحت کی۔

"کا مطلب ہے ـــ اس قسم کے واقعات اب تین ہو چکے ہیں ـــ تین واقعات تو ہمارے علم میں ـــ یاد آیا ـــ ایک جہاز کے عملے کی طرف سے یہ اعلان ہوا تھا ـــ یعنی آخری پیغام۔

"کہہ رہا نہیں ہے جیسا ہونا چاہیے۔"

"بتانے والے مخاطب نما ہمیں رستہ نہیں بتا رہے ـــ مدد کریں۔ ہم نہیں جانتے ہمیں کیا ہو رہا ہے ـــ" ـــ وہ آخری پیغام جو ایک جہاز سے موصول ہوا۔

www.pdfbooksfree.pk



اور پھر ان کی آواز نہ سنی گئی ۔" جیکی حسرت زدہ آواز میں
"میرے جسم میں سنسنی کی لہریں اُٹھ رہی ہیں ۔۔۔ خون
ہو رہا ہے احساس پر ۔۔۔" منور علی خاں نے ڈرے ڈرے
میں کہا۔

"اور منور علی خاں ۔۔۔ تم ہی ہمارے درمیان وہ واحد
۔۔۔ جو برموڈا جزیرے کو پہلے ایک دفعہ دیکھ چکے ہ
لیکن اب برموڈا جزیرہ بھی پہلی حالت میں کہاں ہے!"

"اور وہ لوگ کہاں ہیں۔ جو ہمارے ساتھ
رہے تھے ۔۔۔ ہمیں اس معاملہ میں دخل دینے سے روک
چاہتے تھے ۔۔۔ اب ان سے سامنا ہی نہیں ہوا!"

"وہ یہ محسوس کر چکے ہیں کہ ہم ان کی ایک نہیں
اور نہ کوئی چلنے دیں گے۔ اس لیے بے چارے
الگ ہو گئے۔" آصف نے خیال ظاہر کیا۔

"ہاں! یہی کہا جا سکتا ہے ۔۔۔ یہ بات بھی ہو سکتی ہے
ان کا دائرہ کار مشترکہ ہو اور جب کوئی شہر سے نکل
تو ان کا کام ختم ۔۔۔ پر وہ آگے اطلاع بھیج دیتے ہوں
کہ کچھ لوگ ہماری حد سے نکل کر آپ کی حد میں آ رہے

"ہوں! ضرور کوئی ایسی ہی بات ہوگی ۔۔۔ اب یہ
چل کر معلوم ہو گا ۔۔۔"



سفر جاری رہا ۔۔۔ آخر سات گھنٹے بعد کاگ کی آواز
چونکا دیا۔ برموڈا کی چٹانیں!"

نظریں اٹھ گئیں ۔۔۔ پھر ان کے منہ مارے خوف
کے کھلے رہ گئے ۔۔۔ اس قدر بلند اور نوکیلی چٹانیں
زندگی میں پہلی مرتبہ دیکھی تھیں ۔۔۔ وہ چاندی کی
تھیں ۔۔۔ یوں لگتا تھا ۔۔۔ جیسے ان پر برف منڈھ
دی ۔۔۔ سورج بھی اس وقت نکلا ہوا تھا ۔۔۔ سورج کی
ان چٹانیں عجیب چمک پیدا کر رہی تھیں۔ اور
اس مسلسل دیکھا نہیں جاتا تھا۔

آخر ہم برموڈا جزیرے تک پہنچ گئے ۔۔۔" انسپکٹر
مرزا بولے۔

ہاں ۔۔۔ اور اس کے دوسری طرف وہ تمکون ہے۔
اور ہم اب تک کرتے رہے ہیں ۔۔۔ سمندر کا یہ ٹکڑا
ہزار میل میں پھیلا ہوا ہے!"

۔۔۔ دو تین ہزار میل ۔۔۔ کیا ہماری لانچ میں
ہو گا؟" منور علی خان بولے۔

کا بہت بڑا ذخیرہ رکھوا دیا گیا تھا ۔۔۔" ڈی کوسٹا
کہا۔

۔۔۔ پہلے ہم اس جزیرے میں داخل ہوں گے ۔۔۔"

www.pdfbooksfree.pk



انسپکٹر جمشید بولے۔

"لیکن کیسے ـــ جزیرے میں داخل ہونے کا ایسا کوئی راستہ نہیں ہے ـــ" کاگ نے کہا۔

"راستہ ہے ـــ ہمیں یقین ہے ـــ اور ہم وہ راستہ تلاش کر کے رہیں گے۔ آخر اس جزیرے کے اردگرد یہ چٹانیں کہاں سے آگئیں ـــ جب کہ پندرہ سال پہلے اس کے گرد اس طرح کی چٹانیں ہرگز نہیں تھیں۔" انسپکٹر کامران مرزا نے پر لہجے میں کہا۔

"ہاں! اس بات کا گواہ میں ہوں ـــ میں اس جزیرے پر چند دن گزار چکا ہوں ـــ" منور علی خان بولے۔

اچانک انھوں نے ایک آواز سنی ـــ ایک عجیب قسم کی آواز ـــ انھوں نے اپنی زندگی میں اس جیسی آواز پہلے نہیں سنی تھی ـــ نہ جانے کیوں ـــ ان کے رونگٹے کھڑے ہو گئے ـــ دوسری حیرت انگیز بات یہ ہوئی کہ لانچ خود بخود رک گئی تھی۔

# دیواریں بولتی ہیں

"ان مالک ـــ یہ کیسی آواز تھی ـــ" فاروق نے لرز کر کہا۔

"اور اور ـــ ہماری لانچ کیوں رک گئی ہے؟"

"میں .... میں اسے سٹارٹ کرنے کی کوشش کر رہا ہوں ـــ لیکن یہ نہیں چل رہی ـــ" منور علی خان نے پریشان ہو کر کہا۔

"اللہ اپنا رحم کرے ـــ ابھی تو ہم اس ٹکون کی حدود میں بھی نہیں ـــ" آفتاب نے کہا۔

"مگر ـــ ابھی تو ہم برمودا جزیرے سے بھی فاصلے پر ہیں۔"

"ظفیر صاحب ـــ آپ خان رحمان کی مدد کریں ـــ ہم سمندر کا جائزہ لیتے ہیں۔"

"یہی بات ہے۔" وہ بولے اور کنٹرول روم کی طرف بڑھ گئے۔

انھوں نے سمندر پر نظریں جما دیں ـــ اور دور تک کوئی

www.pdfbooksfree.pk

عجیب یا غیر معمولی بات نظر نہیں آئی۔

"کچھ نہیں ہے — کچھ بھی نہیں"

"لیکن وہ آواز — اور لانچ کیوں رک گئی"

"یہ — یہ شارٹ ہو گئی ہے —" خان رحمان بولے۔

"شاید اس آواز کا اثر ختم ہو گیا ہے —" پروفیسر داؤد

"آواز کا اثر —" ان کے منہ سے نکلا۔

چہروں پر اڑنے والی ہوائیاں آہستہ آہستہ کم ہوتی چلی گئیں

— وہ چٹانوں سے نزدیک ہوتے چلے گئے۔ اب چٹانیں ان

کے سامنے تھیں — سمندر کی لہریں ان سے پرسکون انداز میں

ٹکرا رہی تھیں۔

"کیا خیال ہے — ہم ان پر چڑھ سکتے ہیں" انسپکٹر جمشید

بولے۔

"ہرگز نہیں —" منور علی خان نے پرزور لہجے میں کہا۔

"لل — لیکن — ہمیں جزیرے میں داخل ہونا پڑے گا

— منور علی خان — تمہارا آنکڑا کہاں گیا" انسپکٹر کمال

مرزا نے جھنجھلا کر کہا۔

"آنکڑا بھلا یہاں کیا کرے گا"

"کیوں — کیا ہم آنکڑے کو ان نوکیلی چٹانوں تک نہیں

اچھال سکتے"

[illegible] آتی ہوتا ہے کہ آنکڑا اس قدر اونچائی تک نہیں پھینک

[illegible] اور اگر پھینک بھی دیں — آنکڑا کسی نوکیلی چٹان

[illegible] جائے — تو بھی کیا ہے — ہم میں کون ایسا ہے

[illegible] ری کے ذریعے اوپر وہاں تک جا سکے گا — کامران

[illegible] ی چٹانیں ہیں — اگر قدرے ٹیڑھی ہوتیں —

[illegible] کانات کا جائزہ لے سکتے تھے —" منور علی خان

[illegible] ہوئے بولے۔

[illegible] — آخر کوہ پیما بھی تو چڑھتے ہیں —"

[illegible] — لیکن وہ کہیں ٹھوک ٹھوک کر اوپر چڑھتے

[illegible]"

[illegible] ا تھا — ہم بھی کہیں ٹھوک سکتے ہیں — ہمارے پاس

[illegible] —" انسپکٹر جمشید بولے۔

[illegible] — پہلا کام آنکڑا پھنسانے کا ہے — میں کوشش

[illegible] ں —" منور علی خان بولے۔

[illegible] منور علی خان — تم کامیاب نہیں ہو سکو گے۔ انسپکٹر

[illegible] سکائے۔

[illegible] طلب —"

[illegible] ہے کہ تم ذہنی طور پر پہلے ہی شکست مان چکے ہو۔

[illegible] کر چکے ہو کہ آنکڑا اوپر تک نہیں پہنچ سکے گا —

www.pdfbooksfree.pk

جو آدمی پہلے ہی فاتحی طور پر شکست کھا چکا ہو — وہ
نہیں ہوا کرتا — اس لیے تم آنکھوں مجھے دو —"

"ایک منٹ — ہم اس ٹینکر ڈرائیور کو بھول رہے
— یعنی کانگو کو"

"اوہ ہاں — واقعی — اسے جزیرے میں داخل ہونے
راستہ معلوم تھا — اس کا مطلب ہے — انکلو کے
چڑھنے کے بجائے — پہلے ہمیں وہ راستہ تلاش کرنا چاہیے

"اس غرض کے لیے پہلے جزیرے کے گرد ایک چکر لگانا
گا —" انسپکٹر جمشید بولے۔

"تو ٹھیک ہے — چکر لگا لیتے ہیں"

لانچ جزیرے کے گرد چکر لگانے لگی — یہ کوئی چھوٹا
جزیرہ نہیں تھا — بہت لمبا چوڑا جزیرہ تھا — چکر لگاتے
دوران منور علی خان نے بتایا۔

"پندرہ سال پہلے تو اس جزیرے میں پورا ایک شہر آباد
"اس کا مطلب ہے — ہمیں چکر لگانے میں ایک گھنٹہ
لگ جائے گا —" شوکی بولا۔

"تو لگ جائے — ہمیں گھنٹے کا کرنا ہی کیا ہے"
فاروق مسکرایا۔

پورے جزیرے کا چکر لگانے میں دو گھنٹے صرف ہو

ان انھوں نے عمون کے ہیتے کو بھی دیکھا — دوربینوں کے
ہ ہی کا جائزہ لیا۔ لیکن کوئی عجیب بات محسوس نہ ہوئی —
کا ہونے کے قریب تھا — ایسے میں پروفیسر داؤد بولے۔
کرنے جس قدر باتیں سنی ہیں — ان میں سے تو یہاں کسی
ہی آثار نظر نہیں آئے"

اس کی وجہ یہ ہے کہ سمندر میں کسی کو کبھی کسی قسم کی تبدیلی
آثار نظر نہیں آئے — اور نہ ہی جہاز غائب ہونے
واقعات ہر مرتبہ ہوتے ہیں — نہ غائب ہونے
ان اوقات یا خاص دن میں — کوئی اندازہ ان سو
ان کے دوران آج تک نہیں لگایا جا سکا۔ غائب ہونے
اتر تو بس اچانک ہی ہو جاتا ہے — اور ہو جانے
ہ بعد ہی پتا چلتا ہے — کہ کیا ہو گیا ہے"

"ا.....وہ.....وہ —" فاروق کے منہ سے حیرت زدہ
ز میں نکلا۔ وہ اس وقت دوربین پہ نظریں جمائے بیٹھا تھا۔
اس سے بہتر تھا — تم کہتے... تین ہار وہ —" آفتاب
نے منہ بنایا۔

فاروق نے اس کی طرف کوئی توجہ نہ دی — وہ تو سمندر
ایک سمت ہی دیکھے جا رہا تھا۔ اب تو ان سب نے
ان نظریں جما دیں۔

www.pdfbooksfree.pk

"بھئی آخر کیا نظر آرہا ہے ؟" خان رحمان نے منہ بنایا۔

"اوہ ! میں نے بھی دیکھ لیا — اس طرف بڑھے چلو خان رحمان —" انسپکٹر جمشید پرجوش آواز میں بولے۔

"واقعی فاروق — تم نے تو کام دکھا دیا —" پروفیسر داؤد بولے۔

"کیا آپ لوگوں کا اشارہ ان بڑے بڑے بلبلوں کی طرف ہے" جیکی کے لہجے میں حیرت تھی۔

"ہاں ! — بالکل —" پروفیسر داؤد بولے۔

جیکی اور کاگ حیران تھے — لانچ اب بلبلوں کی طرف جا رہی تھی۔ اس کے نزدیک پہنچ کر لانچ کو روک لیا گیا اور وہ ان بلبلوں کو غور سے دیکھنے لگے۔

"آخر ان بلبلوں میں ایسی کیا خاص بات ہے —" جیکی نے کہا۔

"سمندر میں بلبلے — اور وہ بھی نیچے سے آرہے ہیں... یہ سطح پر نہیں بن رہے — نہ جھاگ وغیرہ کے بلبلے ہیں۔ آپ لوگ دیکھتے نہیں — ایک لائن کی صورت میں چلے آ رہے ہیں اور پھٹ رہے ہیں —"

"یہی بات تو میں نے دور بین میں دیکھی تھی !" فاروق بولا۔

"لانچ کو آب دوز میں تبدیل کر لیں — ہم نیچے چلیں گے"

زیر بیلے کسی تحقیقاتی ٹیم کو نظر نہیں آتے ہوں گے !" جیکی نے منہ بنایا۔

ان بلبلوں کے تعلق جہازوں کے غائب ہونے سے قائم ہے — بلکہ ہمارا خیال ہے یہ ہے کہ جزیرے میں جانے کا اگر کوئی راستہ سمندر سے ہو کر جاتا ہے تو وہ راستہ یہیں ہو سکتا ہے — اتنے بڑے بڑے بلبلے دراصل ہوا کے جزیرے کو اوپر سے بھی پوری طرح ڈھانپ دیا گیا ہے — جزیرے پر رہنے والے جو سانس وغیرہ لیتے ہیں — وہ یہاں خارج ہو رہا ہے۔ اور سمندر کے ذریعے ہی جزیرے پر آکسیجن جا رہی ہے —" پروفیسر داؤد کہتے چلے گئے۔

"اوہ اوہ —" ان کے منہ سے نکلا۔

لانچ آب دوز میں تبدیل ہو چکی تھی — اور سمندر میں اتر رہی تھی — وہ بلبلوں کی سیدھ میں نیچے اتر رہے تھے — بلبلوں کا سلسلہ نیچے سے آتا نظر آرہا تھا — ان پر اب تاریکی طاری ہو چکی تھی — اور پھر انھیں بلبلے ایک راستہ اختیار کرتے ہوئے نظر آئے — راستہ اب قدرے چوڑا ہو رہا تھا — انھوں نے بھی لانچ کا رخ اس طرف کر دیا۔ سب کو یقین ہو چلا ہے — کہ کاگو اس راستے سے واقف

www.pdfbooksfree.pk



"لیکن کیوں — وہ کیوں واقف تھا —" آصف کے منہ
"اس لیے کہ وہ دراصل ٹیکسی ڈرائیور نہیں تھا — وہ ہی
پر قابض لوگوں کا ساتھی تھا۔"

"تت — تو کیا — جزیرے پر قابض لوگ ان جہازوں
غائب کر رہے ہیں؟" خان رحمان بولے۔

"خیر یہ بات تو نہیں ہو سکتی — کیونکہ پندرہ سال پہلے
کے گرد یہ چٹانیں نہیں تھیں — اور جہازوں کے غائب
کا سلسلہ بہت پہلے شروع ہو چکا ہے۔" انسپکٹر جمشید نے
میں سر ہلایا۔

"پتا نہیں کیا اسرار ہے۔" منور علی خان بڑبڑائے۔

پندرہ منٹ کے سفر کے بعد انھیں پانی میں ایک بڑا سا
نظر آیا — اسے دیکھ کر فاروق سے رہا نہ گیا — فوراً
اٹھا۔

"پانی کا دروازہ!"

"پانی کا دروازہ نہیں، سمندر کا دروازہ —" آفتاب نے
کر کہا۔

"لو... جاپانی سینڈ کی کو دکام — اب یہ بھی نام
کیا کریں گے؟" فاروق نے اسے گھورا۔

"خان رحمان — آہستہ اس دروازے میں داخل کرو۔"



کرو — کہیں ہم پھنسنے والے تو نہیں۔"

ے میں تو داخل ہونا ہے — چاہے پھنس کر داخل ہوں
ے —" انسپکٹر جمشید مسکرائے۔

بات ہے — یہ لو۔"

گر پہلے بہت تیزی سے چلتے محسوس ہو رہے تھے۔ اور
جہاز کی آمد و رفت کی وجہ سے ہی یہ جگہ سمندر میں دروازہ
کہلاتی تھی۔

ہو رہا ہے — جیسے ہم جہازوں کے غائب ہونے
جان لیں گے —" پروفیسر داؤد پرجوش نظر آ رہے تھے۔

ں —" ان سب کے منہ سے نکلا۔

آپ لوگوں نے کیا کہا —" ڈی کوزا بولا۔

اتفاق ان تینوں کو بتانے لگا... اسلام کی تعلیمات پر روشنی
— ایسے میں انسپکٹر کامران مرزا بولے۔

کا وقت ہو چکا ہے — ہم کیوں نہ نماز بھی ادا کر لیں!
بہتر نہیں ہوگا کہ اس دروازے کو پار کرنے کے بعد
کریں — نہ جانے اوپر کیا ہے — مسافر کو یوں
کر پڑھنے کی اجازت ہے۔" شوکی بولا۔

ٹھیک ہے۔"

انھوں نے محسوس کیا کہ وہ پانی کی سطح پر آ چکے ہیں۔

www.pdfbooksfree.pk



"ہائیں — ہم تو پانی کی سطح پر ہیں — اور اوپر —" فاروق جملہ مکمل نہ کر سکے — وہ حیرت زدہ انداز میں چاروں طرف دیکھ رہے تھے۔

"ہم — ہم اس وقت جزیرے کے اندر ہیں — سارا سب کچھ — یہ جزیرہ برمودا ہے؟"

"اوہ — اوہ — وہ حیرت زدہ تھے۔

اب انھوں نے لانچ کو پھر لانچ میں تبدیل کیا — وہ ایسا کر سکتے تھے بہت بڑی جھیل میں تھے — جھیل کا پانی بہت تیزی سے اوپر نیچے حرکت کرتا محسوس ہو رہا تھا۔ جھیل کے کناروں پر بہت بڑی بڑی مشینیں لگی تھیں۔

"خان رحمان — جھیل کے کنارے کی طرف چلو — کنارے پہنچ کر ہم سب سے پہلے نماز ادا کریں گے۔"

چند منٹ بعد وہ کنارے پر موجود تھے — اور پھر وہ کے بعد نماز ادا کر رہے تھے جونہی انھوں نے سلام پھیرا — اپنے اردگرد بہت سے لوگوں کو چوکس کھڑے دیکھا — ان کے ہاتھوں میں جدید اسلحہ تھا اور سارے اسلحہ کا رُخ ان کی طرف

"تم لوگ کون ہو — اور یہاں کس طرح پہنچ گئے؟"

"جزیرے کے مہمان — سمندر کے راستے آئے ہیں۔"

"جھوٹ ہے — جب سے ہم نے اس جزیرے کو بند کیا ہے



ئی ہو — جو اس راستے سے اندر آ گئے ہو — ورنہ
ہ اور ہمارے کچھ خاص لوگوں کے علاوہ کسی کو
نے کا علم نہیں۔"

کانگو —" فاروق بول پڑا۔

— تو تم نے ہی اس راستے کے بارے میں کانگو سے
ہے — لیکن نہیں — کانگو کو تو ہمارے ہی کارندے
یا کر دیا تھا — کیونکہ اس کے پیچھے کچھ جاسوس لگ
ے اور خطرہ پیدا ہو گیا تھا کہ اس سے راستہ نہ معلوم کر
— اوہ — تو تم وہی جاسوس ہو؟
میں آئے سمجھ لو — لیکن یہ سب چکر کیا ہے — بس
ہ؟"

— ہمارے قریب تم لوگوں سے مل کر بات کریں گے۔
بتانا پسند کریں گے — بتا دیں گے۔"

اسلحہ کی زد میں لے کر انھیں ایک طرف بڑھنے کا اشارہ
— انھیں لانچ کو جوں کا توں چھوڑنا پڑا۔ تین منٹ تک
کے بعد وہ برف جیسی سفید ایک عمارت کے سامنے پہنچ
— اس دوران انھوں نے چاروں طرف سے جزیرے کا
یا تھا — جزیرہ بہت بڑا تھا — لیکن بالکل بے آباد
تھا — چاروں طرف نوکیلی چٹانیں سر اٹھائے جیسے کسی کا

www.pdfbooksfree.pk



انتظار کر رہی تھیں — برف جیسی بیسیوں عمارات انھیں نظر آئیں — ان میں سے سفید سفید دھواں مسلسل اٹھ رہا تھا۔ عمارات سے باہر کوئی آدمی نظر نہیں آرہا تھا — سوائے ان لوگوں کے جو انھیں یہاں تک لائے تھے۔

"کیا اس جزیرے کی پوری آبادی کو یہاں سے نکال دیا گیا ہے؟"

"زیادہ تر آبادی خود بخود اس جزیرے کو چھوڑ کر چلی گئی تھی — باقی لوگوں کو ہم نے نکلنے پر مجبور کر دیا — کیوں کہ ہم یکسو ہو کر اپنے تجربات میں گم ہو جانا چاہتے تھے۔"

"تو ان عمارات میں سائنس دان حضرات تجربات میں مصروف ہیں۔" انسپکٹر جمشید بولے۔

"ہاں بالکل —" وہی بولا جو شروع سے ان سے بات چیت کر رہا تھا۔

"اور وہ تجربات کیا ہیں — جہازوں کو غائب کرنے کے تجربات؟"

"نہیں — لیکن یہ باتیں تم ہمارے آفیسر سے ہی کرنا۔" اس نے کہا۔

اور پھر جونہی وہ دروازے پر پہنچے، وہ خود بخود کھل گیا — وہ اندر داخل ہو گئے — اس عمارت کی بناوٹ جس قدر باہر سے عجیب تھی۔ اندر سے اس سے بھی زیادہ عجیب تھی — سکون تھوں کے



— اندر کمرے بھی سکونی شکل کے تھے — بلکہ ہر چیز سکونی شکل کی — یہ دیکھ کر ان کے ذہنوں میں برمودا سکون کا لفظ گردش کرنے لگا۔

"دراصل ہم لوگوں کا ہیڈ کوارٹر ہے — سائنس دانوں کو ہدایات یہیں سے نشر ہوتی ہے — یا سائنس دان کوئی بات معلوم کرتے ہیں تو یہیں رپورٹ کرتے ہیں — یہاں مسٹر شاش ہیں — ان سے بات چیت کرتے وقت احترام کا خیال رکھنا۔ — اور ہاں — جھیل کے کنارے رہتے تھے۔"

"جناب کی عبادت؟"

"عمارت کے اندر انچارج کی موجودگی میں ایسا کوئی کام نہ کرنا جو ان باتوں سے بہت چڑتے ہیں — جب تمہاری گاڑی والے دروازے میں داخل ہوئی تھی — انھوں نے تم لوگوں کو دیکھ لیا تھا — اگر وہ چاہتے تو تمہیں گرفتار کر لیتے — تمہاری لانچ کو چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں میں بدل دیتے — لہٰذا انھوں نے ملنا ہی پسند کیا — ورنہ تم یہاں نہ آ سکتے۔"

"تو ہمیں ان کا شکریہ ادا کرنا چاہیئے؟"

"ضرور — ان کا شکریہ ادا کرنا —" وہ مسکرایا۔

www.pdfbooksfree.pk



اور پھر ایک کمرے کے سامنے انھیں پہنچا کر وہ واپس مڑ گئے

"آپ جا رہے ہیں؟"

"ہاں! میری حد یہیں تک تھی — میں آگے نہیں جا

"تو ہمارے یہاں پہنچنے کی اطلاع مسٹر ٹمباش کو اطلاع تو

"انھیں اطلاع ہے — جب مناسب سمجھیں گے — ا
لیے دروازہ کھول دیں گے" — اس نے کہا۔

وہ لوگ اسی راستے سے واپس چلے گئے — انھوں نے
دوسرے کی طرف دیکھا۔

"مجرموں کی طرح یہاں لا کھڑا کیا — اب مسٹر ٹمباش نہ
کب حاضری کی اجازت دیں گے"

"بہت جلد — فکر نہ کرو" — دیواروں میں سے آواز آئی

"ارے باپ رے — اس عمارت کی تو دیواریں بھی
ہیں —" آفتاب نے لرز کر کہا۔

"جو نہیں — میں نے تم لوگوں کو پہچان لیا ہے — تم
کے چالاک ترین لوگ ہو — ہمارے ان گنت منصوبوں
خاک میں ملا دینے والے — لیکن اس بار تم بہت بُ
پھنسے ہو —" ٹمباش کہتا چلا گیا۔

"وہ کیسے مسٹر ٹمباش —" محمود کے منہ سے نکلا۔

"وہ اس طرح کہ یہاں سے واپسی تم لوگوں کے لیے

— اونچا اوپر آسکتی تھی — اس راستے سے نیچے
آسکے گی — جب تک کہ میں نہ چاہوں"

"پھر ہم ضرور جائیں گے — کیوں کہ آپ کو یہ چاہنا
ہے"

"نہیں، بچے ہاتھوں تم لوگوں کا صفایا ہو جائے گا۔
آنے والے دن تم ہماری حکومت اور کئی بڑی حکومتوں کے لیے
بنے رہتے ہو"

"اچھا — یہ بات تو ہمیں معلوم ہی نہیں تھی — کمال
— ہم تو سربمہر بن جاتے ہیں —" فاروق نے خوش

"ویسے ویسے — دراصل میں نے ابھی ابھی کمپیوٹر کے
ذریعے تم لوگوں کے بارے میں معلومات حاصل کی ہیں — اور
اس کے اندر میرے دماغ کے اندر آلات کے ذریعے
بھر دی گئی ہیں"

"اچھا — کمال ہے — ایسا بھی ہونے لگا ہے"
"اگر میں وہ معلومات پڑھنے بیٹھتا — تو مجھے دو تین
لگ جاتے — لیکن اس طرح ایک منٹ سے بھی
میں تمام معلومات میرے دماغ میں منتقل ہو

www.pdfbooksfree.pk



"حیرت ہے۔"

"تم چاہو تو اپنے بارے میں مجھ سے سوالات کر سکتے ہو۔"

"اچھا بتایئے — محمود کا تکیہ کلام کیا ہے۔" فاروق نے جلدی سے کہا۔

"وحشت تیرے کی —" آواز سنائی دی۔

"منور علی خان کون ہیں؟"

"ایک عالمی شکاری —" آواز سنائی دی۔

"بس کافی ہے — ہمیں یقین آ گیا۔"

"تو پھر اس بات کا بھی یقین کر لو — کہ میں تم لوگوں سے نبٹ سکتا ہوں اور تم میرا کچھ بھی نہیں بگاڑ سکتے۔" اس نے کہا۔

"ہمیں ایسا کرنے کی فی الحال ضرورت بھی نہیں — آخر ہمارا آپ کا جھگڑا کیا ہے — ابھی تو یہ بھی طے نہیں ہوا۔"

"خیر — اب میں تم لوگوں کو ملاقات کا موقعہ دیتا ہوں۔" ان الفاظ کے ساتھ ہی دروازہ کھلا — وہ اندر داخل ہوئے — انھوں نے دیکھا — اندر بالکل غار جیسا ایک بڑا کمرہ تھا۔ ایک آدمی ایک آرام کرسی میں دھنسا ہوا تھا — اس کے آس پاس دائیں بائیں — اور سامنے — آلات ہی آلات نصب تھے — اس کے سامنے کرسیاں پڑی تھیں — ان کی طرف اشارہ کرتے

ہوئے اس نے کہا۔

"تشریف رکھیں — آپ لوگوں کا خیال بالکل غلط ہے۔"

"مطلب — کون سا خیال؟"

"انسانوں اور انسانوں کو غائب کرتے ہیں ہمارا ہاتھ نہیں بلکہ خود ہمارے ملک کے جہاز اور مسافر سب سے زیادہ غائب ہوئے ہیں۔"

"پہیلی نہ بجھوائیں — اس جزیرے کو بند کیوں کیا گیا ہے۔"

"یہاں کے غائب ہونے کا راز جاننے کے لیے۔"

"مطلب؟" وہ ایک ساتھ بولے۔

"تقریباً سو سال سے اس جگہ میں ہیں — کہ آخر جہاز کیوں غائب ہو جاتے ہیں — مسافر کہاں چلے جاتے ہیں بلکہ پرسوں ہی پانی پر کھڑے ہوئے کچھ لوگ بھی غائب ہوئے ہیں — ہم یہ راز جاننے کی ہم سر توڑ کوشش کرتے رہے ہیں۔ کامیاب نہیں ہو سکے — ہم نے سمندر کی تہ کو چھان مارا کسی جہاز کا کوئی حصہ بھی ہمیں نظر نہیں آیا — نہ کوئی لاش مل سکی۔ انسانی لاشوں کے بارے میں تو خیر سوچا جا سکتا ہے کہ انھیں مچھلیاں ہڑپ کر گئی ہوں گی لیکن جہازوں کا تو مچھلیاں ہڑپ نہیں کر سکتیں — آخر وہ کہاں چلے جاتے ہیں اگر ٹوٹ پھوٹ جاتے ہیں تب بھی ان کے

www.pdfbooksfree.pk



ٹکڑے تو ہمیں ملنے چاہئیں۔ لیکن نہیں ملتے ۔۔۔ آج تک
ایک ٹکڑا نہیں مل سکا۔ ان حالات میں ہم نے اس جزیرے
پر ایک عالمی تجربہ گاہ قائم کرنے کا فیصلہ کیا۔ اس تجربہ گاہ
میں ہمارا ملک یعنی انشاریہ روناس اور چند اور بڑے ملک
شامل ہیں ۔۔۔ اور ہم سب مل کر غائب ہونیوالے جہازوں
کا راز جاننے کی کوشش کر رہے ہیں ۔۔۔ آج نہیں تو
کل ۔۔۔ کل نہیں تو پرسوں ۔۔۔ سال میں ۔۔۔ دو سال میں
دس سال میں ۔۔۔ یا جتنا وقت بھی لگ جائے ۔۔۔ ہم یہ
راز معلوم کر کے رہیں گے۔"

"اور بس ۔۔۔" انسپکٹر جمشید نے سوالیہ انداز میں کہا۔

"اور بس کیا ۔۔۔ راز جاننے کے بعد ہم جہازوں کی گمشدگی
کا سلسلہ بند کرنے میں کامیاب ہو جائیں گے ۔۔۔ کیوں کہ
اس صورت میں بچاؤ کیا جا سکتا ہے۔"

"اور بس!" انسپکٹر جمشید پراسرار انداز میں بولے۔

"پھر وہی اور بس ۔۔۔ آپ کیا کہنا چاہتے ہیں ۔۔۔"
ٹباش نے حیران ہو کر کہا۔

"یہ کہ ۔۔۔ آپ کسی اور چکر میں ہیں ۔۔۔ اصل چکر یہ
نہیں ہے ۔۔۔" وہ بولے۔

"نہیں۔ یہ غلط ہے ۔۔۔ اصل چکر یہی ہے۔"

یقین نہیں کر سکتا ۔۔۔" انسپکٹر جمشید نے پُرزور لہجے

کیوں ۔۔۔ وجہ؟" اس کے لہجے میں حیرت تھی۔

ذہن میں ایک بات بہت دیر سے کلبلا رہی ہے
اس بات نے مجھے کچھ اور ہی سوچنے پر مجبور کر دیا ہے۔"

وہ بات کیا ہے ۔۔۔" ٹباش کے لہجے میں پہلی مرتبہ
تشویش آئی۔

لوگ دراصل اس طاقت کو قابو میں کرنے کے چکر میں
جہازوں کو غائب کر دیتے ہیں ۔۔۔ اگر آپ لوگ ایسا
کامیاب ہو جاتے ہیں ۔۔۔ تو پھر پوری دنیا آپ
ہو گی۔"

! ٹباش اتنی زور سے چلایا کہ وہ سب حیران رہ

انسپکٹر جمشید بھی کم حیران نہیں تھے۔

www.pdfbooksfree.pk



# روبوٹ کی چیخ

"مسٹر ــــ انسپکٹر جمشید ــــ یہ تم نے کیا کہا" ٹیلش سرسراتی آواز میں کہا۔

"کیا ــــ آپ ناراض ہو گئے"

"نہیں ــــ میں حیران ہو گیا ــــ یہ خیال تمہیں آ کیسے گیا"

"گویا میرا خیال بالکل درست ہے ــــ" انسپکٹر جمشید نے کہا۔

